روایات کی یہ توجیہ اس بارے کی بہت سی صحیح احادیث کے موافق ہے کہ مسلمانوں کے بہت سے گروہ جہنم میں داخل ہوں گے۔ لیکن آخر کار برائیوں کی میل سے نکھر کر اس سے نکل آئیں گے۔

ان احادیث کے بارے میں یہ دونوں توجیہات نہایت عمدہ اور احسن ہیں اس بارے میں اور بہت سے اقوال بھی ہیں۔ جنہیں شارحین حدیث نے نقل کیا ہے چنانچہ

ایک گروہ کہتا ہے۔ "یہ احادیث قرآنی آیات، صحیح احادیث اور جماع علماء سے منسوخ ہو چکی ہیں۔ دوسری صحیح احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل توحید لامحالہ جنت میں داخل ہوں گے۔ اگرچہ ایک زمانہ تک نہیں جہنم کے عذاب میں مبتلا رہ پڑے گا۔"

دوسرا گروہ کہتا ہے "اس قسم کی احادیث ابتداء اسلام میں تھیں۔ اب نہیں"

تیسرا گروہ کہتا ہے "یہ احادیث اس شخص سے متعلق ہیں۔ جو ان برائیوں کو حلال کرتا ہو۔ نہ کہ اس کے متعلق جو انہیں کرتا تو ہو لیکن حرام سمجھتا ہو۔ لہذا جو شخص چغلی کھانے، قطع رحمی کرنے اور معاہد ذمی لوگوں کا خون بہانے کو حلال سمجھتا ہے وہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔ اس لیے کہ حرام چیز کو حلال قرار دینا کفر ہے"

کی گفت و شنید میں اس کی مثال یوں سمجھئے کہ کچھ لوگ حج کو جانا چاہتے ہیں۔ کیا آپ بھی حج کو چلو گے؟ اس کے جواب میں آپ کہتے ہیں "نہیں میں نہیں جاؤں گا" ظاہر ہے کہ آپ کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کبھی بھی حج کو نہیں جائیں گے۔ بلکہ آپ کا خیال خاص سال میں جانے کا نہیں ہے۔ جس میں وہ لوگ جا رہے ہیں۔ اسی طرح جب کوئی آپ سے کہتا ہے کہ کیا آپ میرے ساتھ فلاں مکان تک چلیں گے؟ اور آپ جواب میں کہتے ہیں کہ "نہیں" تو اس وقت آپ کی مراد ہرگز یہ نہیں ہوتی کہ آپ کبھی وہاں نہ جائیں گے۔ بلکہ اس خاص گھڑی میں نہ جائیں گے جس میں جانے کے لئے وہ شخص آپ سے کہہ رہا ہے۔ یہ ایک نہایت ہی واضح کلام ہے جو لغت میں جائز اور فصیح ہے۔ اب چونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عرب تھے۔ لہٰذا دوسرے اہل عرب کی طرح آپ بھی اپنے کلام میں انہی کا طرز اختیار کرتے تھے۔ اسی طرح جب کسی آدمی میں خدا کا تقویٰ اور خوف کم ہو تو آپ کہتے ہیں کہ "فلاں آدمی اپنے اندر خدا کا تقوے اور خوف نہیں رکھتا" اگرچہ تقوے و خوف کی اصل اس میں موجود ہو۔ اسی طرح جب انسان اپنے اندر لوگوں کا بہت کم خوف، اور خبث رکھتا ہو تو آپ کہتے ہیں کہ "فلاں آدمی نہ کسی سے ڈرتا ہے، نہ کسی سے محبت کرتا ہے اور نہ کسی سے امید وابستہ رکھتا ہے" اس سے آپ کا مقصد یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ اس میں یہ

# تحریم من قال لا الہ الا اللہ علی النار

## جس نے لا الہ الا اللہ کہا وہ جہنم میں داخل نہیں ہوگا

حضرت عبادہ بن صامتؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ" جس نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی شہادت دی۔ اللہ نے اس کو آگ سے بچا لیا۔

حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "حَقُّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ اَنْ يَّعْبُدُوْهُ وَلَا يُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَحَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ اَلَّا يُعَذِّبَ مَنْ لَّا يُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا" اللہ کا بندوں پر حق یہ ہے کہ وہ اس کی عبادت کریں۔ اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں۔ اور بندوں کا اللہ پر حق یہ ہے کہ جب وہ اس کے حق کو بجا لائیں تو انہیں عذاب نہ کرے۔

حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "مَا مِنْ عَبْدٍ يَّشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ" کہ جو بندہ بھی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

چوتھا گروہ کہتا ہے کہ ان احادیث کا انداز بیان ایسا ہے کہ لفظ تو عام ہے مگر اس سے مراد خاص ہے۔ چنانچہ یہ احادیث اگرچہ اس بارے میں عام ہیں کہ جس نے بھی ان برائیوں کو کیا وہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔ خواہ وہ مسلم ہو یا کافر۔ لیکن دراصل اس جگہ مراد کافر ہی ہے اور اس کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ کہ شریعت اور فصیح لغت میں بہت سی عام چیزوں سے مراد خاص چیزیں ہوتی ہیں۔"

پانچواں گروہ کہتا ہے ان احادیث کا مقصد صرف گنہگاروں کو ملامت کرنا اور خوف دلانا ہے۔ ورنہ حقیقت میں ایسا نہیں جیسا کہ ان احادیث میں بیان کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ اور بہت سے اقوال ہیں۔ یہ تمام اقوال ایسے ہیں جو کچھ بھی وزن نہیں رکھتے بلکہ ان میں سے بعض تو ملحدوں کے اقوال ہیں۔ جیسا کہ آخری قول ہے۔

س کو جہنم کی خطرناک گھاٹی سے گزرنا ہوگا۔ چنانچہ فرمایا

| | |
|---|---|
| فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّينَ الَّذِينَ هُمْ | پس نمازیوں کے لئے ویل ہے جو اپنی |
| عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ (ماعون) | نمازوں سے تغافل و بے اعتنائی برتتے ہیں۔ |
| فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ | پس ان کے بعد ایسے ناخلف لوگ جانشین ہو |
| أَضَاعُوا الصَّلَوٰةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ | جنہوں نے نماز کو ضائع کیا اور اپنی خواہشات کی |
| فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا (مریم ۴) | پیروی کی پس عنقریب وہ ہی ویل و ہلاکت پائیں گے |
| فَإِن تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَ | پس اگر وہ توبہ کرکے نماز قائم کریں اور زکوٰۃ |
| آتَوُا الزَّكَوٰةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ (توبہ ۱۱) | ادا کریں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں۔ |

دوسری آیت میں ہے فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ (تو ان کا رستہ چھوڑ دو اور انہیں کسی قسم کی تکلیف نہ دو)

لہٰذا معلوم ہوا کہ جس شخص نے توبہ کرکے لا الہ الا اللہ نہیں کہا، نہ نماز قائم کی اور نہ زکوٰۃ ادا کی تو مومنین اس کا راستہ نہ چھوڑیں گے بلکہ اس سے ایک جنگ کریں گے ظاہر ہے کہ جس سے جنگ کرنا مومنین پر واجب ہو وہ ان میں سے نہیں ہو سکتا اور جنت کا وارث نہیں بن سکتا۔ اسی طرح جس نے نماز و زکوٰۃ کو قائم نہیں کیا وہ بھی ان میں سے نہیں ہو سکتا۔ خواہ وہ زبان سے ہزاروں مرتبہ لا الہ الا اللہ کا ورد کرتا رہے۔ وہ ان کا بھائی نہیں ہو سکتا کیونکہ آیت نے ان کا ان کی بجا آوری ہی کو اسلامی اخوت کے

کی شہادت دیتا ہے اللہ نے اسے آگ سے محفوظ کر لیا"

حضرت عتبان بن مالک سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو شہادت دیتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اس کا رسول ہوں وہ جہنم میں داخل نہ ہوگا" دوسری روایت میں ہے "تطعمہ النار" اسے آگ نہ کھائے گی۔

یہ تمام روایات صحیح ہیں جنہیں اصحاب صحاح ستہ نے اور دوسرے محدثین نے روایت کیا ہے۔ ان روایات پر تکیہ کر کے بعض لوگوں نے یہاں تک غلو کیا ہے کہ کہنے لگے کہ "جس نے لا الہ الا اللہ کی شہادت کو ادا کر دیا وہ جنتی ہے اور دوزخ سے نجات پا چکا اگرچہ وہ ہر قسم کی بدکاری اور گناہ سے آلودہ ہو۔ اور اس نے بھولے سے بھی کوئی نیک کام نہ کیا ہو" حالانکہ اس قول کا ظاہری مطلب دین و صواب سے دور کا بھی تعلق نہیں رکھتا اور وہ دین کے قطعی اصولوں اور جملہ آئمہ اسلام کے اجماع عقل اور ہدایت کے خلاف ہے۔ قرآن و حدیث میں ایک جگہ نہیں بلکہ سینکڑوں جگہ یہ بتایا گیا ہے۔ کہ جس نے نماز یا اسلام کے بڑے ارکان میں سے کوئی رکن چھوڑ دیا اس کا ٹھکانا آگ ہے اور اس کا انجام اللہ کا غضب ہے۔ قرآن کا صاف اعلان ہے کہ جس نے اللہ کی نافرمانی کی اسے آگ میں ڈالا جائے گا۔ اور

وَنُودُوا أَن تِلْكُمُ الْجَنَّةُ — اور انہیں آواز دی جائے گی کہ اس جنت کے

وَرِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (الاعراف ۴۳) — وارث بنا دیئے گئے اپنے ان اعمال کی وجہ سے جو تم

تَعْمَلُونَ — کرتے تھے۔

هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ — کیا انہیں انہی عمال کا بدلہ دیا جائے گا۔ جو قلب

اس قسم کی بے شمار آیات اور بھی ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ عمل کے بغیر ایمان ایک بے فائدہ چیز ہے بلکہ اس کا وجود ہی نہیں۔ علماء اسلاف کہا کرتے تھے۔ الْإِيمَانُ قَوْلٌ وَفِعْلٌ وَعَقِيدَةٌ (یعنی ایمان مجموعہ ہے قول فعل اور عقیدہ کا) اور تمام اہل حق اسی کے قائل ہیں۔

قرآن نے مومنین کو بار بار یہ تعلیم دی ہے کہ

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا — اے وہ لوگو جو صرف زبان سے

بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِي نَزَّلَ عَلَىٰ رَسُولِهِ — کہ رسول پر اور اس کتاب پر جو اس نے

وَجَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ — اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور

فِي سَبِيلِ اللَّهِ — اللہ کی راہ میں

اور یہ کہ

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا — مومن تو صرف وہ لوگ ہیں کہ جب

ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَإِذَا — اللہ کا ذکر ہوتا ہے تو ان کے دل لرز جاتے

تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ — ہیں اور جب ان پر اللہ کی آیات پڑھی جاتی

لیے شرط قرار دیا ہے۔ نیز ہم جانتے ہیں کہ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ (مومنین تو آپس میں ایک دوسرے کے بھائی ہیں) لہٰذا جو شخص ان کا بھائی نہیں ہے وہ مومن بھی نہیں ہے۔ قیامت کے روز اہل جہنم اس بات کا اعتراف کریں گے۔ کہ انہیں جہنم میں داخل کرنے والی سب سے پہلی چیز ان کا نیک اعمال کو ترک کرنا ہے چنانچہ جب ان سے جہنم میں گرائے جانے کی وجہ پوچھی جائے گی تو وہ جواب دیں گے۔

| | |
|---|---|
| لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ (مدثر ۲) | ہم نمازیوں میں سے نہ تھے۔ اور ہم مسکین کو کھانا نہ کھلایا کرتے تھے۔ |

اور ایک نہیں بلکہ متعدد آیات میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ جنت کے حق دار وہی لوگ ہوں گے جو ایمان لاکر نیک اعمال کریں گے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا (کہف آخر) | بیشک جن لوگوں نے ایمان لاکر نیک اعمال کئے ان کے لیے (آخرت میں) مہمانی کے طور پر فردوس کے باغات ہوں گے۔ |

بلند جنت کی طرف چلنے کا راستہ بھی اللہ تعالےٰ نے عمل صالح کو قرار دیا ہے۔

| | |
|---|---|
| اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ | جنت میں داخل ہو جاؤ اپنے ان اعمال کی وجہ سے جو تم کرتے تھے۔ |

دوسری آیت میں فرمایا۔

| | |
|---|---|
| وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ | اور اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہے جس کو |
| بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ | اس کے رب کی آیتیں یاد دلائی گئیں |
| عَنْهَا اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ | پھر اس نے ان سے منہ پھیر لیا بیشک |
| مُنْتَقِمُوْنَ (سجدہ ع ۲) | ہم مجرموں سے بدلہ لینے والے ہیں۔ |

اس سے بھی سخت ڈانٹ وہاں بندگی ہے جہاں فرمایا۔

| | |
|---|---|
| وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ | اور جنہوں نے اللہ کے نازل کردہ (قرآن و حدیث) |
| اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ | کے مطابق فیصلے نہیں کئے وہی لوگ دراصل کافر ہیں۔ |

دوسری آیت میں فرمایا فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (وہی لوگ دراصل ظالم ہیں) تیسری آیت میں فرمایا فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (وہی لوگ دراصل فاسق ہیں) نیز فرمایا۔

| | |
|---|---|
| فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى | یہ نہیں (اے پروردگار) کی قسم ہے کہ یہ لوگ اس |
| يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا | وقت تک ایمان نہیں لا سکتے جب تک کہ |
| يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا | اپنے باہمی جھگڑوں میں تجھے (اپنا) حاکم اور |
| قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔ (نساء ع ۹) | فیصل نہ مقرر کر لیں۔ اور یہی نہیں بلکہ |

اس وقت جب کہ تیرے فیصلے سے وہ اپنے دلوں میں کوئی تنگی محسوس نہ کریں بلکہ بسر و چشم اسے تسلیم کر لیں۔

یہ تمام آیات اس بات کی دلیل ہیں کہ محض شہادتیں (لا الٰہ الا اللہ محمد

| | |
|---|---|
| اِیْمَانًا وَّعَلٰی رَبِّهِمْ یَتَوَكَّلُوْنَ الَّذِیْنَ | ہیں۔ تو ان کے ایمان کو تقویت حاصل ہوتی |
| یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ | ہے۔ اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں |
| یُنْفِقُوْنَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ | (ان کا کام یہ ہے کہ) نماز قائم کرتے ہیں جو کچھ |
| حَقًّا (انفال ۱) | ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ یہی حقیقی مومن ہیں۔ |

سورہ بقرہ کے شروع میں ارشاد ہے۔

| | |
|---|---|
| ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْهِ | کتاب بس قرآن ہی ہے جس میں کوئی شک نہیں |
| هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ | یہ قرآن ان متقین کے لئے سچی ہدایت ہے |
| بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا | جو اللہ پر بن دیکھے ایمان رکھتے ہوئے نماز |
| رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ | قائم کرتے اور ہمارے دئے ہوئے مال سے خرچ |
| یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَآ اُنْزِلَ | کرتے ہیں۔ جو تیرے اور تجھ سے پہلے انبیاء |
| مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ | پر اتری ہوئی کتابوں اور پیغامات پر ایمان اور |
| اُولٰٓئِكَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ | آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ دراصل اپنے |
| وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ | پروردگار کی ہدایت پر ہیں۔ اور فلاح و |
| | کامرانی انہی کا حصہ ہے۔ |

نافرمانوں کو تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا

| | |
|---|---|
| وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ | اور جس نے اللہ اور رسول کی نافرمانی کی تو اسی |
| لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ (پ ۲۹) | کے لئے جہنم کی آگ ہے۔ |

سلم ـــــ آپ نے فرمایا جس نے قسم کھائی
جنت کی اس نے سارے قرآن کی بہت کی ـــــ
آپ نے فرمایا تم میں سے کوئی جنت میں نہیں جا سکتا تاوقتیکہ اپنے بھائی کے لیے بھی وہی
پسند نہ کرے جو اپنے لیے چاہتا ہے ـــــ آپ نے فرمایا "تم
جنت میں داخل نہیں ہو سکتے جب تک ایمان نہ لاؤ۔ اور تم ایمان نہیں لا سکتے
تاوقتیکہ آپس میں ایک دوسرے سے محبت نہ کرو" ـــــ آپ نے
فرمایا "اللہ کی قسم وہ شخص ایمان
نہیں لاتا جس کے شر و خباثت سے اس کا ہمسایہ محفوظ نہیں
رہتا" ـــــ آپ نے فرمایا "ایک
عورت ایک بلی کی وجہ سے آگ میں داخل ہوئی" ـــــ آپ نے
فرمایا "بنی الاسلام علی خمس" اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔
(۱) کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی شہادت دینا (۲) نماز قائم
کرنا (۳) زکوٰۃ ادا کرنا (۴) رمضان کے روزے رکھنا۔ (۵) اور اگر
راستہ کے خرچ کی طاقت ہو تو بیت کا حج کرنا) جب جبرئیل نے آپ سے
اسلام کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا "اسلام نام ہے شہادت

رسول اللہ۔ انسان کو کفر سے اور پھر آگ سے نہیں بچا سکتیں۔ نہ اس کے لئے جنت کے داخلہ کا سبب بن سکتی ہیں۔ ہم ہر نافرمانی پر آگ یا غضب یا محرومیٔ جنت کی دھمکی پاتے ہیں چنانچہ قرآن کے سود خوروں کو نہایت ہی سخت الفاظ میں ڈانٹ بتلائی ہے اور اسی طرح زنا، قتل، چوری، ظلم اور سرکشی کے نہایت بھیانک انجام بیان کئے ہیں صحیح مسلم اور دوسری کتابوں میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مَنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ فَقَدْ كَفَرَ (جس نے نماز کو ترک کیا اس نے کفر کیا) آپ نے فرمایا اَلْعَهْدُ الَّذِيْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَهُمُ الصَّلٰوةُ فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ (ہمارے اور ان کے درمیان جو عہد ہے وہ نماز ہے لہٰذا جس نے نماز کو ترک کیا اس نے کفر کیا) ——— آپ نے فرمایا لَا يَزْنِي الزَّانِي حِيْنَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِيْنَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ (ایسا نہیں ہوتا کہ زانی زنا بھی کرے اور زنا کرتے وقت مومن بھی رہے۔ ایسا نہیں ہوتا کہ چور چوری بھی کرے اور چوری کرتے وقت مومن بھی رہے اور ایسا نہیں ہوتا کہ شرابی شراب بھی پئے اور شراب پیتے وقت مومن بھی رہے) ——— آپ نے فرمایا لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ نَمَّامٌ (جنت میں چغل خور داخل نہ ہوگا۔ بخاری و مسلم) ——— آپ نے فرمایا لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعُ رَحِمٍ (جنت میں قطع رحمی کرنے والا داخل نہ ہوگا

کلمہ شہادت "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کو کرلینا اس پر آگ حرام ہے خواہ وہ اللہ و رسول کے علاوہ ہر چیز کا انکار کرے۔ وہ فرشتوں اور انبیاء کا بھی انکار کر سکتا ہے۔ اور اس کے لئے قیامت اور مابعد الموت کے حالات کا انکار بھی جائز ہے ——— حالانکہ ایسا کوئی مسلمان نہیں کہہ سکتا لہذا معلوم ہوا کہ احادیث کے ظاہری الفاظ ہی کو لے لینا صحیح نہیں ہے۔

**احادیث کا صحیح مطلب** اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب احادیث کے ظاہری لفظ کو لینا صحیح نہیں ہے تو احادیث کا مطلب کیا ہے اور ان احادیث پر کس چیز کا حکم لگایا جا سکتا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ حدیث کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم ان احادیث کے پس منظر کو معلوم کریں اور پھر دیکھیں کہ کہنے والے نے کس حال میں انہیں کہا اور سننے والے نے کس انداز میں انہیں سنا۔ اگر ہم ان تمام شرائط پر نظر ڈالیں تو ہمارے لئے احادیث کو صحیح سمجھنا آسان ہو جائے گا۔ اور ہم کبھی غلط راہ پر نہیں چل سکیں گے۔ ورنہ اگر ہم پس منظر سے بے نیاز ہو کر محض الفاظ ہی سے انہیں سمجھنا چاہیں گے۔ تو لا محالہ اپنے تئیں غلط راہ پر پڑ جائیں گے۔ یہ حال احادیث ہی کا نہیں بلکہ ہر اس قول کا ہے جسے ہم سمجھنا چاہیں۔ جو شخص کسی قول کو سمجھنا چاہے اس کے لئے ناگزیر ہے

لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ" ادا کرنے، نماز قائم کرنے، زکوٰۃ ادا کرنے، رمضان کے روزے رکھنے اور بیت اللہ کا حج کرنے کا ——— آپؐ نے فرمایا "میں نے جہنم میں جھانک کر دیکھا کہ اس کی بیشتر آبادی عورتوں پر مشتمل تھی، صحابہؓ نے دریافت کیا "یا رسول اللہ! ایسا کیوں ہے" فرمایا "اس لیئے کہ کفران (ناشکری) کرتی ہیں" پوچھا "کیا اللہ کا کفران کرتی ہیں؟" فرمایا "نہیں بلکہ احسان کا" ——— نیز آپؐ نے فرمایا "جو اپنے باپ سے پھرگیا۔ اس نے کفر کیا" ———

یہ تمام احادیث صحاح ستہ اور حدیث کی دوسری کتابوں میں موجود ہیں صحیح مسلم میں ہے کہ آنحضورؐ نے فرمایا لوگوں میں دو چیزیں ایسی ہیں جو کفر ہیں۔ نسب میں طعن اور میت پر ماتم" صحیح بخاری میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُہٗ بِالْحَرْبِ "جس نے میرے کسی دوست سے دشمنی کی تو میں نے اس سے اعلان جنگ کر دیا ہے") اس مضمون کی صحیح احادیث شمار سے باہر ہیں۔ اور جن احادیث سے مخالفین نے دلیل لی ہے نہ وہ تعداد میں ان احادیث کے برابر ہیں اور نہ صحت میں۔

اس کے بعد بھی اگر مخالفین یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے لیئے مذکورہ احادیث کے ظاہری الفاظ ہی لے لینا جائز ہے تو انہیں یوں کہنا چاہیئے "جس نے

حرام کر دیا" کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص آگ پر حرام ہے جس نے آنحضورؐ کی طرف سے دی ہوئی دعوت کو قبول کر لیا اور یہ دعوت تھی اللہ کی توحید اور آنحضورؐ کے رسول ہونے کی تصدیق ۔ ۔ ۔ ظاہر ہے کہ صحیح معنی میں توحید کی تصدیق اس بات کی مقتضی ہے کہ اس دعوت کو قبول کر کے پورے اسلامی نظام اطاعت کو قبول کر لیا جائے۔ آپ کے قول کا منشاء ہرگز یہ نہیں ہے کہ ہر وہ شخص آگ پر حرام ہے جس نے زبان سے شہادتین کو ادا کر دیا ہو۔ خواہ وہ اس ادائیگی کے ساتھ اعمال کو ترک ہی کیوں نہ ہو۔ یہ چیز نہ مخاطبین میں موجود تھی اور نہ اس زمانہ میں شہادت کا یہ مطلب تھا۔ اور یاد رہے کہ آج روایات کا وہ مفہوم لینا جو اس وقت ذہن و خیال میں بھی نہ تھا کسی طرح درست نہیں ہے اور جو شخص ان اقوال کا ایسا مفہوم لیتا ہے وہ سراسر غلطی پر ہے پس جس نے بھی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی شہادت کو ادا کر دیا فرد نے اسے آگ پر حرام کر دیا" کے معنے یہ ہوئے کہ جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آیا اور آپ جانتے ہیں کہ ایمان کے لئے ضروری ہے کہ اس چیز کو بھی قبول کیا جائے اور اس پر عمل کیا جائے جسے لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں بھیجے گئے وہ کیا چیز تھی؟ وہ تھی "اعمال اور ارکان اسلام" اس چیز کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ایمان لانے والے پر فرض کیا ہے۔ اور جس نے اس پر عمل نہیں کیا اس کے لئے آگ اور

کہ ان ظروف و احوال کو ملحوظ خاطر رکھے جس میں متکلم اور مخاطب بات چیت کر رہے ہوں، تاکہ وہ کہنے والے کے مقصد کی تہ تک پہنچ سکے۔ ورنہ جو شخص ایسا نہ کرے گا اس کی لغزشیں اس کے صحیح اندازوں سے کہیں زیادہ ہوں گی۔ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس میں علماء کے درمیان قطعاً اختلاف نہیں۔

پس ضروری ہے کہ ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان لوگوں کے حالات کو سمجھیں جن کو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان احادیث کے ذریعے مخاطب فرمایا تھا تاکہ ہم اس طرح کی تجریدی سے محفوظ رہ سکیں۔ جب ہم نظر دوڑاتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ بعض لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں موجود تھے اور جن کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان احادیث کے ذریعے مخاطب فرمایا تھا۔ وہ صرف شہادتین لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا انکار کرتے تھے۔ اور جب ان میں سے کوئی شخص شہادتین کا قرار کر لیتا تو اعمال کا انکار نہ کرتا تھا اور ان اطاعات کو بجا لانے میں ذرا بھی کوتاہی نہ کرتا تھا۔ جنہیں لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں مبعوث ہوئے تھے۔ بلکہ پوری فروتنی کے ساتھ تابع فرمان بن جاتا تھا۔ پس آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور ان لوگوں کے درمیان اختلاف توحید اور شہادتین میں تھا۔ اعمال میں نہ تھا۔ لہٰذا آنحضورؐ کے قول "جس نے بھی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی شہادت دی اللہ نے اسے آگ پر

اللہ علیہ وسلم کے اقوال کا بھی منشا ہے۔

یہ تو پہلی توجیہ ہے جو صاحب بصیرت کے لئے پوری طرح کافی ہے لیکن ایک دوسری توجیہ یہ بھی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بعض لوگ ایمان لاتے تھے۔ لیکن عمل کے وقت کے پہنچنے سے پہلے پہلے یا تو انتقال کر جاتے تھے یا اللہ کی راہ میں شہید ہو جاتے تھے۔ موت انہیں اتنی مہلت ہی نہ دیتی تھی کہ وہ کوئی عمل کر سکیں۔ اگرچہ ان لوگوں نے کوئی عمل نہیں کیا لیکن وہ جنت کے حق دار اور جہنم پر حرام ہوں گے۔ ان احادیث میں اسی قسم کے لوگ مراد ہیں۔ چنانچہ بہت سے لوگ آپ پر ایمان لائے لیکن فوراً ہی آپ کی معیت میں جہاد کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ قبل اس سے کہ وہ نماز پڑھتے۔ یا روزہ رکھتے یا دوسرے ارکان پر کاربند ہوتے بلاشبہ ایسے لوگ جنت میں ہوں گے۔ یہ احادیث انہی لوگوں کے حق میں کہی گئی ہیں یہ تو توجیہ پہلی توجیہ سے دوسرے نمبر پر ہے۔

اب ایک تیسری توجیہ یہ ہے کہ اس میں شک نہیں کیا جا سکتا۔ کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول ہونے کی شہادت اور آپ پر ایمان لانے کے سلسلہ میں یہ چیزیں شامل ہیں کہ آپ کے رسول ہونے کی شہادت دی جائے۔ آپ کے لائے ہوئے پیغام .....

غضب کی وعید سنائی ہے لہٰذا جو شخص آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام پر عمل نہ کرے وہ اپنے ایمان میں سچا نہیں ہو سکتا۔

اس کی مثال یوں سمجھئے کہ آپ کو کسی شخص کے حقیقی دوست ہونے کا دعوے ہے لیکن اپنے دعوے کے ساتھ ان باتوں پر عمل نہیں کرتے۔ جو دوستی کا تقاضا ہیں اور جن کو محبت چاہتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ ایسی صورت میں کوئی نہ ہوگا جو آپ کے دعوے کی تصدیق کر سکے۔ آپ کسی طرح بھی اس کے حقیقی دوست نہ ہوں گے۔ اس لئے کہ محبت کرنے والا لامحالہ اپنے محبوب کا اطاعت گذار اور وفادار ہوتا ہے۔

ان احادیث کی مثال ایسی ہے کہ آج ایک شخص اٹھ کر بادشاہت طلب کرتا ہے اور لوگوں کی طرف ایک تحریری پیغام بھیجتا ہے کہ جو شخص آج مجھے اپنا بادشاہ تسلیم کرے گا۔ میں اس سے خوش ہوں گا۔ اور اسے ہمیشہ خوش رکھوں گا۔ اس پر کبھی خفا نہ ہوں گا اور کبھی تکلیف نہ پہنچاؤں گا۔ ——— تو کیا ممکن ہے کہ کوئی شخص اس کے اس اعلان سے یہ سمجھ لے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ "جو شخص میرے بادشاہ ہونے کا محض اعتراف ہی کرے گا اسے یہ انعام مل جائے گا خواہ وہ میری اطاعت نہ کرے۔ اور میرے قوانین اور فرض کردہ امور کو ماننے سے انکار کر دے اور میرے خلاف علم بغاوت بلند کر دے؟ ہرگز نہیں۔ پس اسی طرح رسول اللہ صلی

قول پر ایمان رکھ سکتا ہے۔ اور اس ایمان میں سچا ہو سکتا ہے؟

پس رسول پر ایمان لانا گرچہ جنت کا لیں دوزخ سے نجات دلا دیتا ہے لیکن وہ تب ہی ہے آپ کے لائے ہوئے پیغام کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتے ہوئے آپ کے اوامر و نواہی کی اطاعت و فرمانبرداری بجا لانے پر اس کے بغیر آپ کے رسول خدا ہونے پر ایمان نہیں ہو سکتا۔ جیسا کہ کسی شخص کے بادشاہ کا سچا خیر خواہ ہونے پر ایمان یہ ہے کہ اس کے ہر حکم کی اطاعت کی جائے اور اس کے ہر حکم کو پورا کیا جائے۔ ورنہ جن لوگوں کی طرف قاصد بھیجا گیا ہوگا۔ وہ منہ پر اپنے آپ کو بادشاہ کی طرف سے سامنے پیش کر رہے ہوں گے اور اس کے مقابلہ میں علم بغاوت بلند کر رہے ہوں گے۔ غرض رسول پر ایمان لانے میں ہر اس چیز پر ایمان شامل ہے۔ جسے رسول دنیا میں بھیجا گیا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ ان احادیث میں صرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کا ذکر ہے، باقی تمام نبیوں، فرشتوں اور کتابوں پر ایمان لانے کا ذکر نہیں ہے۔ اس لیئے کہ یہ تمام چیزیں خود بخود آپ پر ایمان لانے کے ضمن میں آ جاتی ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو محض محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا ہی جہنم سے نجات دلانے کے لیئے کافی ہوتا خواہ اس کے ساتھ باقی تمام نبیوں، کتابوں، فرشتوں اور آخری دن پر ایمان نہ لایا جائے ان روایات سے ہرگز یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اعمال ترک کر کے بھی انسان جنت میں پہنچ سکتا ہے جیسا کہ یہ روایات اس بات کو ظاہر

کی اطاعت و فرمانبرداری کی جائے اور آپ کے ہر امر و نہی کے آگے اپنا سر تسلیم خم کر دیا جائے۔ کسی انسان کا آپ پر ایمان مکمل ہو ہی نہیں سکتا تاوقتیکہ آپ کے لائے ہوئے پیغام پر ایمان نہ لائے اور جو ایسا نہ کرے گا مومن نہ ہوگا۔ اور نہ ہی وہ آپ کی رسالت کا سچا شاہد مانا جائے گا۔ اس لئے کہ آپ پر ایمان لانے کا مقصد ہی آپ کے لائے ہوئے پیغام، قول اور فعل پر اور آپ کے "من عند اللہ" ہونے پر ایمان لانا ہے۔ آپ کے رسول ہونے کی بنا پر آپ کی مخالفت اور نافرمانی جائز ہی نہیں بنتے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ کسی ڈاکٹر کے علاج میں غلطی سے محفوظ یقین کرنے کے معنی یہ ہیں کہ جب وہ علاج کرے۔ تو ہر اس چیز کو بجا لایا جائے جس کا وہ حکم دے۔ اور ہر اس چیز سے باز رہا جائے جس سے وہ منع کرے اور اپنے آپ کو پوری طرح اس کے حوالے کر دیا جائے۔ جو شخص بیمار ہونے کی حالت میں اس ڈاکٹر کی ہدایت کو ٹھکرا دے تو اس کا یہ عمل اس بات کا ثبوت ہوگا کہ اسے اس ڈاکٹر کی مہارت اور صحیح علاج پر ایمان ہی نہیں ہے جن لوگوں میں مشہور فکر کا تو ازن ہے وہ اسے سمجھتے ہیں۔ ذرا سوچئے کہ اگر ایک شخص کہے کہ "سیبویہ ایک بے نظیر نحوی تھا اور کبھی اس نے غلطی نہیں کی تھی" اور پھر برابر اس کی مخالفت کرتا اور اس کی نحو میں نکتہ چینیاں کرتا ہے کیسے سیبویہ کے

# جُودُ الشَّمْسِ تحت العرش

## (سورج کا عرش کے نیچے سجدہ کرنا)

ت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے
اب کے بعد پوچھا کیا تمہیں معلوم ہے کہ سورج کہاں جاتا ہے؟
اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا

| | |
|---|---|
| أَتَذْهَبُ حَتَّى تَسْجُدَ | یہ سورج جاتا ہے یہاں تک کہ عرش کے نیچے |
| ثُمَّ تَسْتَأْذِنَ فَيُؤْذَنَ | سجدہ کرتا ہے۔ پھر وہ اجازت چاہتا ہے تو |
| لَهُ حَتَّى تَكَادَ فَلَا يَقْبَلُ | اسے اجازت ملتی ہے اور قریب ہوتا ہے کہ |
| تَأْذَنَ فَلَا يُؤْذَنَ | سجدہ کرے لیکن اس سے قبول نہیں کیا جاتا |
| لَهَا ارْجِعِي مِنْ حَيْثُ | اور وہ اجازت چاہتا ہے تو اسے اجازت |
| جِئْتِ مِنْ مَغْرِبِكِ۔ | نہیں ملتی۔ تو اس سے کہا جاتا ہے کہ جہاں سے |

ٹ جاؤ۔ یہی حال رہے گا۔ یہاں تک کہ وہ دن آجائے گا جب وہ مغرب سے

اسی کو اللہ تعالیٰ نے یوں بیان کیا ہے وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا
ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ۔ اور سورج اپنے ٹھکانے کے مطابق چلتا ہے یہ زبردست

نہیں کرتی ہیں کہ وہ شخص جنت میں داخل ہو جائے گا جس نے عیسیٰ، نوح، آخری دن، جنت اور دوزخ سب کا انکار کر کے صرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان کو کافی سمجھ لیا ہو۔

آخر میں ان مخالفین کو چاہیئے کہ قرآن کی ان دو آیات پر غور کریں "بَلٰی مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ" (ہاں کیوں نہیں جن لوگوں نے بدی کمائی اور انہیں ان کے گناہوں نے گھیر لیا وہی دوزخ والے ہیں اور اس میں ہمیشہ رہیں گے) اور "اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا" (بلاشبہ جو لوگ یتیموں کا مال بے انصافی سے کھاتے ہیں وہ اپنے شکموں میں آگ بھرتے ہیں اور عنقریب جہنم میں داخل ہوں گے) واللہ اعلم بالصواب

نائب ہو جاتا ہے ——— دراصل اس گروہ نے روزمرہ کے مشاہدہ کی مخالفت کی کوئی ہمت نہیں کی۔

یہ دونوں گروہ غلطی پر ہیں اور واضح طور پر غلطی میں مبتلا ہیں۔ جیسا کہ اب کو مدیث کے لفظ لفظ کی تفسیر بیان کرنے سے معلوم ہوگا۔

پوری حدیث کو ہم چھ اجزاء میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

(۱) ——— سورج غروب ہوتا ہے

(۲) ——— سورج چلتا ہے۔

(۳) ——— یہ عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے۔

(۴) ——— یہ اجازت چاہتا ہے اور اسے اجازت ملتی ہے

(۵) ——— یہ چلتا ہے یہاں تک کہ عرش کے نیچے ٹھہر جاتا ہے۔ اور عرش اس کی جائے قرار (ٹھہرنے کی جگہ) ہے

(۶) ——— سورج کا رہا اپنے مغرب سے طلوع ہوگا۔

یہ ہیں حدیث کے چھ اجزاء اب ہمیں دیکھنا ہے کہ آیا ان میں سے خلاف مشاہدہ کوئی چیز ہے کہ نہیں؟

(۱) ——— پہلا جزو ہے کہ سورج غروب ہو جاتا ہے اس میں کوئی اشکال نہیں ہے اس لئے کہ غروب ہو جانے سے مراد چھپ جانا اور نگاہ سے اوجھل ہو جانا ہے۔ سورج چھپتا ہے ہمیں اس سے کوئی

اور بہتر علم رکھنے کا اندازہ ہے۔

اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے اور وہ قول کے ایک لفظ ہیں۔

| | |
|---|---|
| فَتَسْتَاذِنُ فِي السُّجُودِ فَيُوشِكُ | پھر وہ سجدہ کرنے کی اجازت چاہتا ہے تو |
| أَنْ يَسْجُدَ وَيُقَالُ لَهَا ارْجِعِي مِنْ | اسے اجازت ملتی ہے کہ ماکہ اس سے کہا جاتا |
| حَيْثُ جِئْتِ | ہے کہ جہاں سے تو آئی ہے وہیں لوٹ جاؤ۔ |

ایک گروہ اس حدیث کا یہ مطلب سمجھتا ہے کہ سورج ایک وقت میں زمین سے غائب ہو کر عرش کے نیچے سجدہ کرنے چلا جاتا ہے۔ ——— پھر اسی بنا پر یہ گروہ حدیث کا انکار کرتا ہے اور اس حدیث اور اس کے نقل راویوں میں نقائص بیان کرتا ہے۔ اس گروہ کا اعتراض یہ ہے کہ ہم حس و مشاہدہ وغیرہ کے مشاہدہ سے جانتے ہیں کہ سورج زمین سے کبھی جدا نہیں ہوتا بلکہ اگر ایک نصف کرہ سے غائب ہوتا ہے تو اسی وقت دوسرے نصف کرہ میں چمک رہا ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ اس طرح ساری زمین کو طے کر جاتا ہے ..... لہٰذا حدیث قبول نہیں کی جائے گی کیونکہ جو حدیث حس و مشاہدہ کے خلاف ہو اس کی تصدیق نہیں کی جا سکتی۔"

ایک دوسرے گروہ کا کہنا ہے کہ "حدیث بالکل صحیح ہے۔ واقعی سورج روزانہ عرش کے نیچے سجدہ کرنے کے لئے چلا جاتا ہے اور زمین سے

حرکت کرنا اور منتقل ہونا نہیں ہے۔

ثالثاً ——— تیسرا جزء یہ ہے کہ وہ عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے، ——— قرآن نے بتایا ہے کہ زمین و آسمان کی ہر چیز اللہ کو سجدہ کرتی ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ | زمین و آسمان میں جو بھی ہیں وہ سب خوشی سے |
| وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ | اور اللہ کو سجدہ کرتے ہیں۔ حتیٰ کہ ان کے |
| بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ (رعد ۱۵) | سائے بھی صبح و شام بادل سے۔ |
| اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ | کیا تم نہیں سمجھتے کہ اللہ کو وہ تمام سجدہ کرتے |
| مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ | ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں |
| وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ | ہیں۔ اور سورج بھی، چاند بھی، ستارے |
| وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ | بھی۔ پہاڑ بھی، درخت بھی، چوپائے بھی |
| وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ (حج ۲) | اور بہت سے آدمی بھی اور بہت سے |
| | لوگوں پر عذاب ثابت ہو چکا ہے۔ |
| وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ (الرحمٰن) | اور تارے اور درخت دونوں سجدہ کرتے ہیں۔ |

اس بارے میں آیات بہت ہیں اور جیسا کہ فرمایا کہ ہر چیز اس پر ایمان لے آئی ہے اور ہر چیز اس کی تسبیح کرتی ہے (سبحان اللہ کہتی ہے)

| | |
|---|---|
| وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ | اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو اللہ کی تسبیح |

بحث نہیں کہ آیا یہ غروب ہونا زمین کی سورج کے گرد گردش کی وجہ سے ہوتا ہے یا سورج خود گھومتا اور غروب ہو جاتا ہے۔ غروب ہونے کا لفظ چھپ جانے کے مفہوم میں عام استعمال ہوتا ہے چنانچہ اہل عرب جب پہاڑ سے دور نکل جاتے ہیں اور وہ ان کی نگاہ سے اوجھل ہو جاتا ہے تو کہتے ہیں: غَرَبَ الْجَبَلُ، یعنی پہاڑ غروب ہو گیا۔ حالانکہ پہاڑ اپنی جگہ پہ قائم ہوتا ہے۔ زائل نہیں ہو جاتا جو لوگ کہتے ہیں کہ سورج ثابت رہتا ہے وہ بھی کہتے ہیں کہ سورج غروب ہوا یا طلوع ہوا۔ سورج کا غروب ہونا خود قرآن میں مذکور ہے۔

ثانیاً ——— دوسرا جزء ہے کہ "وہ جاری ہوتا یعنی چلتا ہے" اس میں کوئی اشکال نہیں ہے کیونکہ موجودہ زمانہ کے علماء فلکیات کہتے ہیں کہ "سورج خود اپنے اردگرد گھومتا ہے" اور کہتے ہیں کہ اس کی ایک دوسری گردش ایک دوسرے ستارے کے گرد بھی ہے" اور ظاہر ہے کہ گردش بغیر جاری ہوئے نہیں ہو سکتی۔ اور جاری ہونے کا مطلب ہے "چلنا" علاوہ ازیں جاری ہونے کا ایک دوسرا استعمال بھی ہے جیسا کہ آپ کہتے ہیں کہ "ہندوستان پر انگریزوں کا قانون جاری ہے" اور جیسا کہ آپ کہتے ہیں "تقدیر کا قہر ہونے والی چیز پر جاری ہو گیا" اس کی مثالیں اور بھی بہت ہیں۔ صاف ظاہر ہے کہ ان ..... سے مراد واقع

اور جیسا کہ عمرو بن کلثوم نے کہا

ذَرَاعَكَ قَبْلَ مَتْنِ اَضَيْعُ يَخِرُّ لَهُ بَجَابِرُ سَاجِدِيْنَا

(ترجمہ: اب تک بچہ دودھ چھوڑنے کی عمر کو پہنچتا ہے تو بڑے بڑے بہادر سورما اس کے روبرو سجدے میں پڑ جاتے ہیں)

ان تینوں آیتوں میں سجدہ سے مراد اطاعت اور تابعداری ہے اس تفسیر کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے طوعاً و کرہاً (خوشی سے یا مجبوری سے) اور ظلالہم بالغدو والآصال (اور ان کے سائے صبح و شام سجدہ کرتے ہیں)

ہم کہہ سکتے ہیں کہ سجدہ سے مراد اللہ تعالیٰ کے وجود کا پتہ دینا ہے۔ یعنی ان مخلوقات سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وجود ہے اور صرف وہی اس لائق ہے کہ تمام چیزیں اسی کو سجدہ کریں اور اسی کی عبادت کریں۔ یہ مجازی معنی ہیں جو لغت میں مشہور ہیں البتہ سجدہ کی پہلی تفسیر قابل ترجیح ہے۔

اب باقی رہا سجدہ کے ساتھ تعظیم کی قید لگانا یعنی یہ کہ سورج عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے تو دراصل اس سے اطاعت و خشوع میں مبالغہ مقصود ہے۔ جیسا کہ اہل عرب کہتے ہیں ملک یضع جبہتہ تحت قدمی فلان (فلاں آدمی میرے قدموں کے نیچے سجدہ کرتا ہے اور

وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ (بنی اسرائیل) نہ کرتی ہو لیکن تم ان کی تسبیح کو سمجھ نہیں سکتے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ۔ جو چیز بھی آسمانوں اور زمین میں ہے اس نے اللہ کی تسبیح کی۔

لیکن اس جگہ سجدہ سے مراد عقلاء (جن اور انسان اور فرشتے) کا سجدہ اور تسبیح سے مراد عقلاء کی تسبیح نہیں ہے بلکہ اس کے معنی ذیل میں سے کوئی ایک ہیں۔

یا تو اس سے مراد انقیاد و اطاعت اور خشوع و خضوع ہے اور لوگ اس کا نام سجدہ رکھتے ہیں جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے۔

اَيَدْعُوْ فَيَسْجُدُ مَنْ بِالسُّوْءِ يَذْكُرُنِيْ فَلَا اُعَاتِبُهٗ صَفْحًا وَاَهْوَانَا

(ترجمہ) جب میں ظاہر ہوتا ہوں تو وہ شخص بھی سجدہ کر دیتا ہے۔ جو میرا ذکر برائی سے کرتا ہے۔ لیکن میں درگزر کرتا ہوں اور اسے ناقابل خطاب سمجھتے ہوئے عتاب نہیں کرتا۔

دوسرے نے کہا۔

فَكَيْفَ بِمَنْ رَاَتْنِيْ لُحْتُ وَاقِفًا هَوٰى سَاجِدًا مِنْ خَشْيَتِيْ وَتَقَوَّضَا

(ترجمہ) اس شخص کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے جس کا یہ حال ہے کہ اگر وہ مجھے کھڑا دیکھ پائے تو میرے خوف کی وجہ سے سجدہ میں گر پڑے اور جان دیدے۔

اپنے پروردگار کے حکم کی پیروی کرتا ہے۔ یہی پیغام ہم نے اوپر بیان کیا ہے
اس طرزِ بیان کا روزمرہ کی کلام میں کثرت سے رواج ہے چنانچہ ہم بھی
گفتگو میں کہتے ہیں یہ بوسیدہ کپڑا ہمیں بتاتا ہے کہ ہم کپڑا بوسیدہ کرنے
والی ہے اور ہر جدید کا انجام کار بوسیدگی اور زوال ہے۔ یہ تو یہ ہم
سے مثالوں میں مدت تک رہنے کی حکایت کر رہی ہیں۔ کہتے ہیں "میرے
اونٹ نے مجھ سے لمبی مسافت طے کرنے کی شکایت کی اور اس جانور نے
مجھ سے بھوک اور تکان کی شکایت کی" کہتے ہیں "یہ گھر آہ و ہائے کہ اس
کا بنانے والا بہت ہی معمار تھا" کہتے ہیں "یہ تصویر ہمیں بتا رہی ہے کہ اس
نے مجھے نقش کیا ہے وہ ایک ماہر آرٹسٹ تھا" کہتے ہیں "عجیب
آنکھیں کہہ رہی تھیں سَمِعْنَا وَ طَاعَةً (ہم نے سن لیا اور اطاعت کی)"
ان مثالوں بے شمار ہیں چنانچہ مفسرین کے ایک گروہ کا کہنا ہے کہ ہر
وہ قول جو نباتات، آسمان اور زمین وغیرہ کی طرف منسوب ہو اور ہر وہ
خطاب جو اللہ اور ان چیزوں کے درمیان ہو اسی معنی پر محمول ہوتا ہے
جیسا کہ زمین اور آسمان کی بابت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ (قَالَتَا اَتَيْنَا
طَائِعِيْنَ (حم السجدہ ۲) دونوں نے کہا کہ ہم اطاعت کرتے ہوئے آئے اور
اس کے بہت سے نظائر قرآن میں موجود ہیں۔ چنانچہ اس کی ایک مثال
سورج کا اللہ تعالیٰ سے اجازت چاہنا اور سجدہ کرنا بھی ہے۔

وَيَسْجُدُ تَحْتَ عَرْشِ الْمَلِكِ (وہ آدمی بادشاہ کے تخت کے نیچے سجدہ کرتا ہے) اس جگہ تحت کا مقصود صرف مبالغہ ہے نہ کہ واقعی عرش کے نیچے سجدہ کرنا۔ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول "اِنَّهَا تَسْجُدُ تَحْتَ الْعَرْشِ" کا مطلب یہ ہے کہ وہ پوری طرح اللہ کے سامنے خشوع و خضوع کرتا ہے۔

رابعاً ۔۔۔ ـــــ چوتھا جزیہ ہے کہ "وہ اجازت چاہتا ہے تو اسے اجازت ملتی ہے" ـــــ مختصر طور پر کہا جا سکتا ہے کہ اس سے مراد دراصل مجاز ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ سورج اپنے خالق کی اطاعت و فرمانبرداری کرتا ہے، اس کا طلوع اور غروب ہونا سب اپنے مالک کی مرضی اور ارادہ کے مطابق ہے گویا کہ اللہ تعالیٰ اسے ہی حکم کرتا ہے۔ اور وہی اسے روکتا ہے اور وہ اس کے امر و نہی کو سمجھتا ہے جسکو دوسرے الفاظ میں یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ وہ اپنے چلنے کے لئے صبح و شام اپنے آقا سے اجازت چاہتا ہے۔ سب کچھ اس کی انتہائی اطاعت اور خشوع و خضوع کا بیان ہے اس لئے کہ دستور ہے کہ ہر اطاعت گزار جس کی اطاعت کرتا ہے اس سے اجازت چاہتا ہے اور جو کام کرتا یا چھوڑتا ہے اس میں اسی کے حکم کا انتظار کرتا ہے حتیٰ کہ اپنا ایک ایک قدم اس کی مرضی کے مطابق رکھتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اگرچہ اجازت چاہنے کو مطلقاً بیان فرمایا ہے لیکن مقصود یہ ہے کہ سورج ہمیشہ

واقعہ ہو۔ یہ قیامت کی ایک علامت ہے جیسا کہ متعدد صحیح احادیث میں آیا ہے۔ کہ قیامت کے آنے پر سورج مغرب سے طلوع ہوگا۔

ناظرین پر واضح ہو چکا ہے کہ جن شکوک کی بنا پر لوگوں نے اس حدیث کو ٹھکرا دیا ہے وہ اس قابل نہیں ہیں۔ کہ ان کی وجہ سے ایک صحیح حدیث کو رد کر دیا جائے۔ اگر کوئی مجھ سے یہ کہے کہ تم نے جو کچھ کہا ہے صحیح ہے اگر آنحضورؐ کا قول موجود نہ ہوتا: فَيَذْهَبُ حَتّٰى يَسْجُدَ تَحْتَ الْعَرْشِ (جاتا ہے یہاں تک کہ عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے)" اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ سجدہ سے مراد صرف جانا اور اطاعت وخشوع نہیں ہے اس لئے کہ اس حدیث میں سجدہ کو جانے کی انتہا قرار دیا گیا ہے۔ یعنی اس کے جانے کی انتہا یہ ہے کہ وہ سجدہ کرتا ہے لہٰذا اگر یہ ہے کہ سجدہ کی جو تفسیر تم نے اطاعت وخشوع سے کی ہے وہ غلط ہے" ——— اس کا جواب دو طرح سے دیا جا سکتا ہے

ا ——— سورج کے عرش کے نیچے سجدہ کرنے سے مراد آخری زمانہ میں جب دنیا فنا ہو جائے گی، اس کا نظام درہم برہم ہو جائے گا اور اس کی حرکت بند ہو جائے گی، واقعی اس کا عرش کے نیچے واقع ہو جانا ہے اور مطلب یہ ہے کہ سورج کی شان وشوکت اسوقت تک برقرار رہے گی۔ جب تک کہ اللہ کا کارخانۂ عالم کے بگڑ جانے کا حکم

خامساً ——— پانچواں جزء یہ ہے کہ "وہ جاری ہوتا ہے یہاں تک کہ عرش کے نیچے ٹھہر جاتا ہے اور عرش اس کی جائے قرار ہے" ——— جاری ہونے کے معنی ہم پہلے بتا چکے ہیں۔ اب رہا یہ کہ اس کا جاری ہونا عرش کی طرف ہوتا ہے اور وہ عرش کے نیچے ٹھہر جاتا ہے۔ تو دراصل اس میں اس چیز کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ کہ سورج آخر کار اللہ تعالےٰ کی طرف پلٹے گا کیونکہ اس کے بعد کوئی ایسی مخلوق ہے ہی نہیں جس کی طرف پلٹا اور رجوع کیا جائے جیسا کہ فرمایا

اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ (الشوریٰ ع۵) سنو۔ تمام امور اللہ ہی کی طرف پلٹیں گے۔

اور لوگ کہتے ہیں "خطاب العرش" یعنی عرش کا خطاب" حالانکہ عرش کوئی خطاب نہیں کرتا لہٰذا اس کا مطلب ہوا "اس ہستی کا خطاب جو عرش پر متمکن ہے" یا اس سے مراد یہ ہے کہ آخر کار رب اللہ تعالےٰ قیامت قائم ہونے کا حکم دے گا تو سورج عرش کے نیچے جا کر ٹھہر جائے گا۔

سادساً ——— چھٹا جزء یہ ہے کہ "وہ مغرب سے طلوع ہوگا" ——— یہ اس وقت ہوگا جبکہ اللہ رب العالمین عالم کو بگاڑنے اور فنا ہو جانے کا حکم دے گا تاکہ اس کے خاتمہ سے ایک اور عالم کا وجود ہو جو اللہ کے نیک بندوں کے رہنے کے لئے اس عالم سے زیادہ آرام دہ

کہا جاتا ہے کہ کہاں سے آیا ہے رسول بلا" اس بات کی واضح علامت
پر شہادت دیتی ہے اور یہ تاویل قوی تر ہو جاتی ہے۔ کہ حدیث
میں سورج کی حالت کا خاکہ کھینچا گیا ہے۔ لہذا اگر حدیث میں صحیح طریقہ
سے غور و فکر کیا جائے تو صاف ظاہر ہو جاتا ہے کہ یہ حدیث اپنے
معنی کے اعتبار سے بالکل صحیح ہے۔

نہیں دیتا اور جس دن اسے حکم دیدے گا سورج سجدہ کرتے ہوئے عرش کے نیچے چلا جائے گا اور سوائے ذات باری تعالےٰ کے ہر چیز فانی اور زوال پذیر ہے

۲ ——— اس میں ایک مثال پیش کی گئی ہے جیسا کہ کہتے ہیں سَارَ فُلَانٌ حَتّٰی اَتٰی الْمَکَانَ (فلاں چلا یہانتک کہ چلنے سے خوب تیز رفتار ہوگیا) سَارَ حَتّٰی انْقَطَعَ ظَهْرُهٗ (فلاں چلا یہاں تک کہ اس کی پیٹھ کٹ گئی) اس قسم کی بہت سی مثالیں روزمرہ کی بول چال میں مل سکتی ہیں۔ یہاں "حَتّٰی" کا ماقبل "حَتّٰی" کے مابعد سے الگ نہیں ہے۔ بلکہ بہت سے موقعوں پر "حَتّٰی" (یہانتک کہ) کا لفظ عطف کے لئے بھی آتا ہے جیسا کہ واو اور فا آتے ہیں۔ علمائے نحو میں سے ایک جماعت کا یہ مشہور قول ہے اور حدیث تَذْهَبُ حَتّٰی تَسْجُدَ تَحْتَ الْعَرْشِ کا سیاق اسی پر محمول کیا جاسکتا ہے۔ یعنی جائے گا اور سجدہ کرے گا اور اس طرح حدیث اس شبہ سے بھی پاک ہو جاتی ہے۔

بہرکیف حدیث کا منشا یہ بتانا ہے کہ سورج اللہ کا تابع، اسکے تکوینی حکم کے آگے سرنگوں اور اسی کے ارادہ و مرضی کے مطابق چلنے والا ہے یہانتک کہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ عقل رکھتا اور اپنے مالک کے خطاب کو سنتا ہے آخری روایت یعنی "یہانتک کہ گویا کہ اس سے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۔ ۔۔۔ روز میں ہم سے قیامت کے روز باز پرس ہوگی۔

اس کی اور بہت سی مثالیں صحاح، اور دوسری کتابوں میں ملتی ہیں۔

کچھ لوگوں نے ان احادیث کو مشکل گردانا ہے۔ اس بارے میں ان کا اعتراض یہ ہے۔

"قرآن کا، بلکہ اس کلام کا جس میں کوئی چیز بتائی جاتی ہے منشاء دلالت (بتانا اور اطلاع دینا) اور افہام (سمجھانا) ہوتا ہے اور دلالت نہیں پائی جاسکتی۔ تاوقتیکہ "دال" (بتانے والا) موجود نہ ہو اور جب "دال" ہی ناپید ہو تو دلالت بھی ختم ہو جاتی ہے۔ بلکہ ہر کلام جس میں خبر یا طلب مقصود ہو اس کا منشا کسی معنیٰ پر دلالت (بتلانا) اور افہام (سمجھانا) ہوتا ہے بالفاظ دیگر جب "لفظ" منسوخ ہو جائے ——— اور لفظ ہی دال ہوتا ہے ——— تو حکم اور دلالت کیسے باقی رہ سکتی ہے بلکہ ناگزیر ہے کہ "دال" کے منسوخ ہونے کے ساتھ ہی دلالت بھی ختم ہو جائے۔ چنانچہ جب نص ——— جو حکم وغیرہ پر دال ہوتی ہے ——— منسوخ ہو جائے تو لازم ہے کہ اس کا حکم بھی منسوخ ہو اور جب قرآن کی کوئی آیت ضروری ہے کہ اس کے حکم اور دلالت کو بھی منسوخ کیا جائے۔ یہ ایک لایعنی چیز ہوگی کہ لفظ تو منسوخ ہو جائے اور اس کا حکم باقی رہ جائے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اگر کوئی حاکم اپنی رعیت کی طرف حکم نامہ بھیجے جس میں اس کی طرف سے بہت سے دوسرے نوشتہ

# نَسْخُ التِّلَاوَةِ فِی الْقُرْآنِ

## (قرآن سے بعض آیات کی تلاوت کا منسوخ ہونا)

صحاح ستہ اور حدیث کی دوسری کتابوں میں ایسی بہت سی حدیثیں آئی ہیں۔ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کریم کی بعض ایسی آیات ہیں جن کی تلاوت منسوخ ہو چکی ہیں۔ لیکن احکام باقی ہیں۔ چنانچہ بخاری میں حضرت عمر بن الخطاب سے روایت ہے کہ آیت رجم (وہ آیت جس میں زانی کو سنگسار کرنے کا حکم ہے) قرآن میں نازل ہوئی تھی۔ اور صحیح مسلم میں ہے کہ حضرت عمرؓ قرآن میں یہ دو آیات پڑھا کرتے تھے۔

(۱) لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغَى ثَالِثًا وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ۔

اگر ابن آدم کے پاس مال کی دو وادیاں بھی ہوں جب تیسری کی تلاش کرے اور ابن آدم کے پیٹ کو صرف مٹی ہی بھر سکتی ہے۔

(۲) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ فَتُكْتَبُ شَهَادَةً فِي أَعْنَاقِكُمْ فَتُسْأَلُونَ عَنْهَا

اے ایمان والو جو جزم کرتے نہیں ہو سے آخر زبان سے کیوں نکالتے ہو؟ کیونکہ تمہاری گردنوں میں شہادت لکھدی جاتی ہے۔ پس

اس بارے میں جو شبہ بیان کیا جاتا ہے وہ ہرگز ایسا قوی نہیں ہے کہ نسخ کے ہونے میں مانع ہو۔ قرآن کی ہر آیت جس میں کوئی طلبی یا خبری حکم ہو اس کا نازل ہونا دو امور پر مشتمل ہوتا ہے اس حکم کا موجود ہونا اور اس حکم کا قرآن میں موجود ہونا جیسے پڑھا جائے اور جس کی تلاوت ہو اب غور کیا جائے تو صاف معلوم ہو جائے گا کہ اس حکم کی تلاوت منسوخ ہو جائے تو اس سے پہلی صورت کا باطل ہونا لازم نہیں آتا۔ اور اس کا حکم منسوخ نہیں ہو جاتا۔ تمام احکام محض قرآن ہی میں نہیں ہیں۔ بلکہ قرآن اور حدیث دونوں میں ہیں۔ قرآن کی جس آیت کی تلاوت منسوخ ہو جائے اس کا حکم صحیح حدیث کا حکم ہو اور جس طرح حدیث اپنے حکم پر دلالت کرتی (بتلاتی) ہے اسی طرح وہ آیت بھی قرآن سے علیحدہ ہونے کے باوجود اپنے حکم پر دلالت کرے گی۔ پس الفاظ منسوخ ہو جانا اور باقی رہنے کا مطلب یہ ہے کہ بعض احکام اور خبریں قرآن سے حدیث کی طرف منتقل ہو گئیں۔ لہٰذا اس صورت میں "دال" بھی موجود رہتا ہے اور دلالت بھی۔ ایسا نہیں ہوتا کہ دلالت تو موجود رہے اور "دال" زائل ہو جائے۔ (جیسا کہ مخالفین کا خیال ہے) اس صورت میں دال زائل نہیں ہو جاتا بلکہ ایک قسم سے دوسری قسم میں منتقل ہو جاتا ہے۔ یہ صورت ہرگز اس کے ضائع ہونے کی نہیں ہے۔ اس کی مثال یوں سمجھئے کہ آپ کے پاس دو قصیدے ہیں جن میں سے

ہوں اور پھر کچھ عرصہ کے بعد یہ پیغام بھیجے کہ میں نے اس حکم نامہ کے الفاظ یعنی اوامر و نواہی کے الفاظ تو منسوخ کر دئے لیکن اس کے احکام اور اوامر و نواہی باقی رہیں گے۔ تو یہ ایک بے معنی، بے کار اور مضحکہ خیز چیز ہو گی۔ قرآن کی آیات کا منسوخ ہونا بھی اسی طرح کا ہے جس میں تلاوت منسوخ ہو جاتی ہے لیکن احکام باقی رہتے ہیں۔ بھلا اس میں کیا حکمت ہے؟ ایسا کرنا سراسر بے کار ہے اور اس کا مقصد سوائے اس کے کچھ نہیں کہ بندوں کو بعض اوامر و نواہی کا مکلف کر کے دھوکہ میں ڈال دیا جائے اور گمراہ کر دیا جائے۔

علاوہ ازیں قرآن کا ایک ایک لفظ متواتر طور پر آیا ہے، اس کے باوجود قرآن کو منسوخ کیسے کہا جائے گا۔ اگر ہم کہہ سکتے ہیں کہ قرآن سے بعض چیزیں منسوخ ہو گئیں تو ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ اس میں سے بعض چیزیں ضائع ہو گئیں ——— جو صحیح نہیں ——— لہذا ناممکن ہے کہ تلاوت کے منسوخ ہونے کی احادیث صحیح ہوں۔ ضرور ان کے سندوں میں اور ان کے بیان کرنے میں کوئی نہ کوئی خرابی ہے۔

جواب:۔ نسخ تلاوت کے بارے میں احادیث اس کثرت سے ہیں اور اس قدر صحیح ہیں کہ ایک سمجھدار انسان انہیں جھوٹ نہیں کہہ سکتا۔ ایسا ہونا بعید از قیاس ہے کہ ان تمام احادیث کی قطعاً کوئی اصل نہ ہو۔

رہتا ہے تو صرف یہ ہے کہ اسے قرآن سے کر حدیث میں داخل کر دیا جاتا ہے اسکی دلالت سلب نہیں ہو جاتی، اس لئے کہ جس طرح قرآن دلالت رکھتا ہے اسی طرح حدیث بھی رکھتی ہے۔ آخر اگر حدیث ہمیں کچھ نہ بتاتی تو ہم آیات کے منسوخ ہونے کو معلوم ہی کیسے کر سکتے تھے؟

مخالفین کا سوال ہے کہ آخر ایسا کرنے میں کیا فائدہ تھا؟ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اس کا جواب ہم اوپر قصیدہ کی مثال سے دے چکے ہیں۔ اور بتا چکے ہیں کہ اس کا فائدہ ضرور ہوتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ان مخالفین کے پاس اس کے خالی از فائدہ ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ یہ سوال غلط ہے اور اگر اسے صحیح بھی مان لیا جائے تو تمام احادیث قدسیہ پر اسے عاید کیا جا سکتا ہے۔ پوچھا جا سکتا ہے کہ ان احادیث کو قرآن میں کیوں بیان نہ کیا گیا؟ اور انہیں قرآن سے علیحدہ رکھنے میں کون سا فائدہ تھا جبکہ یہ بھی اللہ کا کلام ہیں۔ اور قرآن بھی؟ بلکہ یہ سوال تمام احادیث نبویہ پر کیا جا سکتا ہے۔ کہ حدیث میں جو احکام آئے ہیں۔ جب کہ اللہ ہی نے انہیں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب نازل اور وحی کیا تھا تو انہیں قرآن ہی میں کیوں نازل نہ کر دیا۔ اور انہیں مستقل ایک علیحدہ قسم کیوں بنایا۔

اب رہا مخالفین کا یہ اعتراض کہ اگر قرآن میں نسخ ہو سکتا ہے تو کہا جا سکتا ہے کہ اس میں سے بعض چیزیں ضائع ہو گئیں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ تو ہم کہتے

ایک زیادہ عمدہ ہے اور دوسرا کم۔ لہٰذا اگر آپ زیادہ عمدہ قصیدہ کے بعض اشعار کم عمدہ میں ڈال دیں تو اس سے وہ اشعار ختم نہیں ہو جاتے۔ اس میں اس کے سوا کچھ نہیں ہوتا کہ ایک جزء کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کر دیا جاتا ہے۔ اس سے منتقل ہونے والی چیز کی دلالت اور حکم بے کار اور رائگاں ہونا کیسے لازم آیا؟ اور نہ ہی ایسا کرنے میں کوئی نادانی اور بے عقلی ہے بلکہ ایسا کرنے سے بہت سے صحیح نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ بہت سے مطلوب فوائد اس طریقہ سے خود بخود ہاتھ آجاتے ہیں۔ ایسا کرنے میں کوئی چیز ضائع یا مشتبہ نہیں ہوتی اور کوئی ایسا خطرہ سر نہیں نکالتا جس کا اوپر کے شبہ میں اندیشہ کیا گیا ہے۔

یہ قسم احادیث قدسیہ کے مشابہ ہے جو اللہ کا وہ کلام ہے جو حدیث میں پایا جاتا ہے۔ مثلاً نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ "اللہ تعالےٰ نے یوں فرمایا" حدیث کی کتابوں میں ایسی احادیث بہت ہیں۔ لہٰذا احادیث قدسیہ اور قرآن کی نسخ شدہ آیات ایک ہی حیثیت رکھتی ہیں۔ اور دونوں کے درمیان فرق صرف یہ ہے کہ پہلی قسم قرآن میں قطعاً داخل ہی نہیں کی گئی۔ اور دوسری کو داخل کر کے نکال دیا گیا۔

مخالفین کے اس قول کو ہم اوپر غلط قرار دے چکے ہیں کہ اس سے دلائل زائل ہو جاتے ہیں اور دلالت برقرار رہتی ہے بلکہ حقیقت میں دلالت کے ساتھ دلائل بھی برقرار

ہیں کہ یہ ایک نہایت ہی کمزور، بودا اور بے بنیاد اعتراض ہے اس لئے
قرآن کے محفوظ رہنے پر اس میں سے کوئی چیز ضائع نہ ہونے اور اس
کے متواتر روایت ہونے پر اس قدر قوی براہین و دلائل موجود ہیں جو
نسخ تلاوت سے باطل نہیں ہو سکتے۔ ان براہین کے موجود ہوتے ہوئے
کوئی یہ دعوے کرے کہ نسخ تلاوت سے یہ براہین باطل ہو جاتے ہیں۔
وہ کھلی ہوئی غلطی کا ارتکاب کر رہا ہے "نسخ تلاوت" اور قرآن کے
بعض حصوں کے ضائع ہو جانے" میں کسی طرح کا ربط نہیں ہے۔

الغرض قرآن کی بعض آیات کی تلاوت کے منسوخ ہو جانے میں کوئی
ایسی چیز نہیں ہے جو حق اور دین کو نقصان پہنچانے والی ہو یا عقل و نظر
و قیاس اسے یا رد نہ کرتی ہو۔ بہت سی "اب احادیث اس بارے
میں آچکی ہیں۔ لہٰذا اس کا اعتراف کرنا ضروری ہے۔ منسوخ ہونے کا
فائدہ، اجمالی طور پر یہ ہے کہ احکام اور اوامر و نواہی کو قرآن میں نازل
ہونے سے وہ قوت اور عظمت و شان اور اہتمام و عنایت حاصل ہوتی ہے
جو حدیث میں وارد ہونے سے انہیں حاصل نہ ہوتی اور اس میں کسی کا
اختلاف نہیں۔ اب زمانہ کے نشیب و فراز سے مصلحت اس میں ہوتی
ہے کہ بعض اوامر و نواہی کو بعض اوقات قرآن میں لایا جائے اور بعض
اوقات حدیث میں۔ بعض اوامر و نواہی مطلقاً حدیث ہی میں ہوں،

# احادیث التصویر

## فوٹو کے متعلق احادیث

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بکثرت ایسی احادیث ثابت ہیں۔ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے تصاویر سے منع فرمایا۔ اور مصورین کی نہایت ہی مذمت کی ہے اور انہیں اللہ کے غضب سے ڈرایا ہے چنانچہ آپ نے فرمایا۔ اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ الْمُصَوِّرُوْنَ (قیامت کے روز سب سے سخت عذاب مصوروں کو ہوگا) آپ نے فرمایا کہ قال اللہ تعالےٰ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذَھَبَ یَخْلُقُ کَخَلْقِیْ فَلْیَخْلُقُوْا ذَرَّۃً اَوْ لِیَخْلُقُوْا شَعِیْرَۃً۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو میری طرح پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے اچھا وہ ایک ذرہ اور جو کا ایک دانہ تو پیدا کر کے دکھائے۔ ——— آپ نے فرمایا مَنْ صَوَّرَ صُوْرَۃً کُلِّفَ اَنْ یَّنْفُخَ فِیْھَا الرُّوْحَ وَلَیْسَ بِنَافِخٍ۔ (جس نے کوئی تصویر (صورت) بنائی اسے مجبور کیا جائے گا کہ اس میں روح پھونکے حالانکہ وہ ایسا نہ کر سکے گا)

یہ احادیث صحاح ستہ میں ہیں جن کی صحت میں کسی کو اختلاف

معلم سوسائٹی کی تشکیل ہوئی اور ان خباثت و فواحش کا خاتمہ ہو گیا۔
یہ الفاظ رجم قرآن سے حدیث کی طرف منتقل کر دیے گئے۔ کیونکہ
نادر الوقوع مسائل قرآن کے بجائے حدیث میں زیادہ موزوں ہیں۔

نہیں ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں کوئی تصویر، تمثال رہنے دیتے تھے بلکہ جب کوئی تصویر دیکھتے تو اسے پھاڑ ڈالتے، یہ عادت کرتے جب کبھی آپ کوئی ایسی چیز دیکھ پاتے نہایت خفا ہوتے اور جس گھر میں کوئی ایسی چیز ہوتی اس میں داخل ہونے سے انکار کر دیتے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ۔ اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر موجود ہو آپ نے تصویر بنانے والے کو سخت سزا دینے کا ذکر کیا ہے تصویر خواہ مجسمہ کی ہو یا دیوار پر بنی ہو سب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام کیا ہے۔ آپ کی احادیث اور آپ کے اعمال کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اس بارے میں کوئی تفریق نہیں کی بلکہ ہر تصویر سے منع فرمایا ہے۔ اور جیسا کہ آپ بھی سمجھ گئے ہوں گے حکم کا مقتضا بھی یہی ہے کہ کوئی تفریق نہ ہو۔

## تصاویر کے بارے میں اشکالات کی وجہ اور لوگوں کے ذہن میں افراط و تفریط

دراصل ان احادیث کو جب صدر اول کے مسلمان پڑھتے تھے تو ان کے لیے ان پر عمل کرنا آسان تھا۔ انہوں نے ان پر عمل کیا اور اس میں کوئی رکاوٹ محسوس نہیں کی اور نہ انہیں کوئی اشکال دیر پیش ہوا۔ لیکن آج کل جب کہ موجودہ تہذیب و تمدن، فیشن پرستی اور شہریت، اپنے علوم و فنون اور لٹریچر

تصویر پر ریجھ جاتے ہیں۔ خواہ وہ کاغذ پر ہو یا ان کے خیال میں مجھے یقین ہے کہ ہم صواب کے دامن کو ہاتھ سے نہ چھوڑیں گے۔ اگر کہیں کہ آج اس ملک میں جو ہمیں اخلاق کی تباہی و بربادی اور انحطاط و پستی نظر آرہی ہے اور ہم جو لوگوں کو دین اور فضیلت کو خیرباد کہتے دیکھ رہے ہیں اس کے دیگر اسباب میں سے سب سے بڑا سبب [illegible] اور فحش تصاویر ہیں؟ ہم غلطی نہ کریں گے اگر خیال کریں کہ آج میاں بیوی کے درمیان ہر بڑے اور چھوٹے گھر میں جو کشمکش برپا ہے اس کا سبب بھی یہی برہنہ تصویریں ہیں۔

پس جو شخص اس قسم کی تصاویر کو جائز قرار دیتا ہے وہ گویا دین اخلاق اور وطن پر بہت بڑا ظلم کر رہا ہے۔ اسی طرح جو شخص ان تصاویر کو حرام قرار دیتا ہے جن سے طب اور دوسرے علوم سے مدد ملتی ہے وہ وطن اور علوم بلکہ دین کو سخت نقصان پہنچا رہا ہے۔ اور لوگوں کو اس چیز سے متنفر کرنے اور ان کے سامنے اسے تنگ نظر ثابت کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

لہٰذا تصویر کی دو قسمیں ہیں۔ ایک حرام دوسری حلال۔ ایک ضرر رساں دوسری نفع بخش۔ اسی طرح مصوروں کے دو گروہ ہیں۔ ایک فتنہ پیدا کرنے والے اور دوسرے احسان کرنے والے۔ احادیث میں پہلی قسم ہی کا

لٹ رہا ہو اور وہ فقر و فاقہ کے ہاتھوں تباہ ہو رہی ہو۔ اور چاہے فتنہ انگیز برہنہ عورتوں کی تصویریں ہوں۔ جو اخلاق و آبرو کے محل کو یکسر منہدم کر رہی ہوں۔ اور فضائل کو بے رحمی و بے دردی سے ذبح کر رہی ہوں۔ یہ رخ لادینی، بے مذہبی اور حرام کو حلال کرنے کا ہے۔ حق دونوں طرف پامال ہو رہا ہے۔ اور وہ دونوں سے نجات حاصل کرنے کے لیئے اہل اعتدال و انصاف کو پکار رہا ہے۔

**مسئلۂ تصویر میں اعتدال کی راہ** یہ ایک کھلی ہوئی۔ بے انصافی ہوگی کہ اگر ہم تصویروں کو جائز قرار دے دیں جو سونے اور چاندی کے ستونوں پر نصب ہیں۔ اور جو ملک کے مال و دولت کو تباہ کر کے رکھ دیتی ہیں۔ حالانکہ ملک میں مسکین اور غریب رعایا بھوک اور برہنگی سے آہ و زاری کر رہی ہوتی ہے اور اس کی زبان سے نالہ و فغاں نکل رہے ہوتے ہیں۔ ان تصاویر سے کوئی بھی ایسا فائدہ نہیں ہے جسے سمجھا اور محسوس کیا جا سکتا ہو ——— نہ فرد کے لیئے اور نہ جماعت کے لیئے ——— مذہب اور اخلاق پر دست درازی ہوگی اگر ان برہنہ اور فحش تصاویر کو جائز قرار دے دیا جائے اور نوجوانی کے نشہ میں بدمست کنواری لڑکیاں اور نوجوان لڑکے ان تصاویر کی آپس میں ایک دوسرے کو دکھائیں۔ اور اس طرح وہ اپنی آنکھوں کی پیاس کو سرد کریں۔ جو ہر حسین و جمیل

## [illegible] تصویر [illegible] میاں [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] نقل سے ہوا [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] جیسا [illegible]

[illegible] تصاویر [illegible]

[illegible] تصویر [illegible]

[illegible] برعکس [illegible]

[illegible] بچے [illegible]

[illegible] کے پاس [illegible]

[illegible] بھی دھیان رکھنا چاہیے کہ [illegible]

[illegible] کہ ہر تصویر کا [illegible] ضرور ہوتا ہے [illegible] تصویر [illegible]

دکھائی دینے [illegible] جس کا جسم کے [illegible]

تصاویر کاغذ پر [illegible] مجسم ہوتی ہیں اور ان [illegible] جسم کا [illegible]

مراد لی گئی ہے ... کسی قسم سے منع کیا گیا ہے کیونکہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے مہد ... ایک عرب میں تصویروں کی بھی قد
... تھی۔ لہٰذا اسی کی مناسبت سے احادیث بیان کی گئی ہیں۔ دو
قسم آج اطبا اور ... علوم سے ... موجود ہے اور نبی صلی اللہ علیہ
... مبارکہ ... اس ... لہٰذا احادیث کی ممانعت کا اطلا
... نہیں ہو سکتا۔ اس قسم کی تصاویر کی ... کی اس آیت میں اشا
... گیا ہے جس سے ان کا ... ہے۔

| | |
|---|---|
| يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَاءُ | اور وہ جن سلیمان کا سر ... کام کرتے تھے |
| مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ | جو ... چاہا شاہ محرابیں تصویریں |
| وَقُدُورٍ رَاسِيَاتٍ (پ ۲۲) | ... دیگیں اور ایک جگہ بنے ہوئے |

بس اعتدال کی راہ جس سے احادیث اور عقلی تقاضوں کے درمیان
تطبیق ہو جاتی ہے یہ ہے کہ فساد انگیز اور ضرر رساں تصویر تو حرام ہے
اور کسی طرح جائز و حلال نہیں اور احادیث صحیحہ میں اس سے ممانعت کی
گئی ہے۔ لیکن تعلیم اور طب و علوم میں استعمال ہونے والی تصاویر حرام
نہیں ہیں۔ اور احادیث نے جس تصویر کو حرام قرار دیا ہے اور جس پر سخت
وعید سنائی ہے اس سے مراد یہ تصاویر نہیں ہیں۔ بلکہ اوپر والی آیت
میں ان ہی کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

کا حکم دیتے تھے۔ پھر یہ بھی دھیان رہے کہ اس زمانہ میں ملک بھر
میں کثرت غیر مسلم تھا وہ پوجا پاٹ تھیں۔ لیکن آنحضرت نے انہیں حرام
قرار دیا۔ جب آپ نے تصویروں کو حرام قرار دیا تو سب سے پہلے اس
کا اطلاق ان تصاویر پر ہوگا جو اس وقت عرب کے معاشرہ میں موجود تھیں
کیونکہ احکام حلت و حرمت کے اوّل مخاطب یہی لوگ تھے۔

کہ میدان میں نصب کی جانے والی تصاویر کا جسم پیتل یا پتھر ہوتا ہے لہٰذا مجسم اور غیر مجسم کی تفریق کرنا بھی صحیح نہیں ہے۔ خود تصاویر کے حرام ہونے کی جو وجہ یہ لوگ بیان کرتے ہیں وہ اس تفریق کو باطل کر دیتی ہے۔ وہ کہتے ہیں "شریعت نے تصاویر کو اس لئے حرام قرار دیا ہے کہ لوگوں میں فتنہ نہ پھیل جائے۔ اور وہ آہستہ آہستہ بتوں کی طرح ان کی پوجا شروع نہ کر دیں۔ کیونکہ تصاویر ہی زیادہ تر اس کی پوجا پاٹ کا موجب بنتی رہی ہیں" ——— یہ ہے وہ چیز جس کا انہوں نے اندیشہ کیا لیکن ہم کہتے ہیں کہ یہی چیز مطلق ہر تصویر میں پائی جاتی ہے خواہ وہ مجسم ہو یا غیر مجسم۔ اس چیز میں کسے اختلاف ہے جو فرشتوں یا عیسےٰ ابن مریمؑ اور دوسرے اولیاء صالحین مثلاً امام شافعیؒ وغیرہ کی تصاویر سے ان کے خالی عقیدتمندوں میں پیدا ہو رہی ہے؟ ان حالات میں کون کہہ سکتا ہے کہ حسین عورت کی برہنہ تصویر اور فوجی سپاہیوں اور جرنیلوں کی تصاویر میں کسی فتنہ کا احتمال نہیں۔

علاوہ ازیں یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ تمام احادیث ہر اس چیز کو حرام قرار دیتی ہیں جس کا نام یہ لوگ غیر مجسم تصویر لیتے ہیں۔ چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ملک عرب میں تصویروں والے کپڑوں وغیرہ کی درآمد ہوتی تھی۔ لیکن آنحضورؐ ان کپڑوں سے مٹانے اور پھاڑ ڈالنے

ہے اس کے علاوہ امام مسلم اور دوسرے محدثین بھی اسے روایت
کرتے ہیں۔ اور ہر ایک نے اس واقعہ کو اس قدر چسپاں کیا ہے کہ
اس شہرت کی معمولی مقدار بھی اس بات کا یقین ہونے سے کہ معراج ان
متواترات میں سے ہے جن اختلاف اور شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔
قرآن مجید بھی اس واقعہ کو واشگاف الفاظ میں بیان کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَىٰ مَا ضَلَّ | قسم ہے تارے کی جب کہ وہ گرتا ہے |
| صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَىٰ وَمَا | آپ سے ساتھی کے نہ گم راہ ہوئے ہیں |
| يَنطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ إِنْ هُوَ | اور نہ غلط راہ پر ہیں۔ اور نہ |
| إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ ۔ عَلَّمَهُ | اپنی نفسانی خواہش سے بولتے ہیں |
| شَدِيدُ الْقُوَىٰ ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَىٰ وَهُوَ | بولتا بلکہ جو کچھ بولتا ہے وہ خدا کی طرف |
| بِالْأُفُقِ الْأَعْلَىٰ ۔ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّىٰ | سے اتری ہوئی وحی ہوتی ہے جسے |
| فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَىٰ | سخت قوت والے زبردست فرشتے نے تعلیم |
| فَأَوْحَىٰ إِلَىٰ عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ مَا | دی ہے۔ جس سے وہ تیار ہو گیا۔ جبکہ |
| كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَىٰ أَفَتُمَارُونَهُ | وہ بلند کنارے پر تھا۔ پھر قریب ہوا |
| عَلَىٰ مَا يَرَىٰ وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً | اور نیچا آ پہنچا۔ دیکھنے والے کے برابر یا اس |
| أُخْرَىٰ عِندَ سِدْرَةِ الْمُنتَهَىٰ ۝ | سے بھی نزدیک پھر حکم بھیجا اللہ نے اپنے |
| عِندَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَىٰ إِذْ يَغْشَى | بندے کو جو بھیجا اللہ نے۔ جھوٹ |
| | نہیں کہا دل نے جو دیکھا اب تم کیا اس سے جھگڑتے |
| | ہو اس پر جو اس نے دیکھا۔ اور اس |

# احادیث المعراج

## (معراج کی احادیث)

متعدد صحیح احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مدینہ کی طرف ہجرت سے پیشتر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک رات آسمانوں کی معراج کرائی گئی۔ آپ اللہ رب العالمین کے قریب ہوئے اور اس قدر نزدیک پہنچ گئے کہ صرف دو قوس (کمان) کا یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ پر بہت سے احکام اور حکمت کی باتیں وحی فرمائیں۔ آپ پر پانچ نمازیں فرض کی گئیں۔ آپ نے تمام انبیا کو دیکھا اور بہت سی ایسی حیرت انگیز نشانیاں ملاحظہ فرمائیں۔ جو اللہ رب العالمین کے سوا ہر ایک کے دائرۂ علم سے خارج ہیں۔ یہ تمام واقعات ایک ہی رات میں واقع ہوئے۔ اس کے بعد آپ اسی رات مکہ مکرمہ واپس آ گئے۔ اور صبح کو آپ لوگوں سے اپنے واقعات بیان فرمانے لگے۔ جس سے بعض نے آپ کی تصدیق کی اور بعض نے تکذیب۔

واقعہ معراج کو علماء اسلام سے سب سے بڑے عالم (امام بخاری) نے قرآن مجید کے بعد سب سے صحیح کتاب (بخاری) میں روایت کیا

الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِي بَارَكْنَا — سے مسجد اقصیٰ — جس کے گرد ہم
حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا (رکوع ۱) — برکت دی ہے — تاکہ ہم اسے کچھ اپنی نشانیاں دکھائیں۔

کیا دیکھا ہے کہ اس آیت میں اسراء ہی کو بیان کیا گیا ہے اور معراج کا کوئی تذکرہ نہیں کیا گیا۔ حالانکہ وہ دونوں ایک ہی رات میں اور ایک ہی طریقہ سے یکے بعد دیگرے واقع ہوئے ہیں اس سوال کا جواب سوائے اس کے کچھ نہیں ہو سکتا کہ "معراج" تو ہے ہی نہیں، یہ تو اسراء ایک رات میں تھا اور معراج دوسری میں" وہ یہ جواب سراسر احادیث کے خلاف ہے۔

(۲) ——— معراج کی احادیث میں بہت سا اختلاف پایا جاتا ہے حتیٰ کہ صحیح احادیث بھی اس اختلاف سے خالی نہیں ہیں۔ چنانچہ ان میں آسمان پر انبیاء کے نازل کے متعلق اختلاف ہے، اس بارے میں اختلاف ہے کہ آیا آنحضور نے بیداری کی حالت میں معراج فرمایا یا یہ محض آپ کا خواب تھا۔ اور آیا معراج اور اسراء ایک ہی رات میں تھے یا دو مختلف راتوں میں، اور کیا معراج روح اور جسم دونوں کے ساتھ تھا یا محض روح کے ساتھ؟ الغرض معراج کے بہت سے امور میں بہت سا اختلاف موجود ہے جب اختلاف زیادہ ہو جائے تو روایات کو سرے سے

| | |
|---|---|
| السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۔ مَا زَاغَ | دیکھا ہے اور آپ میں پہلی حس کی بیرکی پاس اس کے |
| الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى لَقَدْ رَاٰى مِنْ | اس ہے بشت ابھنے کی جب چھا رہا تھا اس |
| اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ... (النجم) | بیر کی جو کچھ چھا رہا تھا۔ نہیں نگاہ اور جو ہے نہیں بڑھی بے شک دیکھے اس نے اپنے رب کے بڑے بڑے |

پس معراج قرآن سے بھی ثابت ہے اور متواتر احادیث سے بھی۔ لہذا اس کا شمار دینی یقینیات میں ہوگا۔ یہ تو ان تمام واقعات کا اجمال تھا۔ جو اس عظیم الشان رات میں واقع ہوئے۔ اس جگہ ان کی تفصیل نہیں بتائی گئی۔ لیکن ان تمام واقعات کو حدیث نہایت وضاحت اور شرح و بسط سے بیان کرتی ہے۔

بعض مادہ پرستوں نے اور ان کی تقلید کرنے والے بعض مسلمانوں نے معراج کی احادیث کو "مشکل" قرار دے کر ان کا انکار کیا ہے۔ اور مندرجہ ذیل سات شبہات ان کے متعلق بیان کئے ہیں۔

(۱) ——— احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اسراء اور معراج دونوں ایک ہی رات میں تھے۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ نے سورۂ بنی اسرائیل میں محض اسراء ہی کا تذکرہ کیا ہے اور معراج کا تذکرہ نہیں کیا۔ حالانکہ بلا شبہ معراج کی شان اسراء سے زیادہ ہے۔ فرمایا

| | |
|---|---|
| سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ | پاک و بے عیب ہے وہ ذات جس نے |
| لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى | اپنے بندے کو ایک ہی رات میں مسجد الحرام |

پھر اسے کیسے قبول کیا جائے۔ اور کون سی حدیث صحیح ہے؟

علاوہ ازیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سدرۃ المنتہیٰ کے قریب نیل و فرات کو دیکھا حالانکہ یہ دونوں دریا زمین پر موجود ہیں لہٰذا یہ کیسے ممکن ہے؟

اس کے علاوہ آنحضرت نے آسمان دنیا کی چوتھی میں حضرت ادریس کو آسمان پر آدم سے ملتے اور بائیں طرف دیکھا تو دوزخ کی طرف اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا | جن لوگوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا |
| وَاسْتَکْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ | اور ان سے تکبر کیا ان کے لئے آسمان کے |
| السَّمَآءِ وَلَا یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰی | دروازے نہ کھولے جائیں گے نہ جنت |
| یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ وَکَذٰلِكَ | اونٹ سوئی کے ناکہ میں داخل ہو جائے |
| نَجْزِی الْمُجْرِمِیْنَ (الاعراف ۔ ۵۰) | اور اسی طرح ہم مجرموں کو بدلہ دیتے ہیں۔ |

کیا اس صورت میں حدیث کو قبول کیا جائے گا جبکہ وہ قرآن کی مخالفت کرے۔ نیز یہ کہ روحیں دیکھی جا سکتی ہیں اور کیا ان کا آنکھ سے ادراک ممکن ہے؟

علاوہ بریں روایات میں یہ بھی ہے کہ معراج سے پہلے فرشتوں نے آنحضور کا سینہ مبارک چاک کیا اور اس میں سے شیطانی حصہ کو نکال کر اس

نظر انداز کر دینا ہی مناسب ہوتا ہے۔

(۳) ـــــ معراج کی احادیث میں بعض ایسی چیزیں ہیں جن کا صحیح ہونا قطعاً محال ہے مثلاً ان میں ہے کہ آنحضور نے بیت المقدس میں انبیاء کی امامت بھی کرائی اور پھر انہیں آسمان پر بھی دیکھا۔ نیز موسےٰ کو اپنی قبر میں نماز پڑھتے پایا۔ کیا ایسا ممکن ہے؟ کیا یہ بعینہٖ ایسا نہیں ہے کہ ایک ہی شخص آٹھ جسم رکھتا ہو جن میں سے ایک ایک جگہ موجود ہو۔ دوسرا دوسری، تیسرا تیسری جگہ؟ البتہ کہا جا سکتا ہے کہ اس رات انبیاء ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو گئے تھے۔ پہلے سے آنحضور نے انہیں زمین پر دیکھا اور پھر انہیں آسمان پر لے جایا گیا۔ جہاں حضور نے انہیں دوبارہ دیکھا۔ اسی طرح موسیٰؑ کی نماز کے متعلق بھی کہا جا سکتا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ ایسا کیسے ممکن تھا؟ کیا اس رات اللہ تعالےٰ نے انہیں زندہ کر دیا تھا؟ یا انبیاء زندہ ہیں۔ اور انہیں موت نہیں آتی؟ ہمیں امید ہے کہ تم اس کے قائل نہیں ہو۔ کیونکہ قرآن و حدیث سے صاف اس کی تردید ہوتی ہے چنانچہ صحیح روایت میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اِذَا مَاتَ ابْنُ اٰدَمَ انْقَطَعَ عَمَلُہٗ" یعنی جب ابن آدم پر موت آ چکتی ہے تو اس کا عمل کٹ جاتا ہے" ـــــ لہٰذا انبیاء کا بیت المقدس میں اور موسیٰؑ کا اپنی قبر میں نماز پڑھنا اس حدیث کے کھلم کھلا خلاف ہے۔ اب بتاؤ کہ دونوں

(۷) ——— احادیث کہتی ہیں کہ یہ معراج ایک ہی رات [illegible]
[illegible] ہے۔ [illegible]

یہ ہیں ان لوگوں کے معراج کے متعلق شبہات۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے اکثر شبہات ان لوگوں کے ہیں جو الف لیلیٰ کے دیو اور پری کے ہونے کا انکار کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ شبہات دیانت کے ساتھ [illegible] پر اور ہر ایک مجوزہ پر [illegible] ہیں [illegible] ہیں [illegible] ہے۔ [illegible] ——— علاوہ [illegible] ہے کہ [illegible] ہیں [illegible] یا دو مختلف راتوں میں [illegible] ہے اور [illegible] نے ان [illegible] پیش کئے ہیں۔ چنانچہ بعض روایات [illegible] معلوم ہوتا ہے کہ اسراء اور معراج دونوں ایک ہی رات [illegible] ہیں [illegible] ان دونوں کا دو راتوں میں ہونا [illegible] سمجھ میں آتا ہے۔ [illegible] سوال پیدا ہی نہیں ہوتا لیکن چونکہ [illegible] اس کا جواب یہ ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی یہ حکمت پوشیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو پہلے سے علم تھا کہ جب آنحضرت مشرکین [illegible] کے سامنے اسراء و معراج دونوں کے واقعات بیان فرمائیں گے۔ تو وہ ان کا انکار کریں گے

میں حکمت و ایمان بھر دیا۔ یہ سارا سفر ایک عجیب و غریب، نادر اور انوکھی چیز ہے جسے کسی عقلمند کی عقل قبول نہیں کر سکتی۔

ان تمام امور سے معراج کی روایات منگھڑت ثابت ہوتی ہیں۔ کیوں کہ روایت کے بھیڑ ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ روایت کو اس چیز پر محمول کیا جائے جسے عقل نہ مانتی ہو۔

(۴) ——— کرہ ہوائی زمین پر صرف چند میل تک جاتا ہے۔ اور اس کے بعد قطعاً ہوا نہیں ہے۔ اور ہوا زندہ رہنے کے لئے ضروری ہے۔ اس کے بغیر کوئی حیوان یا انسان کا زندہ رہنا ممکن نہیں ہے۔ جب تک اس کے پھیپھڑے ہوا سے بھرے ہوئے نہ ہوں اس کا زندہ رہنا ناممکنات میں سے ہے لہٰذا اگر آنحضور کو واقعی ہوا کے اوپر معراج ہوا تھا تو آپ کا زندہ رہنا ممکن نہ تھا۔

(۵) ——— احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے آسمان کے دروازے کھولے گئے اور ہم جانتے ہیں کہ آسمان اپنے اندر کوئی دروازہ ہی نہیں رکھتا جسے کھولا اور بند کیا جا سکے۔

(۶) روایات سے پتہ چلتا ہے کہ آسمانوں کی تعداد سات ہے اور یہ کہ یہ آسمان ان نجوم کے علاوہ ہیں جن سے نجومی لوگ واقف ہیں اور یہ سب کچھ غلط ہے۔

وجہ ہے کہ بہت سے مصنفین معراج کو اسراء کے باب میں ذکر کرتے ہیں۔ اور یہی اسلوب قرآن کی اس آیت کا بھی ہے۔ سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ——— اس آیت میں قابل غور چیز یہ ہے کہ اسرا کا تذکرہ کرنے کے بعد فرمایا گیا ہے۔ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا (تاکہ ہم رسول کو اپنی بعض نشانیاں دکھائیں) ظاہر ہے کہ ان نشانیوں سے مراد وہ نشانیاں ہیں جنہیں آپ نے معراج میں دیکھا۔ گویا اس آیت میں بھی معراج کی نشانیوں اور عجائبات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ ضروری نہیں ہے کہ اس کا تذکرہ صریح الفاظ ہی میں ہو۔ اس کے علاوہ سورہ نجم میں معراج کا ذکر صاف صاف بھی ہوا ہے جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے۔ گویا اسرا کا ذکر ایک سورت میں اور معراج کا ذکر دوسری سورت میں ہوا ہے اور اس میں کوئی انوکھی اور عجیب چیز نہیں ہے۔

۲ ——— اگر معراج کی حدیث میں اختلاف ہے تو اتنا ہی رہے کہ اختلاف اصل معراج میں نہیں ہے کیونکہ تمام روایات اس پر متفق ہیں کہ معراج واقع ہوئی ہے۔ اختلاف صرف معراج کی بعض تفصیلات میں ہے جیسا کہ ہم پہلے انشق قمر اور دجال کی

اور ان کی بنا پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مذاق اڑائیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا آپ نے ان واقعات کو بیان کیا۔ اسراء کے متعلق تو یہ تھا کہ جب مشرکین آپ کو جھوٹا کہتے تو آپ اپنے آپ کو بیت المقدس کا ذکر کر کے اور بعد کے قصے کے حالات بیان کر کے سچا قرار دیتے اور اس طرح ان پر غالب ہوتے (اور واقعۃً ہوا بھی ایسا ہی تھا۔) باقی رہا معراج تو بتلیئے کہ آپ کے پاس کونسی وہ ایسی چیز تھی۔ کہ جب مشرکین آپ کو جھوٹا قرار دیتے تو اس سے انہیں جھوٹا اور اپنے آپ کو سچا قرار دیتے؟ اگر آپ آسمان و زمان پر دیکھی ہوئی چیزوں کو بیان فرماتے تو اس سے مخالفین مطمئن نہ ہو سکتے تھے۔ اور نہ ہی آپ ان پر غالب آ سکتے تھے۔ کیونکہ انہیں قطعاً معلوم ہی نہ تھا کہ وہاں ہے کیا؟ لہٰذا اس میں اللہ رب العالمین کی گہری حکمت تھی کہ اس نے سورۃ بنی اسرائیل ـــــ جو ان پر تلاوت ہوتی تھی ـــــ میں معراج کے بغیر صرف اسراء ہی کا ذکر کیا۔

پھر یہ بھی خیال رہے کہ اس قول کے مطابق کہ اسراء اور معراج دونوں ایک ہی رات میں ہوئے تھے یہ بیت المقدس تک اسراء معراج کا مقدمہ اور پیش خیمہ تھا۔ اس صورت میں بھی مناسب تھا کہ معراج کے بغیر محض اسراء ہی کا ذکر کیا جائے۔ اس لئے کہ جب اسراء معلوم ہو گا تو اس کے بعد کا واقعہ یعنی معراج خود بخود سمجھ میں آ جائے گا۔ یہی

دلچسپی ہی تفصیلات میں اختلاف کا موجب ہو جاتی ہے۔

۳ ـــــ معراج کی جن تفصیلات کی نسبت مخالفین کہتے ہیں کہ ان کا صحیح ہونا ممکن نہیں ہے ان کی دو صورتیں ہیں یا تو ان کا ہونا محال ہے۔ یا ممکن۔ اگر ان کا ہونا محال ہے تو محض ان چیزوں کی خبریں ہی جھوٹی ہوں گی۔ نہ کہ معراج کی تمام باقی احادیث بھی۔ ایک ہی حادثہ میں سچ اور جھوٹ، ممکن اور غیر ممکن کے وقوع ہونے میں کوئی چیز مانع نہیں ہوتی مثال کے طور پر مشہور ہے کہ حاتم طائی سخی تھا۔ عنترہ بہادر تھا۔ اور قیس بن ملوح عاشق تھا۔ ان کے متعلق جو خبریں مشہور ہیں ان میں سچ بھی ہے اور جھوٹ بھی ممکن بھی ہے اور غیر ممکن بھی۔ لیکن ان کا جھوٹ یہ تقاضا نہیں کرتا کہ ان کے سچ کو بھی جھوٹ مان لیا جائے اور نہ ہی ان کے سچ کا یہ تقاضا ہے کہ ان کے جھوٹ کو بھی سچ قرار دے لیا جائے حاتم طائی کی سخاوت کے متعلق خبریں متواتر ہیں۔ لیکن ان میں بعض ایسی مبالغہ آمیز چیزیں شامل ہو گئی ہیں جنہیں عقل قبول نہیں کر سکتی لیکن ایسا نہیں ہو سکتا کہ ان چیزوں کی بنا پر حاتم طائی کے مطلق سخی ہونے کا انکار کر دیا جائے۔ بلکہ اسے سخی مانا جائے گا اگر نہیں مانا جائے گا تو ان چیزوں کو نہیں مانا جائے گا جو اس کی سخاوت کے بارے میں مبالغہ آمیز ہیں۔ اسی طرح عنترہ کے بہادر اور قیس کے عاشق ہونے کو تو تسلیم کیا جائے گا

احادیث میں بتا چکے ہیں۔ کہ ہر عظیم الشان اور اہم واقعہ کے لئے ناگزیر ہے کہ اس کے تفصیلی بیان میں اختلاف ہو اور جس قدر وہ واقعہ زیادہ عظمت والا ہوگا اسی قدر اس میں اختلاف زیادہ ہوگا لیکن اس اختلاف سے واقعہ میں کوئی نقص نہیں آتا۔ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، فرشتوں، جنت، دوزخ حساب و کتاب اور عذاب میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال میں بہت سے اختلافات موجود ہیں۔ اور تاریخ کی کوئی اہم شخصیت ایسی نہیں جس میں اختلاف نہ ہو۔ تو کیا اس اختلاف سے ان کے وجود سے انکار کر دیا جائے گا۔ اسی طرح معراج کی احادیث بھی ہیں۔ معراج کی بعض تفصیلات میں اختلاف معراج کے نہ ہونے کی ہرگز دلیل نہیں ہے۔ اختلاف کا ہونا ناگزیر ہے۔

اس جگہ ہم معراج کی بعض روایات کو دوسری روایات پر ترجیح دینا نہیں چاہتے۔ کیونکہ اس باب میں ہمارا مقصد ہرگز یہ نہیں ہے۔ بلکہ ہمارا مقصد صرف معراج کو ثابت کرنا ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ جو ایسے اہم مسائل مثلاً معراج، دجال اور قیامت کے حالات میں تطبیق دینے کی کوشش کرتا۔ ہماری رائے میں امر محال اور ناممکن کا ارادہ کرتا ہے۔ کیونکہ ان واقعات کی انتہائی شہرت عام روایت اور گہری

اب ہم ان امور کا ایک ایک کے جواب دینگے اس لیئے نہیں کہ انکے اشکال سے معراج میں نقص آتا ہے بلکہ صرف اس لیئے کہ ان لوگوں کے نزدیک یہ امور بذات خود مشکل ہیں اور ہماری یہ کتاب مشکلات کو رفع کرنے کے لیئے ہے۔

(۱) ——— نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انبیاء کو پہلے بیت المقدس میں پھر آسمان پر دیکھنا ——— اس بارے میں کئی ایک تفاسیر ہیں جن میں سے ہر ایک صحیح ہے۔

اولاً ——— ہو سکتا ہے کہ جن شخصیتوں کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا تھا وہ انبیاء کی روحیں ہوں جنہیں آپ نے پہلے بیت المقدس میں دیکھا۔ اور پھر انہیں آسمان کی طرف لے جایا گیا ہو۔ اور وہاں آنحضور نے انہیں دیکھا ہو۔ روحوں کے بارے میں مفصل گفتگو ہم احادیث عذاب قبر میں کر چکے ہیں۔

ثانیاً ——— ممکن ہے کہ اللہ رب العالمین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خاطر انبیاء کی شخصیتوں کو دوبارہ پیدا کر دیا ہو۔ جس سے ایک بلیغ حکمت کی بنا پر آپ نے انہیں زمین اور آسمان میں دیکھا ہو۔

ثالثاً ——— ہو سکتا ہے کہ انبیاء کو تمثیلی طور سے آنحضرت کو دکھایا گیا ہو۔ اور آپ نے ان سے بات چیت کی ہو۔

یہ تین تفاسیر ایسی ہیں جن کے نظائر اللہ تعالیٰ کے افعال اور

لیکن ان چیزوں کو قبول نہیں کیا جائے گا جن میں ان کے عشق اور بہادری کے تعلق مبالغہ سے کام لیا گیا ہے۔ اس طرح جملہ مشہور لوگوں کی خبریں اور بعض بڑے حادثات میں بعض ایسی "بالغہ آمیز" چیزیں واقع ہوئی ہیں جنہیں قبول نہیں کیا جا سکتا۔ انبیاء علیہم السلام کے معجزات، ان کے پیروؤں کی کرامات اور جنت و دوزخ اور مابعد الموت کے حالات میں بھی بہت سی ایسی چیزیں پائی جاتی ہیں لیکن ان سے ان کے مطلق حق ہونے میں کوئی نقص نہیں آتا۔ اسی کی مثال معراج کی احادیث ہیں۔ جبکہ ہم یہ فرض کریں کہ اس میں بعض ایسی چیزیں واقع ہوئی ہیں جن کا ہونا ممکن نہیں۔ اس صورت میں صرف انہیں چیزوں کا رد کرنا لازمی ہے کہ ان کا معاملہ اصل معراج سے فروتر ہے۔

یہ تو اس صورت میں تھا جب کہ ہم ان چیزوں کے ہونے کو غیر ممکن فرض کریں۔ اب رہی دوسری صورت یعنی یہ کہ ان چیزوں کا واقع ہونا ممکن ہے تو اس صورت میں مخالفین کا شبہ یکسر باطل ہو جاتا ہے۔ لہٰذا یہ شبہ ہر مفروضہ صورت کے لحاظ سے معراج میں کوئی نقص نہیں ڈالتا۔

پھر یہ بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ جن امور کا یہ لوگ انکار کرتے ہیں وہ امور اسراء میں بھی واقع ہوئے ہیں تو کیا یہ لوگ اسراء کا انکار کریں گے حالانکہ اسراء قرآن میں مذکور ہے؟

نظام کو خود بخود پیدا ہو جانے والا قرار دیتے ہیں۔ اور ہمیں ان سے خدا
..... کے پیدا کردہ سمجھتے ہیں۔ چنانچہ اسراء و معراج کے واقعات
میں جو کچھ دیکھا وہ سارے واقعات پیش آئے وہ سب در اصل خوارق و عجائب
تھے۔ اس رات جو کچھ ہوا وہ خدا کا عام طور پر چلنے والا دستور نہ تھا۔ اس
میں کسی کو شک نہیں ہو سکتا۔ احادیث میں کثرت سے صحیح طور پر روایت
ہے کہ بعض پتھر، درخت، جمادات اور حیوان نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
گفتگو کرتے تھے۔ اور آپ ان کی گفتگو کو سمجھتے تھے۔ اس کے معنی یہ نہیں
ہیں کہ گفتگو کرنا ان درختوں اور پتھروں کا عام دستور ہے بلکہ یہ سب چیزیں
اس کائنات کے پیدا کرنے والی علیم و علیہ ہستی کے خوارق تھیں۔ پس جو
لوگ یہ کہتے ہیں کہ انبیاء بالکل اسی طرح زندہ ہیں اور دنیوی زندگی رکھتے
ہیں، جیسا کہ مرنے سے پہلے زندگی رکھتے تھے۔ کیونکہ انہوں نے اسراء
و معراج کی رات بیت المقدس میں نماز پڑھی تھی" ——— انہیں اپنے
اس بیان کو بہت غور سے پڑھنا چاہیئے۔ یہ لوگ تو یہاں تک کہہ بیٹھے
ہیں۔ کہ انبیاء مرنے کے بعد دنیا کی زندگی سے ..... زیادہ کامل زندگی اور تصرف رکھتے ہیں ——— ہمارا لغو اور باطل
ہے۔ ورنہ اس صورت میں موت کے کیا معنی ہو جاتے ہیں۔ ان کی
رائے کے مطابق تو موت ہے ہی نہیں۔ حالانکہ ایسا کہنا اصول دین

موجودہ زمانہ کے علوم میں ملتے ہیں۔ اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ ایک وقت ایک ہی ذات دو جگہ موجود ہو۔ ہرگز نہیں۔

(ب) خدا کی عام سنت جس کا تمام بنی نوع انسان پر اطلاق ہوتا ہے یہ ہے کہ جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے اعمال منقطع ہو جاتے ہیں جیسا کہ آنحضور نے خود فرمایا "اذا مات ابن آدم انقطع عملہ"۔ لیکن اس کے باوجود اللہ تعالےٰ بعض خوارق (ایسے انوکھے اور عجیب و غریب امور جو عام دستور سے علیحدہ ہوں) پیدا کرتا ہے جو یا تو انبیاء کے معجزات کی شکل میں ہوتے رہیں۔ یا اولیاء کرام کی کرامات کی صورت میں جیسا کہ ہمیں معلوم ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اپنے بہت سے انبیاء کو مختلف موقعوں پر مختلف معجزات عطا فرمائے لیکن یہ معجزات، کرامات اور خوارق اللہ تعالےٰ کی عام سنت نہیں ہیں۔ جو قدرتی طور پر ہر شخص میں پائے جاتے ہوں لہٰذا جو حدیث ہمیں یہ بتاتی ہے کہ جب ابن آدم مرجاتا ہے تو اس کے تمام اعمال منقطع ہو جاتے ہیں" اس کا منشا دراصل اللہ تعالےٰ کی عام سنت کو بتانا ہے۔ باقی رہا انبیاء کا اسراء و معراج کی رات نماز پڑھنا تو دراصل اس کا تعلق خوارق و معجزات کی قسم سے تھا۔ خوارق پر ہر شخص کا ایمان ہے خواہ وہ کافر ہو یا مومن۔ لیکن فرق صرف یہ ہے کہ کافر کہتے ہیں کہ یہ خوارق طبیعت (کائنات) میں خود بخود ہوتے ہیں کسی ارادہ کے پیدا ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ وہ کائنات کے

کیونکہ موت کے بعد مومنین کی روحوں کو تو آسمان پر لے جایا جاتا ہے اور کافروں کی روحوں کو اسفل سافلین میں کہ جہنم ہے۔ یہ ہے آیت کا مطلب۔ اس سے قطعاً اس چیز کی نفی نہیں ہوتی۔ کہ ان کی روحوں کو کسی مصلحت کی بنا پر ایک دن آسمان پر لے جایا جائے۔

علاوہ بریں "دروازہ کھولے جانے" کے محاورے سے رحمت، قبول اور تقرب مراد لیا جاتا ہے۔ اور "دروازہ بند ہو جانے" کا مطلب دوری غیظ، غضب اور دھتکارا جانا سمجھا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر عربی زبان میں کہتے ہیں۔ هٰذَا دُعَاءٌ تُفَتَّحُ لَهُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ (یہ ایسی دعا ہے جس کے لئے آسمان کے دروازے کھولے جائیں گے۔) هٰذَا عَمَلٌ تُغْلَقُ دُوْنَهُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ (یہ ایسا عمل ہے جس پر آسمان کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں۔) پہلی مثال کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس دعا کو قبول فرمائے گا اور اس سے خوش ہوگا اور دوسری مثال کا مطلب یہ ہے کہ یہ عمل صحیح نہیں ہے لہٰذا رد کر دیا جائے گا۔ اسی طرح آیت لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ کے معنی یہ ہیں کہ وہ خدا سے دور ہوں گے اور ان پر اس کا غیظ و غضب ہوگا۔ ایک اہل زبان خالص عربی دان کہتا ہے۔ لَا تُفَتَّحُ لِفُلَانٍ اَبْوَابُ الْمُلُوْكِ (فلاں آدمی کے لئے بادشاہوں کے دروازے

عقل سلیم اور اجماع امت کے خلاف ہے۔

(ج) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نیل اور فرات کو آسمان میں دیکھا حالانکہ یہ دونوں دریا زمین میں موجود ہیں۔ اس کے متعلق مفصل بحث گذشتہ صفحات میں گزر چکی ہے۔

(د) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آدم علیہ السلام کے گرد کافروں اور مومنوں کی اولاد کو دیکھا حالانکہ آیت لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَلَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ (کافروں پر آسمان کے دروازے کھولے نہ جائیں گے اور وہ جنت میں داخل نہ ہوں گے) اس کے خلاف ہے۔

اس جگہ آیت کا منشاء دراصل اور ہے اور حدیث کا اور۔ آیت کا مطلب تو یہ ہے کہ کافر جنت میں داخل نہ ہوں گے۔ چنانچہ اگلی آیت یعنی وَلَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ اس کی تفسیر ہے۔ اس کے برعکس حدیث یہ بتاتی ہے کہ کافروں کی روحوں کو کچھ وقت کے لئے کسی حکمت کی بنا پر معراج کی رات آسمان پر لے جایا گیا۔

پھر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آنحضورؐ کو کافروں کی روحوں کی تمثیل دکھائی گئی ہو۔ اور آپ نے ان کی تمثیل کو دیکھا ہو نہ کہ بعینہٖ ان ہی کو۔

علاوہ ازیں آیت کا مطلب یہ ہے کہ کافروں کو مومنوں جیسی شان و شوکت اور عزت افزائی کے ساتھ آسمان پر نہ لے جایا جائے گا۔

پاس آدمیوں کی شکل میں آتی ہیں۔ اور وہ انہیں محسوس کرتے ہیں۔ یہ چیز اسلام کے بہت سے علماء سلف کے آثار کے موافق ہے۔

(۱۰) فرشتوں کا آنحضورؐ کے سینہ مبارک کو چاک کرنا۔

یہ خبر مرسل مبنی برحق ہے اور اس میں سے کسی چیز کو بھی عقل و درایت سے غلط ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ آج ہم بہت سے جراحوں کو دیکھتے ہیں کہ بعض اوقات اعضاء کو اس طرح چیرتے اور پھاڑتے اور پھر انہیں جوڑتے ہیں کہ محض دنگ رہ جاتی ہے۔ لیکن تعجب ہے کہ ہم اسی چیز کو حدیث میں سن کر اس کا انکار کر دیتے ہیں۔

(۱۱) ——— ہم یہ نہیں چاہتے کہ اپنے مخالفین سے اس طرح بحث کریں جس طرح مومنین کا ایک گروہ ایک دوسرے طریقہ سے بحث کرتا ہے جسے نہ ہم پسند کرتے ہیں اور نہ نظر اس کی اجازت دیتی ہے۔ اور وہ طریقہ یہ ہے کہ ہم اس چیز کے دلائل پیش کرنے کی کوشش کریں کہ انسان کا کرۂ ہوائی کے اوپر جانا و زندہ رہنا ایک ایسا امر ہے جو عالم طبعی کے مطابق ہو۔ ہی ہے تمام مخلوق اس سے واقف ہے اور وہ اپنے باب میں کوئی تعجب خیز چیز نہیں ہے گو ہم ایسا کریں گے تو گویا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کرۂ ہوائی سے اوپر جانے اور زندہ رہنے کو آپ کے معجزہ اور نبوت کی خصوصیات سے ہٹانے

کھولے نہ جائیں گے) ظاہر ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص بادشاہ کا مقرب نہ ہوگا اسے ان کے نزدیک جاہ و حشمت کا مرتبہ حاصل نہ ہو گا۔ اور وہ اس کی تعظیم نہ کریں گے۔ اس کے برعکس عبارت اس کے برعکس معنی بتاتی ہے۔

پھر آیت کا مطلب یہ ہے کہ کافر اپنے جسموں سمیت آسمان میں داخل نہ ہوں گے۔ اس کے برعکس معراج کی حدیث میں ہے کہ آنحضور نے محض ان کی روحوں کو دیکھا۔

(۴) کیا روحیں دکھائی دیتی ہیں؟ ——

روحوں کے بارے میں دو مذہب ہیں۔ یک مذہب کہتا ہے کہ روحیں جوہر (ایسی چیز جو بذات خود قائم ہو) ہیں اور دوسرا مذہب کہتا ہے کہ وہ عرض (ایسی چیز جو دوسرے کے سہارے قائم ہو) ہیں پہلے قول کے لحاظ سے —— اور دراصل یہی قول صحیح ہے —— بلاشبہ جوہر کو دیکھا جا سکتا ہے اور اس کا ادراک آنکھ سے ہو سکتا ہے دوسرے قول کے مطابق کہا جائے گا کہ عرض جب جسم کی شکل میں ہو تو اسے دیکھا جا سکتا ہے چنانچہ فرشتے اور جن شکلوں میں تبدیل ہوتے ہیں۔ آج کل اہل فرنگ ان سے روحوں کو حاضر کرنے والے یہ دعوے کرتے ہیں کہ وہ روحوں کو دیکھتے ہیں۔ اور روحیں ان کے

معراج جیسے معجزات کے متعلق یہ ثابت کرنے میں دماغ سوزی کی جاتی ہے کہ یہ معجزات عالم طبعی سے خارج نہیں ہیں۔ محض ایک رسول ہی کو یہ معجزات حاصل نہیں ہوتے اور ان میں کسی فضل و کرم اور برگزیدگی کا تعلق نہیں ہے۔ اس طرح سے ہم کس نتیجہ پر ہرگز نہ پہنچ سکیں گے جہاں تک پہنچنے کی ہم کوشش کر رہے ہیں۔ [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم کا رسول ثابت کرنا بلکہ ہماری پوری کوشش آنحضرت کا آپ پر ایمان لانے سے روکنے کا باعث بنے گی۔ اس لیے اب ہم مخالف پر یہ ثابت کریں گے کہ معراج [illegible] آپ اور آپ کے علاوہ ہر وہ انسان جسے حاصل کر سکتا ہے نہ سائنس یہ ثابت کر سکتا ہے کہ [illegible] رسول اور رسول معجزات کے [illegible]

اور [illegible] ہے اور یہ حاصل ہوتی ہے ایسے انسان کے سامنے ہم معراج پر دلائل پیش کرنے لگیں جو سرے سے اللہ کی قدرت کو نہ مانتا ہو بلکہ اس کی ذات ہی سے ناواقف ہو اور معجزات اور تمام خوارق کا انکار کرتا ہو۔ ابتداء اس شخص کے سامنے انہی چیزوں کو ثابت کرنے کی کوشش نہ کرنی چاہیئے۔ بلکہ سب سے پہلے اس کے سامنے اللہ تعالیٰ کی ذات اور قدرت اور اس کے افعال نمایاں ہونے پر

باہر نکالیں گے۔ ایسا کام صرف وہی شخص کر سکتا ہے جو خدا کے قادر و مختار اور "فعال لما یرید" معبود ہونے کا اقرار نہ کرتا ہو۔ اور یہ وہی شخص کا کردار ہو سکتا ہے جو رسالت و معجزات اور خوارق کا انکار کرتا ہو حالانکہ یہی اسلام کا بنیاد ہے۔

ان حقائق کو ثابت کرنے میں وہ طریقہ جسے ہم بھی پسند کرتے ہیں اور جس کی منطق بھی اجازت دیتی ہے یہ ہے کہ جو شخص ہم سے مخاطب ہو اس سے ہم کہیں کہ تمہاری دو ہی حیثیتیں ہیں۔ یا تو تمہارا اللہ اور اس کے رسولوں اور کتابوں پر ایمان ہے یا تم ان تمام کے منکر ہو۔ اگر تمہاری حیثیت پہلی ہے تو ہمارا فرض محض تم کو یاد دہانی کرا دینا ہے کہ معراج کا واقعہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح سند کے ساتھ ثابت ہے اس واقعہ کے ممکن ثابت کرنے کے لئے یہ چیز کافی ہے اور اس کے ثابت ہونے کا پورا انحصار اس کی سند کے ثابت ہونے پر ہے ..... اور اگر تم دوسری حیثیت رکھتے ہو تو اس سے پہلے کہ ہم تم پر معراج یا اسی قسم کی دوسری جزئیات دین ثابت کریں زیادہ ضرورت اس چیز کی ہے کہ ہم تمہارے سامنے دلائل قائم کریں۔ منکرین کی تردید اور ان سے بحث کرنے کا صحیح ڈھنگ یہی ہے۔ بحث کا صحیح ڈھنگ اور مناسب طریقہ یہ نہیں ہے کہ جو شخص اللہ رسول اور کتابوں کا انکار کرتا ہو اس کے سامنے خواہ مخواہ

یہی وہ طریقہ ہے جسے ہم بھی پسند کرتے ہیں۔ اور جس کی علم منطق بھی اجازت دیتا ہے۔ لیکن اگر ہم وہ طریقہ اختیار کرنا چاہیں جسے نہ ہم پسند کرتے ہیں اور جس کی اجازت علم منطق بھی نہیں دیتا۔ تو ہم ان مخالفین سے کہیں گے:۔

واہ! سبحان اللہ! کیا تعجب خیز اور مضحکہ انگیز مقام ہے کہ انگلستان اور دوسرے مغربی ممالک کے لوگ چاند اور مریخ تک پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور امید رکھتے ہیں کہ ایک نہ ایک دن وہ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہو کر رہیں گے۔ اور تم ان کی امید کی تصدیق کرتے ہو۔ اور اسے ان کی قدرت کی بنا پر قطعاً محال نہیں دیتے۔ ہم پوچھتے ہیں کہ یہی چیز تم اللہ تعالےٰ کی قدرت کے بارے تسلیم کیوں نہیں کرتے؟ کیا سمجھ بوجھ اور فکر میں اس سے بڑھکر کوئی نقص ہو سکتا ہے؟ کیا وہ اللہ جس نے انسان کو پیدا کیا اور اسے ہوا اور سانس کا محتاج بنایا اس چیز پر قادر نہیں ہے کہ اپنے بندوں کو ان دونوں چیزوں سے بے نیاز کر دے اور وہ ان کے بغیر رہنے لگیں؟ کیا وہ اللہ جو بچوں کو حاملہ عورتوں کے شکموں میں بغیر ہوا اور سانس کے زندہ رکھتا ہے اور جس نے مچھلیوں کو اتنی قدرت دی ہے کہ وہ ہوا اور سانس ——— جن کے بغیر خشکی کے جانور زندہ نہیں رہ سکتے ——— کے بغیر سمندروں

دلائل قائم کرنے چاہئیں۔ لیکن نہایت ہی افسوس کا مقام ہے کہ اس زمانہ میں بحث کرنے کے ڈھنگ نہایت ہی بے مقصد اور لاحاصل ہیں۔ آج کل لوگ ان چیزوں میں توجہ پیش قدمی کرتے ہیں جنہیں محسوس اور جن کا تجربہ کیا جاسکتا ہو۔ اور باقی رہیں وہ چیزیں جن کا تعلق سراسر عقل اور نظر سے ہے تو ان میں وہ بہت پیچھے ہٹے ہوئے ہیں۔ حالانکہ یہ دونوں امور ہرگز ایک دوسرے کے لازم ملزوم نہیں ہیں۔ یہ ہرگز ضروری نہیں ہے کہ جو انسان ظاہری چیزوں کا احساس رکھتا ہو وہ عقل اور پیچیدہ معاملات کے سمجھنے کی طاقت بھی رکھے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ بچے اور بہت سے صنعت پیشہ لوگ ان امور میں تو ماہر ہوتے ہیں جن کا تعلق احساس اور تجربہ سے ہوتا ہے۔ لیکن ان امور میں وہ بالکل بے بہرہ ہوتے ہیں جن کا تعلق عقل و نظر سے ہوتا ہے بلکہ ایک بے زبان حیوان بھی محسوس چیز سے واقف اور اس پر یقین رکھتا ہے لیکن وہ کسی عقلی چیز کو نہیں پہچانتا۔ اگر آپ موجودہ دور کے رسائل، اخبارات اور کتابوں پر غور کریں گے کہ ان میں لوگ کس طرح ایک دوسرے سے بحث مباحثہ کرتے اور اپنے کو بڑا اور دوسرے کو چھوٹا قرار دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ تو آپ پر یہ حقیقت منکشف ہو جائے گی کہ لوگ منطق اور بحث کے طریقوں میں کس قدر پیچھے رہ گئے ہیں۔

جو تیل سے بھرا ہوتا ہے۔ اس کے بعد اس پر نہایت مضبوطی سے اس طرح سے تالا لگا دیا جاتا ہے کہ ہوا کسی راستہ سے بھی اس تک نہ پہونچ سکے کتنی ہفتوں تک وہ اس طرح رہتا ہے اور پھر زندہ نکل آتا ہے۔ مصر کے ایک اخبار کا بیان ہے بلکہ اسے شیخ رشید رضا نے اپنی کتاب "الوحی المحمدی" میں بھی بیان کیا ہے کہ ان سادھوؤں میں سے ایک سادھو کے وہ تمام مسام اور راستے روئی کے ذریعے بند کر دیئے گئے۔ جن کی بدولت ہوا اس کے جسم کے اندر داخل ہو سکتی تھی۔ پھر اسے ایک صندوق میں ڈال کر نہایت مضبوطی سے تالا لگا دیا گیا اور اس کے بعد صندوق کو زمین میں دفن کر دیا گیا۔ چالیس دن تک وہ سادھو زمین میں دفن رہا لیکن جب نکالا گیا تو زندہ نکلا۔ یہ واقعہ اس وقت ہوا جبکہ ہزاروں دیکھنے والے موجود تھے۔ بلکہ سیاسی لیڈروں اور ڈاکٹروں کی ایک جماعت بھی موجود تھی۔ ..... جلا اللہ رب العالمین اس طرح کے کام سے کیسے عاجز آ جائے گا؟

(۵) ——— آسمان کے دروازے ہیں کہ نہیں۔

یہ کہنا کہ آسمان کے دروازے نہیں ہیں صرف کہنا ہی نہیں ہے اور یہ ایک ایسا دعوے ہے جس کی کوئی دلیل نہیں ہے (وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ) (يَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ) حالانکہ قرآن کہتا ہے لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ

کی گہرائیوں میں زندہ رہ سکیں اس قدر قدرت نہیں رکھتا کہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے کہ دونوں چیزوں سے بے نیاز کر دے ؟ کیا ہوا اور جو کچھ بھی ہوا سے اوپر ہے اللہ تعالےٰ کی تابع نہیں ہے۔ اور اللہ تعالےٰ جہاں چاہے، جسے چاہے، جب چاہے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہیں کر سکتا ؟ خود انسان کو لے لیجئے۔ اس کی ہستی کیا ہے۔ گوشت اور ہڈیوں کا نہایت ہی کمزور ڈھانچہ ہے لیکن پھر بھی ہوا کو اپنا تابع بناتا ہے، اپنی مرضی کے مطابق اسے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتا ہے۔ جس جگہ کو چاہتا ہے اس سے خالی کر دیتا ہے اور جس جگہ چاہتا ہے اسے بھر دیتا ہے، غوطہ خور، آبدوز کشتیوں میں ہوا بھر کر سمندر کی تہوں میں اتار دیتا ہے اسے پیش نظر رکھتے ہوئے غور تو کیجئے کہ جس اللہ نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے کیا وہ اس قدر عاجز و درماندہ ہے کہ وہ کام بھی نہیں کر سکتا جسے وہ کمزور انسان سرانجام دے سکتا ہے جس کی بقا ہوا اور سانس کے بغیر ممکن ہی نہیں ؟

سنا ہے کہ ہندوستان کے سادھو اس قدر نفس کشی کرتے اور چلے کھینچتے ہیں کہ بڑے بڑے دہشت انگیز کام سرانجام دیتے ہیں اور کافی مدت تک ہوا اور سانس کے بغیر زندہ رہ سکتے ہیں چنانچہ بہت سی کتابوں میں لکھا ہے کہ ان میں سے ایک سادھو اپنے آپ کو ایسے برتن میں ڈال دیتا ہے

گفتگو اوپر ہو چکی ہے۔

(۶) ——— آسمان سات ہیں اور وہ ان سات افلاک کے علاوہ ہیں جو اہل نجوم اور اہل فلک کو معلوم ہیں۔

آسمانوں کی تعداد صرف معراج کی احادیث ہی میں نہیں بلکہ قرآن اور بہت سی متواتر حدیث میں بھی مذکور ہے کسی عالم کے نزدیک سات آسمانوں کے موجود ہونے میں شک نہیں ہے۔ اختلاف اگر ہے تو ان کے معین کرنے میں نہ کہ ان کے موجود ہونے میں۔ معراج کی احادیث انہیں معین نہیں کرتیں کسی جاننے والے کا یہ دعوے نہیں ہے کہ وہ ہر اس چیز کو جانتا ہے جس کے وجود پر موجودہ زمانہ کے اہل علم کا اتفاق ہے کہ فضاء آسمانی کی کوئی حد اور انتہا نہیں ہے لہذا لازمی طور پر جو مخلوقات اس بے حد و انتہا فضاء میں موجود ہیں ان کا کوئی انسان ادراک نہیں کر سکتا اور نہ ہی انہیں دیکھ سکتا ہے۔ دوربین کے ذریعہ ہم ایک محدود حد تک دیکھ سکتے ہیں۔ اور پھر اس کے ساتھ ادراک ختم ہو جاتا ہے لہذا جو شخص احادیث کے بتلائے ہوئے سات آسمانوں کا اس بنا پر انکار کرتا ہے کہ دوربین کے انہیں نہیں دیکھا وہ گویا مندرجہ بالا حقائق کا انکار کرتا اور خود اپنی جانی ہوئی چیز سے نادان بنتا ہے۔ ہمارے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ سات آسمان ان ستاروں کے علاوہ ہیں۔ جنہیں آج لوگوں نے

ان کے لئے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے۔

مشرق یا مغرب کے کسی عالم کا یہ دعوے نہیں ہے کہ اسے ہر اس چیز کا علم ہے جو اللہ نے پیدا کی ہے جب یہ لوگ ہم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہم بلا دلیل آنحضورؐ کے کلام کو ترک کر دیں تو ہم ان کے قول کو بلا دلیل کیسے قبول نہ کریں؟ ..... اگر واقعی اس چیز کو صحیح بھی مان لیا جائے کہ آسمان کا کوئی دروازہ نہیں ہے تو حدیث اس کی مخالفت نہیں کرتی۔ آنحضورؐ نے صرف یہ فرمایا ہے فُتِّحَتْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ "آسمانوں کے دروازے کھولے گئے" یا اسی طرح کے دوسرے الفاظ ہیں۔ اس سے اس چیز کی صاف صاف نفی نہیں ہوتی جس کی یہ مخالفین نفی کرتے ہیں۔ اس لئے کہ کہا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ | اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔ |
| اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ | اے اللہ! ہمارے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔ |

اس قسم کی مثالوں میں ابواب سے مراد واقعی دروازے اور افتح سے مراد واقعی کھولنا نہیں ہوتا۔ اس طرح یہ کہنا کہ آسمان اس قابل نہیں ہے کہ اس میں ٹوٹ پھوٹ اور کٹاؤ واقع ہو سکے "محض وہم ہی وہم ہے جس پر کوئی دلیل نہیں۔ اس کے علاوہ معراج کی احادیث میں تو کھولنے کا لفظ آیا ہے نہ کہ ٹوٹ پھوٹ اور کٹاؤ کا اور کھولنے کے بارے میں مفصل

رات میں طے ہو جانے پر دلائل قائم کرتے رہیں۔ تو ہم ایک ایسا کام کریں گے جسے منطق ہرگز جائز قرار نہیں دیتی، معراج اور اس پر ایمان کی اللہ اور اس پر ایمان کے مقابلہ میں حقیقت ہی کیا ہے؟ لیکن اگر ہم یہی دلائل اس وقت قائم کریں جبکہ وہ اللہ کی قدرت کا مومن ہو اور اسے زمین و آسمان کا، تمام موجودات کا اور جملہ مافوق، دوریوں اور قوتوں کا پیدا کرنے والا مانتا ہو۔ تو اس کے لئے اس چیز پر ایمان لانا ہرگز مشکل نہ ہوگا کہ اللہ تعالےٰ اپنے رسول کو جس قدر چاہے ایک ہی رات میں لے جا اور پھر واپس لا سکتا ہے۔ اللہ تعالےٰ کا اپنے رسول کو ایک ہی رات میں آسمان پر لے جانا انسان کو پیدا کرنے اور اس میں باقاعدہ کارخانہ جاری کرنے سے زیادہ دشوار اور تعجب خیز نہیں ہے وہ بہرحال اس آنکھ کے پیدا کرنے سے کم عجیب و غریب ہے جس کے معمولی ہونے کے باوجود ہم اس کے ذریعہ کروڑوں میل کے فاصلہ پر آسمانی ستاروں، چاند اور سورج کو ایک سیکنڈ میں بلکہ اس سے کہیں کم وقت میں دیکھ لیتے ہیں۔ اس سے زیادہ تعجب خیز چیز یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے ایک سفید قطرہ سے ہماری زبردست عقلوں کو، بے انتہا علوم کو اور عجیب و غریب حواس کو پیدا کیا ہے ..... لیکن جب ایک چیز کو بہت زیادہ دیکھا جاتا ہے تو اس سے سامان عبرت حاصل نہیں ہوتا۔

دیکھا اور جنہیں اہل فلک نے جانا ہے۔ ان سے مراد آسمانوں کے سات طبقے ہیں جو اس غیر محدود فضا میں بہت زیادہ دور ہیں۔ اس کا اشارہ گذشتہ اور موجودہ فلاسفہ سب ہی کرتے ہیں۔ پس انسان نے تا حال ان آسمانوں کو نہیں دیکھا نہ آنکھ سے اور نہ ہی کسی نزدیک اور ظاہر کرنے والے آلہ سے۔ اس لئے اس کے لئے صحیح نہیں ہے کہ جب تک وہ کسی چیز کو دیکھے اس وقت تک اس چیز کے وجود کا اس لئے انکار کرتا رہے۔ کہ اس نے اسے نہیں دیکھا حالانکہ وہ خود اعتراف کر چکا ہے کہ فضا کی کوئی انتہا نہیں ہے۔

(۷) ——— زمین سے آسمان تک کی مسافت کا ایک ہی رات میں طے ہو جانا۔

اس چیز کا تعلق اللہ رب العالمین کی قدرت اور اس پر ایمان سے ہے۔ جو شخص معراج کا انکار کرتا ہے وہ لازمی طور پر اللہ اور اسکی قدرت کا بھی منکر ہوگا۔ ایسے شخص کو مطمئن کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم اس کے سامنے اس قادر مطلق الہ کے وجود پر دلائل قائم کریں جو جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اگر وہ اللہ تعالےٰ کی ذات اور پھر اس کی قدرت کو پہچان لے گا۔ تو اس پر اس چیز کا سمجھ لینا چنداں دشوار نہ ہوگا۔ لیکن اگر وہ اللہ اور اس کی قدرت کا تو انکار کرتا ہو اور ہم اس کے سامنے ان مسافات کے ایک

اور ابتداء پرلانے کی بجائے پہلے آدمی کے سورج تک چڑھ جانے پر ایمان لائے گا۔ اسی طرح اگر کسی عقل مند انسان نے کبھی سورج، چاند اور ستاروں کو نہ دیکھا ہو اور گھر سے باہر نکل کر کبھی آسمان کی طرف نگاہ نہ اٹھائی ہو اور پھر اس سے کہا جائے کہ جس گھر میں تم بیٹھے ہو اس کے اوپر ایک بہت روشن چیز موجود ہے جو ساری زمین سے لاکھوں گنا بڑی ہے اور فضا میں لٹکی ہوئی ہے۔ کوئی چیز سے اٹھائے ہوئے نہیں ہے اور وہ زمین پر نہیں گرتی تو یقیناً وہ عقل مند انسان اس بات کو خرافات خیال کرے گا۔ اور قدرت اور امکان کے لحاظ سے اس کو معراج کی نسبت زیادہ انوکھا اور نادر سمجھے گا۔ آج ہم بھی سورج، چاند اور ستاروں کو اپنے اوپر ہوا میں دیکھتے ہیں۔ لیکن ہمیں تعجب نہیں ہوتا اور نہ کوئی عبرت حاصل کرتے ہیں۔

وَفِیْ کُلِّ شَیْءٍ لَہٗ اٰیَۃٌ تَدُلُّ عَلٰی اَنَّہُ اَحَدٌ

(ترجمہ) اور ہر چیز میں اللہ کی ایک ایسی نشانی ہے جو اس بات کا پتہ دیتی ہے کہ وہ واحد ہے

حقیقت یہ ہے کہ جس چیز کا مخالفین نے اس بنا پر انکار کیا ہے کہ وہ اسے بعید اور محال سمجھتے ہیں اس جیسی بلکہ اس سے زیادہ عجیب و غریب چیزیں وہ ہر روز اپنی زندگی میں دیکھتے ہیں۔ سورج اور زمین کے درمیان ۹۳۰۰۰۰۰۰ میل کی مسافت ہے کیا اس کی کہنیں ایک [illegible]

فرض کیجئے کہ انسان میں دیکھنے کی طاقت پیدا ہی نہ ہوئی ہوتی اب اگر اس کے سامنے آنکھ اور اس کی قوت کے متعلق بیان کیا جاتا کہ وہ ایک سیکنڈ میں اس قدر کا لاکھوں کی مسافت کو طے کر جاتی ہے اور وہاں کی چیزوں کا ادراک کر جاتی ہے جسے ہم چلنے سے ہزاروں لاکھوں برس میں بھی طے نہیں کر سکتے تو وہ اس چیز کو سراسر وہم خیال کرتا اور اسے معراج اور اس کے قصہ سے زیادہ عجیب و غریب سمجھتا۔ اگر آج کوئی انسان یک لخت سالم جسم کے ساتھ پیدا ہو جائے کہ ہمارے دادا آدمؑ کی پیدائش ہوئی تھی۔ اور پھر وہ لوگوں کو نہایت کامل و بالغ اور عورتوں کو پیکر حسن و جمال دیکھے جن سے آنکھ سیر نہ ہوتی ہو تو وہ کبھی ان کی حقیقت سے واقف نہیں ہو سکتا۔ اگر اسے ان کی ابتدا اور حقیقت بتائی جائے کہ ایک وقت تھا جب کہ یہ تنومند اور خوبصورت چلتے پھرتے انسان اس گندے، حقیر و ذلیل اور سفید پانی کا ایک قطرہ تھے یا مٹی تھے تو ممکن نہیں کہ وہ اس بیان کی تصدیق کر سکے اس کے برعکس اگر اس سے کہا جائے کہ جن انسانوں کو تم زمین میں چلتا پھرتا دیکھتے ہو ان میں سے ایک آدمی کو اس سورج تک بلکہ اس سے بھی اوپر لے جایا گیا۔ اور پھر اسی رات اسے واپس بھی لایا گیا تو وہ اس چیز کو پہلی کی نسبت زیادہ قریب عقل خیال کرے گا اور اگر اس کا ایمان لانا ممکن ہو تو وہ انسان کی اصلیت

آج کل فادر فتحا۔ پر ایمان لانا اولین ضروریات میں ہو گیا ہے۔ اس بارے میں صرف وہی لوگ اختلاف کرتے ہیں جنہیں دراصل الحاد اور کفر سے دلی عشق و فریفتگی ہے ان کا کفر اپنی خواہشاتِ نفس کی بنا پر ہے نہ کہ اس وجہ سے کہ ان کے پاس اس کے دلائل ہیں۔ اس صورت میں ہماری یہ کوشش کہ یہ لوگ معرفتِ خداوندی پر ایمان لے آئیں سراسر لایعنی و بے حاصل ہوگی

اگر کوئی انسان ——— خواہ وہ پیدائشی ذہنی ہی کیوں نہ ہو ——— اپنے جسم کے سب سے چھوٹے عضو پر غور و فکر کرے کہ اس میں کیا کیا حکمتیں اور کام اور پوشیدہ ہیں، اس میں کیا مصلحت اور نکتہ ہے۔ یہ بدن میں کیسے بہن اسی جگہ رکھا گیا ہے جہاں یہ سب سے زیادہ مناسب تھا۔ اور اس کا اندازہ، شکل، رنگ اور کشادگی کیسے اپنی ضرورت اور حال کے مطابق۔ اس کے بعد اسے چاہیئے کہ خود اپنی اصلیت میں اور اس مادہ پر غور کرے جس سے اس کی پیدائش ہوئی ہے، وہ سوچے کہ اس کے تمام اعضا کی نشوونما کیسے ایک مناسب اور موزوں طریقہ سے ہو رہی ہے۔ اور اس سے پہلے وہ کیوں کہ ایک حالت سے دوسری حالت میں اور ایک پیدائش سے دوسری پیدائش میں منتقل ہوتا رہا ہے۔ پھر اسے چاہیئے کہ اس عضو کے

ہیں ہم تک پہنچ جاتی ہیں روشنی کی رفتار دو لاکھ میل فی سیکنڈ ہے اور یہ روشنی جو اس تیزی سے ہمارے پاس آتی ہے محققین نے تحقیق کی ہے کہ وہ مادہ (Matter) یعنی جوہر ہے نہ کہ عرض پس جب موجودات کو وجود دینے والے نے روشنی کو ——— جو جسم رکھتی ہے ——— یہ تیزی اور قوت بخشی ہے تو بھلا وہ اس چیز سے کیسے عاجز آ جائے گا یا اس میں کیسے کمی کرے گا کہ اپنی مخلوقات میں سے سب سے افضل و اعلیٰ ہستی کو یہی سرعت و قوت عطا کرے جب یہ سرعت و قوت اس نے اس نور (روشنی) کو دیدی جس سے ابصار (آنکھیں) ہدایت پاتی ہیں۔ تو وہی سرعت و قوت اس نور (صلی اللہ علیہ وسلم) کو کیوں عطا نہ کرے گا جو بصائر (بصیرتیں اور دل کی آنکھیں) کو ہدایت بخشتی ہے؟

آج کل ریڈیو اور ٹیلیفون آواز اور گفتگو کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔ یہ بتاتے ہیں کہ معراج کا واقعہ غلط نہیں ہے اور ان سے وہ تمام مسافتیں اور دوریاں سمٹ ہو جاتی ہیں جنہیں ان لوگوں نے اپنے انکار کی بنیاد ٹھہرایا ہے۔

الغرض معراج کے متعلق شبہات حقیقت میں اللہ تعالیٰ کی قدرت پر شبہات ہیں اور صرف انہی لوگوں کے دلوں میں پائے جاتے ہیں جو حقیقی قادر مختار اور "فعّال لّما یرید" معبود کا انکار کرتے ہیں۔

موجود ہیں۔ اگر آج کل کی یورپین ایجادات کا ذکر قرآن میں، یا خدائے تعالےٰ کی نازل کردہ کسی دوسری کتاب میں آجاتا تو مجھے یقین ہے کہ جاہل لوگ ضرور کہتے کہ یہ چیزیں تو قطعی محال ہیں۔ آج جس قدر وہ اسرأ اور معراج کی تکذیب و انکار کرتے ہیں ان سے کہیں بڑھ کر انکار وہ ان ایجادات کا کرتے۔

جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں کہ ہمارا مخالفین کو جواب دینے کا طریقہ وہ نہیں ہے جسے بہت سے لوگ اختیار کرتے ہیں یعنی یہ کہ ہم ان کے سامنے اس چیز کے ثابت کرنے کی کوشش کریں جس میں وہ ہم سے مخالفت کرتے ہیں۔ یہ طریقہ، جیسا کہ ہم پہلے بتا چکے ہیں سراسر بے نتیجہ اور لاحاصل ہے اور اس سے ایمان کی نصرت اور کفر کی سرکوبی نہیں ہوتی۔ اس کے برعکس بحث کا مناسب طریقہ یہ ہے کہ ہر چیز سے پہلے ہم مخالفین کے سامنے اس ذات بے ہمتا کے وجود پر دلائل قائم کریں جو "جو چاہتا ہے" کہہ دیتا ہے اور وہ ہو جاتی ہے اور جس پر کوئی چیز غالب نہیں آتی اور اس کی راہ میں کوئی مزاحمت پیدا نہیں کرتی۔ جب مخالفین اس چیز کا اعتراف کریں گے تو ان کے لئے دین پر اور دین کے لائے ہوئے ایسے امور پر ایمان لانے کی راہ میں رکاوٹ حائل نہ ہوگی جن میں زبردست عقلیں چکرا

اردگرد کی چیزوں پر سوچ بچار کرے جنہوں نے اسے نقصانات سے محفوظ رکھا۔ غور کرے کہ وہ ان چیزوں کے درمیان کیسے صحیح سالم اور محفوظ باقی رہا اور اپنے فرائض اور ذمہ داریاں نہایت عمدہ طریق سے ادا کرتا رہا۔ اس کے بعد اس کام پر غور کرے جس کے لئے اسے پیدا کیا گیا ہے اور جو اس کی زندگی کا مقصد ہے اور یہ بھی سوچے کہ اگر اس کی پیدائش اس کے برعکس ہوتی تو یہ سارا نظام بھی الٹا ہو جاتا اور پھر کیسے زندگی بسر ہوتی۔ میں کہتا ہوں کہ انسان ——— خواہ وہ پرلے درجے کا کند ذہن اور غبی ہی کیوں نہ ہو ——— جب اس چیز پر غور کرے گا تو یہ اس کے لئے خواہ وہ بے علم ہو یا عالم، تعلیم یافتہ ہو یا ان پڑھ اس بات کی کافی دلیل ہوگی کہ ایک قادر مختار ہستی ہے۔ جسے کوئی چیز عاجز نہیں کر سکتی۔ وہ اس عضو کو معراج اور اسراء اور دوسرے تمام معجزات سے زیادہ تعجب خیز خیال کرے گا۔ لیکن حقیقت یہی ہے جو ہم اوپر بیان کر چکے ہیں۔ یعنی جب ایک چیز کو دیکھنا کثرت سے ہوتا ہے تو اس سے سامان عبرت حاصل کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

آج کل مغربی ممالک نے جو عجیب و غریب ایجادات و اختراعات کی ہیں وہ تقریباً معراج کے محال قرار دینے کے خیال کو ختم کر دیتی ہے حالانکہ جن چیزوں پر وہ قائم ہیں اور جن پر ان کا دارومدار ہے وہ سب

اور خوامخواہ ہوتے ہیں۔ لیکن یہی چیز بادشاہوں کے بادشاہ اللہ
رب العالمین کے لئے نہیں تسلیم کی جاتی۔

جاتی ہیں ۔ ورنہ اگر ہم یہ ثابت کر دیں کہ یہ امر جسے لیکر دین اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم آئے "معجزہ نہیں ہے بلکہ یہ اس عالم طبعی کا عام دستور ہے جو انبیاء اور غیر انبیاء سب کو حاصل ہو سکتا ہے ۔ تو کیا یہ چیز ان کے سامنے ایمان اور رسالت پر دلیل ہو گی ؟ ہرگز نہیں آپ پر ایمان ، ایمان پر اطمینان اور دین کے بتائے ہوئے امور کے بارے میں جو بھی شبہات کئے جائیں آپ کو چاہیئے کہ ان کا مقابلہ اسی طرح کریں ۔ آپ کو جان لینا چاہیئے کہ تمام مذاہب کی بنیاد خوارق اور خوارق کے ایمان پر ہے ۔ ہر مذہب یہ بتاتا ہے کہ انسان ——— جو اشرف المخلوقات ہے ——— خوارق وعجائب کا ایک سلسلہ ہے ۔ چناں چہ اس کی ابتدا آدم و حوا علیہما السلام کی پیدائش سے ہوئی ہو سراسر ایک معجزہ اور خوارق تھا ۔ اور اس کی انتہا یہ ہے کہ موت کے بعد اسے دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائے گا اور پھر جنت یا دوزخ میں بغیر مرے اور جیئے باقی رہے گا ۔ یہ بھی سراسر خارق اور معجزہ ہے لہذا ایمان کے لئے ضروری ہے اور اس چیز پر ایمان لایا جائے کہ اللہ تعالیٰ وہی کرتا ہے جو وہ چاہتا اور پسند کرتا ہے ۔ حیرت کا مقام ہے کہ دنیا کے ہر بادشاہ اور غیر بادشاہ کے افعال میں عام احکام و حالات سے بعض مستثنیٰ احکام

پاس جاکر کرتے ہیں اور جن سے ذوق سلیم، عقل اور دین کا دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ جب اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کو پکارا حالانکہ وہ کافر تھے تو ہم کیسے مومن مردوں کو نہ پکاریں، اور جب مردے سنتے ہیں تو سننے والے کو پکارنے میں کسی کو کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ اسی پر بس نہیں بلکہ انہوں نے اولیاء اور غیر اولیاء کے مزاروں پر مختلف قسم کی خرافات ایجاد کر لی ہیں۔ عمارتیں اور رقبے بنا ڈالے ہیں۔ انہوں نے بہت سے ایسے غلط قسم کے اوہام ایجاد کر ڈالے جنہوں نے دین اور اہل دین کو بدنام کر کے رکھ دیا اور جنہوں نے دشمنان خدا کو موقع دیا کہ وہ توحید عقل اور ذوق سلیم والے دین پر نکتہ چینی اور اعتراضات کریں۔ حقیقت یہ ہے کہ ان بدعات کا ——— جیسا کہ اہل فکر جانتے ہیں ——— آج کل کے مسلمان نوجوانوں کو الحاد کی طرف دھکیلنے میں بڑا دخل ہے۔ وہ دراصل ان لوگوں سے نفرت کرتے اور مذہب کو اختیار کرنے سے انکار کرتے ہیں جو مردوں سے ڈرنے اور ان سے امیدیں وابستہ رکھنے کی دعوت دیتا ہو حالانکہ ان کو دین کی کوئی سمجھ اور بصیرت حاصل نہیں ہوتی۔ قبر پرست جو کچھ خرافات کرتے ہیں دراصل یہ نوجوان اسی کو دین سمجھتے ہیں۔

ہم کامل تحقیق اور اجماع کی بنا پر یہ جانتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین اور ان کے بعد آنے والے آئمہ دین نے مردوں

# مخاطبۃ الاموات

## (مردوں سے خطاب)

بخاری و مسلم میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ بدر کے روز حکم دیا جس کی تعمیل کرتے ہوئے صحابہ کرام نے قریش کے چوبیس سرداروں کو بدر کے ایک کنویں میں دبا دیا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کنویں پر کھڑے ہو کر سرداروں کے نام اور ان کے باپ دادا کے نام لے کر پکارنے لگے۔ کہ ہمارے ساتھ اللہ نے جو فتح و نصرت کے وعدے کئے تھے سچ کر دکھائے تم بتاؤ کہ تمہارے ساتھ عذاب اور گرفت کے وعدے بھی پورے ہوئے؟ عمر بن الخطاب نے کہا کیا آپ ایسے جسموں سے مخاطب ہیں جو بے جان ہیں، اس پکار پر ان کے جسم کچھ بولے اور نہ دیکھا فرمایا مجھے اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جو چیز میں کہتا ہوں اسے تم اتنا نہیں سنتے جتنا کہ یہ سنتے ہیں۔"

جن لوگوں کی نشوونما بدعات اور خرافات میں ہوئی ہے انہوں نے اس واقعہ سے اپنی بدعات پر امید اور خوف سے مردوں کے پاس پناہ ڈھونڈھنے پر اور ان تمام محدثات پر استدلال کیا ہے جنہیں وہ قبروں کے

اب اگر ہم مردوں کے ذریعے توسل و تقرب تلاش کرنے کو باطل قرار دینے کی کوشش کریں تو گویا اپنے آپ کو بدنام کر لیں گے۔ اور دوسرے لوگوں کو اپنے اوپر ہنسنے کا موقعہ دیں گے۔ ہماری حالت بعینہٖ اس شخص کی سی ہوگی جو یہ ثابت کر رہا ہو کہ سورج چاند سے زیادہ روشن ہے اور ۲ + ۲ = ۴ ہوتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود ہم پر اسے غلط ثابت کرنا ضروری ہے۔ اس لئے کہ اس زمانہ میں تقریباً تمام لوگ توسل کے فتنہ میں پڑے ہوئے ہیں۔ ہر ایک آدمی نے اسی میں نشوونما پائی ہے۔ اور ہر بچے نے اسی میں آنکھ کھولی ہے۔ یہاں تک کہ لوگ اسے دین و ایمان کا جزء سمجھنے لگے ہیں۔ یہ چیز لوگوں کی عادت میں داخل ہو چکی ہے۔ اور آپ جانتے ہیں کہ عادت کا عقیدہ میں بہت گہرا اثر ہوتا ہے ورنہ اس چیز میں کس کا اختلاف ہے کہ مردوں سے قرب حاصل کرنے اور ان سے سعادت و مدد طلب کرنا جہالت اور ضلالت ہے؟

کون کہتا ہے کہ اسلام جیسا توحید کا علمبردار دین ان گندگیوں کو جائز قرار دیتا ہے۔ جو اس وقت دین اور دینداری کے نام سے موالد کی محفلوں اور بچہ پیدا ہونے والے گھروں میں اور بہت سے دوسرے موقعوں پر کی جاتی ہیں؟ کون ہے جسے اللہ نے معمولی عقل، حق پرستی اور صداقت پسندی عطا فرمائی ہو اور وہ کہتا ہو کہ دین اسلام نے اپنے اتنے

کو پکارتے تھے نہ کسی مصیبت میں ان کی طرف پناہ لینے کے لیے دوڑتے تھے۔ ہم ان میں سے کسی ایک کو نہیں بتا سکتے جس نے کبھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے پاس جا کر التجا کی ہو کہ آپ اس کی مصیبت کو ٹال دیں، اس کی دولت میں اضافہ کر دیں، اسے ہدایت عطا فرمائیں یا اس سے تنگ دستی دور کر دیں۔ اس چیز کا قطعاً ثبوت نہیں ملتا کہ کسی صحابی، تابعی یا کسی امام نے وہ کام کئے ہوں جو یہ لوگ آج کل بہت سے مقامات پر کرتے ہیں۔ مثلاً طواف، مستقل قیام، بوسہ لینا، خشوع و خضوع، توسل، فروتنی اور سراغلندی و انکساری وغیرہ۔ اللہ تعالیٰ کے قرآن و حدیث کے نازل کرنے کا مقصد ہی یہی تھا کہ اس قسم کی تمام چیزوں کو ختم کر دیا جائے۔ ان کا وجود صفحہ ہستی سے حرف غلط کی طرح مٹا دیا جائے۔ قرآن اور حدیث میں آپ کو کوئی چیز ایسی نہ ملے گی جو اس قسم کی چیزوں کا پتہ دیتی ہو یا انہیں جائز و حلال قرار دیتی ہو۔ ——— خواہ اشارۃً یا صراحۃً۔ بلکہ پورا قرآن ایسی ہی چیزوں سے روکنے اور ان کے ارتکاب پر سخت وعید سنانے سے بھرا ہوا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ اگر مردوں کو پکارنا اور ان کے ذریعہ خدا کا تقرب حاصل کرنا اللہ کا بتایا ہوا دین ہوتا تو صحابہ کرام اور بعد میں آنے والے آئمہ اس میں ہرگز کوتاہی نہ کرتے۔ اب جو شخص بھی ایسا خیال کرتا ہے وہ گویا اولین مسلمانوں پر اتہام لگاتا ہے۔

ایسے دلائل دیدیتے ہیں جن کا کچھ حصہ ایک انصاف پسند انسان کے اطمینان کے لئے کافی ہوگا، اسے معلوم ہو جائے گا کہ اس توسل کا دراصل دین سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

اس وقت ہم اس طرف اسی قدر بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ان کفار قریش کے پکارنے سے جنہیں کنویں میں گرا دیا گیا تھا اس سے زیادہ ہرگز معلوم نہیں ہوتا کہ عالم روحانی کا وجود ہے۔ یہ عالم عالم جسمانی سے الگ ہے اور وہ بعض اوقات خطاب اور پکار کو سن لیتا ہے آج کل روحوں کو حاضر کرنے والے اس چیز کو ثابت کرتے ہیں۔ لیکن عالم روحانی کا وجود اور اس کا بعض اوقات پکار کو سن لینا ان متوسلین کو یہ نہیں بتاتا کہ اس کے ذریعے مدد طلب کرنا اور اس کے لئے دعا کرنا جائز ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ عالم ارواح کے وجود کے لئے ضروری نہیں ہے کہ وہ ہر پکارنے والے کی پکار کو سنے جب سن لے تو جس چیز کا اس سے مطالبہ ہو اس کی تعمیل پر قادر ہو نہ اسے اجازت ہو کہ جو کوئی پکارے اس کی فریاد پوری کر دے۔ اور ہمارے لئے اجازت ہو کہ ہم اس سے فریاد کریں ان تمام چیزوں سے لازم نہیں آتا کہ مردوں سے مدد طلب کرنا مباح اور جائز ہے۔ اور اس میں سے کوئی چیز بھی ممنوع نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس فعل سے دین اور دنیا میں خرابیاں اور بربادیاں پھیلتی ہیں اور

والوں کے لیئے جائز قرار دیا ہے کہ مردوں سے نوکری دلانے۔ شادی کرانے، مقدمہ میں گواہی دینے اور دینی یا دنیاوی معاملات میں مشکلات دور کرنے کی دعا کریں؟ جیسا کہ ہم آج ان صالحین کرام کی قبروں پر دیکھ رہے ہیں۔ (رضی اللہ عنہم)؟ کون ایسا مسلمان ہے جو کہتا ہو کہ یہ چیز عین اسلام ہے کہ موحد مسلمان مٹی اور ریت میں لیٹے ہوئے مردہ کے سامنے ہاتھ پھیلا کر، دل میں خشوع وخضوع پیدا کر کے، اعضا کو ڈھیلا کر کے اور رغبت وخوف اور فروتنی کا مجسمہ بن کر کھڑا ہو جائے اور نہایت درد بھرے لہجہ میں پکارے "اے فلاں ..... ! مدد — اے فلاں .... !! مدد" ؟ ہرگز نہیں۔ بلاشبہ دین اسلام ایسی چیزوں سے یکسر پاک و بالا تر ہے اور ان کی شدت سے تردید کرتا ہے۔

اب کون عقل مند مسلمان ایسا ہوتا ہے جو اس توسل کو ——— جسے عام لوگ اپنائے ہوئے ہیں یا اس موجودہ پھیلی ہوئی بت پرستی کو جائز قرار دے؟ ہم بحمد اللہ کہہ سکتے ہیں کہ اس زمانہ میں یہ خرافات کم ہونا شروع ہو گئی ہیں۔ اور ان کا سوائے چند ناقابل ذکر اور ناقابل توجہ لوگوں کے کوئی رکھوالا و مددگار باقی نہیں رہا۔ والحمد للہ علی ذلک

ہم نے اپنی تمام کتابوں میں اس توسل کے باطل ہونے پر عقلی و نقلی دلائل کا ذکر کیا ہے۔ اور صرف قرآن و حدیث، اجماع اور قیاس ہی سے

توسل نہیں ڈھونڈا۔ اور جن آئمہ کرامؒ نے اس حدیث کو روایت کیا ان میں سے کسی نے اس سے استدلال کر کے کسی مردہ کے ذریعے توسل حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی۔ یہ بھی پہلو سے امت کا اجماع ہے جسے رد نہیں کیا جا سکتا۔

اگر دعا کے لئے توسل لازمی ہوتا تو پھر مردہ کافروں کے ذریعے بھی توسل جائز ہوتا۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان مردہ کافروں کو پکارا تھا جنہیں کنویں میں پھینک دیا گیا تھا۔ لیکن کوئی عقلمند ایسا جائز نہیں سمجھتا اور آجکل روحوں کو حاضر کرنے والے ——— اور مخالفین کے تمام دلائل انہی کے اقوال سے ہوتے ہیں ——— کہتے ہیں کہ روحیں بعض ایسے احکام کے ماتحت مقید ہیں جن سے نکلنا ان کے لئے ممکن نہیں ہے۔ انہیں اجازت نہیں ہے کہ جو چاہیں کر لیں۔ اور جو شخص انہیں پکارے اس کا جواب دے دیں۔ انہیں پکارنا اور ان سے سوال کرنا ان پر ظلم و ستم اور ایذا رسانی ہے۔ کیونکہ وہ وہاں کے امور میں اسقدر مشغول ہوتی ہیں کہ یہاں کے امور میں دھیان نہیں کر سکتیں۔

اور جس چیز سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ روحوں کو پکارنا جائز نہیں ہے ——— خواہ وہ روحیں جواب دینے کی قدرت ہی کیوں نہ رکھتی ہوں ——— وہ یہ ہے کہ روحوں کے حاضر کرنے والے کہتے ہیں کہ ہم تو ہی

اس سے لوگ مردوں کو ان کی حقیقت سے بلند سمجھنے لگتے ہیں۔ جیسا آجکل ہم اپنی آنکھوں سے یہی منظر دیکھ رہے ہیں۔ یہ توسل ڈھونڈنے والے حضرات مردوں سے ایسی ایسی چیزیں طلب کرتے ہیں جن پر وہ زندہ ہوتے کی حالت میں بھی قادر نہ تھے۔ اور جن پر سوائے اللہ رب العالمین کے کوئی قدرت رکھتا ہی نہیں۔ وہ انہیں متبرک و مقدس خیال کرتے ہیں، ان کی تعظیم و تکریم کرتے ہیں۔ اور ان سے ڈرتے اور امیدیں وابستہ رکھتے ہیں جتنی عاجزی اور انکساری وہ ان مردہ جسموں کے سامنے کرتے ہیں اتنی قطعاً اللہ رب العالمین کے روبرو نماز اور مناجات میں نہیں کرتے۔ بلاشبہ یہی چیز عبادت کا اصل مقصود، خلاصہ اور لب لباب ہے جس کا رخ اللہ رب العالمین کے سوا کسی مخلوق کی طرف پھیرنا ہرگز جائز نہیں ہے خواہ وہ مخلوق مردہ ہو یا زندہ۔ حاضر ہو یا غائب۔ آپ پر ہمارے اس بیان کی وضاحت اس چیز سے ہو سکتی ہے کہ ہمارے لئے فرشتوں اور جنوں کو پکارنا قطعاً جائز نہیں ہے حالانکہ فرشتے اور جن زندہ ہیں اور انسان اور اس کی روح کی نسبت زیادہ قدرت رکھنے والے ہیں کسی مسلمان اور کسی عقلمند نے ان سے دعا نہیں کی اور جن صحابہ کرامؓ نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو قریش کے مردوں کو پکارتے سنا انہوں نے بھی اس سے یہ نہیں سمجھا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی موت کے بعد آپ کے ذریعے

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

(یونس آخر)

اور اللہ کے سوا کسی ایسی چیز کو نہ پکارو جو نہ تمہیں نفع پہنچا سکتی ہے اور نہ نقصان اگر تم نے ایسا کیا تو بے انصافوں میں سے ہو جاؤ گے۔

اور فرمایا

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ (الاحقاف ۱)

اور ان لوگوں سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو اللہ کے سوا کسی ایسے شخص کو پکارتے ہیں جو ان کی دعا کو قیامت کے دن تک قبول نہیں کر سکتا۔ اور وہ ان کی دعا سے غافل ہے

کیا ان لوگوں کے لیئے توسل کے باطل ہونے پر یہ دلیل کافی نہیں ہے کہ ان کے توسل کے لیئے بہت سی ایسی گمراہیاں اور برائیاں ناگزیر ہیں۔ جن کا سب اعتراف کرتے ہیں اور شر کا نتیجہ شر ہی ہو سکتا ہے۔

یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ ان توسل ڈھونڈھنے والوں کا دعوے اور ہے اور بس دلیل سے اپنے اس دعوے پر استدلال کرتے ہیں وہ اور! دونوں کا آپس میں کوئی تعلق نہیں ہے۔ ان کا دعوے تو یہ ہے کہ مردوں سے سوال کرنا، ان سے امیدیں وابستہ رکھنا، ان سے پناہ ڈھونڈنا۔ اور اسی طرح دوسری بدعات کو بجا لانا سراسر حق اور دین کا جز ہے۔ لیکن

اور عظیم الشان روحوں کو حاضر نہیں کر سکتے چنانچہ ان میں اتنی قدرت نہیں ہے کہ انبیاء اور مقدسوں کی روحوں کو حاضر کر سکیں۔ آخر ایسا کیوں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہر انسان میں روحوں کو پکارنے اور انہیں حاضر کرنے کی صلاحیت نہیں ہوتی۔

اور ہماری رائے میں جن روحوں کو یہ لوگ پکارتے اور ان سے گفتگو کرتے ہیں۔ وہ گمراہ کن شیطان ہوتے ہیں۔ نہ کہ ان لوگوں کی روحیں جن سے وہ گفتگو کرنا چاہتے ہیں۔ یہ چیز ہر اس شخص پر واضح اور نمایاں ہے جو ذرا بھی سمجھ بوجھ رکھتا ہے۔ اس سے ہمیں دو فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

(۱) شریر روحوں یعنی شیاطین کا وجود ہے۔ اس سے مذاہب کی تصدیق اور انکار و الحاد کرنے والوں کی تکذیب ہوتی ہے۔

(۲) اس سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ روحوں کو پکارنا اور انہیں حاضر کرنا گمراہی ہے یہی وجہ ہے کہ شیاطین جواب دیتے ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ شیاطین گمراہ کرنے والے ہیں۔ اور ان کا مقصد سوائے خرابی پیدا کرنے کے کچھ نہیں ہے۔

پھر کیا ان لوگوں کو اپنی دعاؤں پکار کے باطل ہونے کا پتہ اس چیز سے نہیں چلتا کہ وہ خواہ کتنا ہی دعا کیئے جائیں۔ ان کی دعا سنی نہیں جاتی۔ اور اسے قبول نہیں کیا جاتا۔ قرآن صریح الفاظ میں کہتا ہے۔

ہوتے تھے۔ اور وہ آپ کے خطاب کو سنتے اور جواب دیتے تھے۔ کیا اس خطاب اور سننے سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ یہ پتھر اور حیوان ہمیشہ سنتے ہیں لہٰذا ان کے ذریعہ توسل کرنا اور ان سے فریاد طلب کرنا جائز ہے؟ صحابہ کرام رضی میں یہ چیز اس قدر واضح تھی کہ حضرت عائشہ رضؓ نے اسی بنا پر مردوں سے خطاب والی" حدیث کا انکار کر دیا اور اس کے راوی کو وہمی قرار دیا حالانکہ وہ نہایت ہی ثقہ راوی تھا۔ انہوں نے استدلال قرآن کی اس آیت سے کیا اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى (اے نبی تم مردوں کو نہیں سنا سکتے) حضرت عائشہ کے اس انکار اور استدلال کو بخاری نے روایت کیا ہے۔ صحابہ کرام اور مسلمانوں میں سے کسی نے بھی عائشہ کے اس استدلال کا انکار نہیں کیا۔ اپنے پروردگار کی قسم کھا کر مجھے بتلا دیجئے کہ اگر اس زمانہ میں مردوں کو پکارنے کا عام رواج ہوتا جیسا کہ آج کل ہے تو کیا اس کا حضرت عائشہ پر مخفی رہنا ممکن تھا؟ اور کیا صحابہ و تابعین اس سے بے خبر تھے کہ انہوں نے اس کے ذریعے حضرت عائشہ کے استدلال کو رد نہیں کیا؟

اَلْحَقُّ اِنَّ الْاَمْرَ وَاضِحٌ

اس دعوے پر وہ جس حدیث سے استدلال کرتے ہیں اس میں اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ مردے بعض اوقات سنتے ہیں۔ اور ان کی روحیں ہی ہوتی ہیں۔ درحقیقت اسی حدیث سے ان کی تردید ہو جاتی ہے۔ کیونکہ حدیث کہتی ہے کہ وہ سنتے ہیں لیکن جواب نہیں دیتے ——— اگر یہ لوگ عقل رکھتے ہیں تو سوچیں کہ جو شخص جواب نہیں دے سکتا (یعنی دعا کو قبول نہیں کر سکتا) اس سے دعا کیسے کی جائے گی؟

الغرض حدیث کے متعلق قول فیصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کفار میں سننے کی قوت پیدا کر دی تھی۔ اور وہ اس طرح کہ اس گھڑی اللہ تعالیٰ نے ان میں ان کی روحوں کو لوٹا دیا تھا تاکہ وہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پکار کو سنیں جس میں آپ نے انہیں ملامت و سرزنش کی، حسرت دلائی اور انتقام لیا۔ یہ اللہ کا اختیار ہے کہ جو معجزہ چاہے اپنے رسول کے لئے پیدا کر دے۔ بہرحال اس کی حکمت کو کوئی رد کرنے والا نہیں اور نہ اس کی مرضی میں کوئی رکاوٹ ڈالنے والا ہے۔ چنانچہ صحیح بخاری میں قتادہؓ سے جو ایک بہت بڑے تابعی امام ہیں، روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا "اللہ تعالیٰ نے اس گھڑی ان مردوں کو زندہ کر دیا تھا تاکہ ملامت و سرزنش کی جائے اور حسرت دلائی جائے۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم بہت سے پتھروں اور حیوانوں سے مخاطب

بھاگتے ہو" مسلم میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک کافی بڑا وفد بیعت کے لیئے آرہا تھا۔ اور اس میں ایک کوڑھی بھی تھا۔ آپ نے فرمایا ٹوٹ جاؤ ہم نے تم سے بیعت کرلی۔ بخاری و مسلم میں ہے کہ آنحضورؐ نے فرمایا "جب تم سنو کہ فلاں جگہ طاعون کی بیماری پھیلی ہوئی ہے تو وہاں مت جاؤ اور جب تم کسی ایسی جگہ موجود ہو جہاں بیماری پھیلی ہوئی ہے تو وہاں سے باہر نہ نکلو"

ان تمام احادیث سے چھوت کا ہونا ثابت ہوتا ہے۔

**روزمرہ کے مشاہدات:** لوگ ہمیشہ دیکھتے ہیں کہ اگر ایک تندرست آدمی بیمار آدمی سے ملتا جلتا رہے تو اسے بھی وہ بیماری پہنچ جاتی ہے خصوصاً خارش، کوڑھ اور بخار کی بعض قسمیں بہت جلد ایک جسم سے دوسرے جسم کو پہنچتی ہیں۔

**ڈاکٹری تجربہ:** جملہ قدیم و جدید ڈاکٹروں اور طبیبوں کا متفقہ فیصلہ ہے۔ کہ چھوت کا وجود ہے اور ہر ڈاکٹر تندرست آدمیوں کو مریض کے پاس رہنے سے روکتا ہے۔

**اجماع علماء السلام:** بخاری و مسلم میں روایت ہے کہ ایک دفعہ حضرت عمرؓ ملک شام کی طرف سفر کو رہے تھے اور آپ کے ہمراہ مہاجرین و انصار کی بہت بڑی جماعت تھی۔ ابھی راستہ ہی میں تھے کہ معلوم

# حدیث لاعدوی

## (چھوت چھات نہیں ہے)

بخاری و مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَاعَدْوٰی وَلَاطِیَرَۃَ وَلَاھَامَۃَ — نہ چھوت ہے، نہ بدشگونی ہے، نہ ہامہ

وَلَاصَفَرَ — (مشہور پرندہ) ہے اور نہ ماہ صفر ہے

یہ حدیث ابوہریرہؓ کے علاوہ دوسری صحیح احادیث سے بھی ثابت ہے

چھوت سے مراد ہے بیماری کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہو جانا۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کے ہونے میں شک نہیں کیا جا سکتا نص صریح، روزمرہ کے مشاہدات، ڈاکٹری اور اہل علم کے اجماع سب اس کے ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔ چنانچہ۔

**نص صریح:۔** بخاری و مسلم میں ابوہریرہؓ ہی سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی بیمار اونٹ والا تندرست اونٹ والے کے پاس نہ آئے۔ (تاکہ چھوت نہ ہو جائے) بخاری میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوڑھی سے اس طرح بھاگو جس طرح شیر سے

یا نہ ہونے سے متعلق نہ تھا۔ بلکہ اس بارے میں تھا کہ آیا چھوت سے بھاگتے ہوئے واپس لوٹا جائے یا اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے اپنے سفر کو جاری رکھا جائے۔

اس کے علاوہ خوردبین سے بہت سی بیماریوں کا سبب یہ ظاہر ہوا ہے کہ بہت سے نہایت ہی چھوٹے جانور جسم میں داخل ہو کر اس میں زہر چھوڑ دیتے ہیں۔ جس کا نتیجہ بیماری کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ یہ حیوانات چھونے اور قریب ہونے سے ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہو جاتے ہیں۔

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول "لَا عَدْوٰی" کے معنی کیا ہیں؟

جواب: اس کے دو جواب دیئے جا سکتے ہیں۔

(۱) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا عَدْوٰی (کوئی چھوت چھات نہیں ہے) کہہ کر چھوت سے منع کیا ہے نہ کہ اس کی نفی فرمائی تھی۔ یعنی تم میں سے کوئی آدمی مریض سے نہ چھوئے۔ اپنے آپ کو خواہ مخواہ بیماری کے لئے پیش نہ کرو۔ بلکہ اس کی جگہ سے بچو۔ اسی کی نظیر یہ آیت ہے۔

فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا — پھر جو آدمی ان مہینوں میں اپنے آپ پر
رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ — حج فرض کرے تو حج میں کوئی بیہودہ

ہوا کہ ملک شام میں وبا پھوٹ چکی ہے۔ حضرت عمرؓ نے اپنے ساتھیوں سے مشورہ طلب کیا کہ آیا اس صورت میں ہمیں واپس لوٹ جانا چاہیئے یا اپنا سفر جاری رکھنا چاہیئے؟ ایک گروہ نے کہا "جب آپ ایک مقصد کے لئے نکل ہی چکے ہیں تو ہمیں واپس لوٹنے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی" دوسرے گروہ نے کہا "آپ کے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے باقی ماندہ اصحاب ہیں اس لئے ہمارا خیال ہے کہ آپ انہیں لے کر وبا میں داخل نہ ہوں (کیونکہ اس طرح وبا کا قطعاً خاتمہ ہو جائے گا) اس کے بعد حضرت عمرؓ نے واپسی کے لئے نوٹ شروع کر دیا۔ ابو عبیدہؓ نے کہا "یہ کیا ہے۔ کیا اللہ کی تقدیر سے بھاگ رہے ہو؟" حضرت عمرؓ نے کہا "اگر یہی الفاظ تمہارے علاوہ کسی اور نے کہے ہوتے تو تعجب نہ تھا۔ افسوس کہ تم اس قدر سمجھدار اور ذی علم ہونے کے باوجود ایسے الفاظ اپنی زبان سے نکال رہے ہو۔ ہاں ہم اللہ کی تقدیر سے اللہ کی تقدیر ہی کی طرف بھاگ رہے ہیں۔ اچھا فرض کرو کہ تم کسی ایسی وادی میں اترتے ہو جہاں دو کنارے ہوں ایک خشک و بے آب و گیاہ اور دوسرا سرسبز شاداب۔ اگر تم اپنے جانوروں کو سرسبز کنارے میں چراتے ہو تو بھی اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے اور اگر خشک کنارے میں چراتے ہو تو بھی اللہ کی تقدیر سے۔

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرامؓ میں [illegible] چھوت کے ہونے

مراد چھوت کی نفی ہو۔

(۲) آنحضورؐ نے لاعدویٰ کہہ کر دراصل چھوت چھات کے اس طریقہ کی نفی کی ہے جیسے لوگ زمانۂ جاہلیت میں کیا کرتے تھے۔ لوگ چھوت چھات اور بدشگونی کے معاملہ میں اس قدر بڑھے ہوئے تھے اور اس قدر وہم پرستی ان میں موجود تھی کہ وہ مریضوں کی زیارت نہ کرتے تھے اور نہ کبھی ان کے پاس کھڑے ہوتے تھے۔ محض وہم اور بدشگونی کے باعث وہ نہایت ضروری اور ایسے ایسے سفروں سے رک جاتے تھے جن کے جانے کا انہوں نے مصمم ارادہ کیا ہوتا۔ آج بھی بعض معاشرے علم و فضل حضرات موجود ہیں جو اس قسم کی وہم پرستیوں میں مبتلا ہیں۔ اس کا ان کی صحت اور جسم پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ سوکھ کر نہایت نحیف و لاغر ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب کوئی تندرست آدمی بھی ان سے مصافحہ کرنا چاہتا ہے تو نہیں کرتے لیکن اگر بہت زیادہ اصرار کیا جائے تو صرف انگلیوں کے شروع حصہ سے مصافحہ کرتے ہیں۔ اور پھر بھی فوراً ہاتھ کھینچ لیتے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ اگر اس میں چھوت کی بیماری ہو تو وہ ہمیں لاحق ہو جائے۔ ان لوگوں کا خیال ہے کہ مریض سے ملنا اور اس کی زیارت کرنا صحیح نہیں ہے۔ لیکن جب ان سے کہا جاتا ہے کہ شریعت نے مریض کی زیارت پر نہایت زور دیا ہے اور اسے ایک مستحسن فعل

فِي الْحَجِّ (بقرہ ۲۵۱) گندہ اور کوئی جھگڑا نہیں ہے۔

مطلب یہ ہے کہ ان میں سے کوئی چیز بھی تم سے سرزد نہ ہونی چاہیے اسی طرح آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ نہ خود نقصان پہنچانا ہے اور نہ دوسروں سے

یعنی تم سے یہ چیز سرزد نہ ہونی چاہیئے۔ اسی طرح فرمایا۔

لَا صَلٰوۃَ بَعْدَ صَلٰوۃِ الْعَصْرِ عصر کی نماز کے بعد سورج کے غروب ہو
حَتّٰی تَغْرُبَ الشَّمْسُ وَلَا صَلٰوۃَ جانے تک کوئی نماز نہیں ہے۔ اسی طرح فجر
بَعْدَ صَلٰوۃِ الْفَجْرِ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ کی نماز کے بعد سورج کے طلوع ہونے تک
کوئی نماز نہیں ہے۔

مقصد یہ ہے کہ تم میں سے کوئی شخص ان دو وقتوں میں نماز نہ پڑھے اس جواب کا صحیح ہونا خود اسی حدیث سے ثابت ہوتا ہے کیونکہ لَا عَدْوٰی کے بعد فرمایا لَا طِیَرَۃَ (کوئی بدشگونی نہیں ہے) مطلب یہ ہے کہ بدشگونی تم سے واقع نہ ہونی چاہیئے۔ اس کے معنے یہ نہیں ہیں۔ کہ بدشگونی لوگوں میں قطعاً تھی ہی نہیں۔ اسی طرح فرمایا "لَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ" (کوئی ہامہ ــــ ایک مشہور پرندہ۔ اور کوئی ماہ صفر نہیں ہے)۔ مقصد یہ ہے کہ ہامہ اور صفر پر تم اعتقاد نہ رکھو۔ جیسا کہ جاہلیت میں لوگ ان پر اعتقاد رکھتے تھے۔ یہ کسی طرح ممکن نہیں ہے کہ "لَا عَدْوٰی" سے

کہ جس دوستی و شفاعت کی مندرجہ بالا آیت میں نفی کی گئی ہے، اس سے مراد مطلقاً دوستی و شفاعت نہیں بلکہ وہ دوستی و شفاعت مقصود ہے۔ جسے کافر و جاہل لوگ اپنے لئے سمجھتے تھے۔ دوسری جگہ فرمایا۔ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْہِ وَلَا خِلٰلٌ (قبل اس کے کہ وہ دن آجائے جس میں نہ کوئی خرید و فروخت ہے اور نہ دوستیاں) فَلَا اَنْسَابَ بَیْنَھُمْ یَوْمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوْنَ (غرض اس دن نہ ان کے درمیان حسب و نسب ہوگا اور نہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے پوچھیں گے) مَا لَکُمْ مِّنْ دُوْنِہٖ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ۔ (تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی کارساز و مددگار نہیں ہے۔

ان تمام آیات میں دراصل مشرکین کے دعووں کی نفی کی گئی ہے۔ اسی طرح آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین الاعمال بالنیات میں بھی دراصل جاہل اور غلو کرنے والوں کے غلو کی نفی کی گئی ہے۔ اس سے بھی قریب تر معنی آپ ہر روز سنتے ہیں۔ جب کوئی کہنے والا کہتا ہے آج مسلمانوں میں خیر کثیر موجود ہے، ان کی قوت و سطوت بے پناہ ہے۔ اور ان میں علماء اور اہل فلسفہ پیدا ہوتے ہیں، تو آپ اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ ان میں سے کوئی بھی چیز مسلمانوں میں موجود نہیں ہے۔ اس کہنے سے آپ کی مراد مطلق طور

قرار دیا ہے۔ تو کہتے ہیں کہ جب کوئی آدمی کسی مریض کی عیادت کو جائے تو ضروری ہے کہ اس کے پاس ہی نہ پہنچ جائے۔ بلکہ کچھ فاصلہ پر ٹھہر کر اشارہ ہی سے سلام کر دے اور واپس لوٹ آئے۔ ——— حقیقت میں اس قسم کی وہم پرستی سے آدمی اسی طرح مریض کی زیارت کو ضرر رسان سمجھنے لگتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ڈاکٹر صاحبان لوگوں کو خوف اور بدشگونی میں اس طرح کے مبالغہ سے منع کرتے ہیں۔

الغرض حدیث سے جس چھوت چھات کی نفی ہوتی ہے اس سے مراد چھوت چھات کی یہ قسم ہے۔ مطلقاً چھوت چھات سے ہرگز منع نہیں کیا گیا۔ اس کی مثال قرآن کی یہ آیت ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ وَالْكَافِرُونَ هُمُ الظَّالِمُونَ (بقرہ ۳۴)

اے ایمان والو! ہم نے تمہیں جو چیزیں بخشی ہیں۔ ان میں سے خرچ کرو۔ قبل اس کے کہ وہ دن آ پہونچے جس میں نہ کوئی خرید و فروخت ہے اور نہ کوئی دوستی اور نہ ہی سفارش۔ کافر ہی بے انصاف ہیں۔

قرآن کی متعدد آیات اور آنحضور کی لاتعداد احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس دن دوستی اور شفاعت ایک جائز طریقہ پر ہوگی۔ حالانکہ اس آیت میں دونوں کی نفی کی گئی ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ ہم مانیں

# اَلْفِتَنُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ

## مشرق کی طرف سے فتنوں کا اٹھنا

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم منبر کے پاس کھڑے ہوئے اور فرمایا "اَلْفِتْنَةُ هٰهُنَا، اَلْفِتْنَةُ هٰهُنَا مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ" (فتنہ یہاں ہے، فتنہ یہاں ہے، جہاں سے کہ شیطان کا سینگ طلوع ہوتا ہے) یا آپ نے فرمایا "جہاں سے کہ سورج کا سینگ (قَرْنُ الشَّمْسِ) طلوع ہوتا ہے" ——— عبداللہ بن عمرؓ ہی سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مشرق کی طرف رُخ کئے کھڑے تھے کہ آپؐ نے فرمایا "سنو! فتنہ یہاں ہے جہاں سے کہ شیطان کا سینگ طلوع ہوتا ہے" ——— ان دونوں حدیثوں کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ ہی سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے شام میں برکت دے اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے یمن میں برکت دے" صحابہؓ نے عرض کیا "یا رسول اللہ! اور ہمارے نجد میں؟" فرمایا "اے اللہ! ہمارے

پر ان تمام پیشہ وروں کی نفی کرنا نہیں ہوتی۔ بلکہ دراصل اس بیماری
کی تردید مقصود ہوتی ہے۔ جو کہنے والا اپنے الفاظ میں کرتا ہے۔
ان معانی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جملہ فرامین متفق ہیں۔ اور یہ جدید
طبی نظریات کے عین مطابق ہے۔

جو شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب ؒ کی سرپرستی میں نجد سے شروع ہوئی
یہ اہل غرض لوگ خیال کرتے اور لوگوں پر ظاہر کرتے ہیں کہ ان احادیث
میں دراصل زلزلے اور فتنے کہہ کر اس دعوت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے
جس کا نصب العین ہے کہ

(الف) تمام بنی نوع انسان کے لئے ضروری ہے کہ وہ صرف اپنے خالق کی
طرف رجوع کریں۔ اس کے سوا کسی دوسری ہستی پر بھروسہ و اعتبار نہ کریں
خواہ وہ نبی ہو یا اس کے علاوہ کوئی اور۔ اپنی زندگی میں صرف انہی ذرائع
کو استعمال کریں جو جائز ہیں۔ اور جن کی شریعت نے اجازت دی ہو جب
وہ ایسا کریں گے تو اپنے پروردگار اللہ کی طرف پلٹ آئیں گے۔ اور اس کے
ساتھ کسی کو نہ پکاریں گے۔"

(ب) "انسان کے لئے اللہ رب العالمین کے سوا کوئی مسلک و مذہب نہیں
ہے۔ تمام مسلمانوں پر لازم ہے کہ اپنی زندگی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو
اپنا اسوہ قرار دیں۔ صحابہ کرام رضؓ اور صرف انہیں لوگوں کے نقش قدم پر
چلیں جنہوں نے نہایت عمدگی سے ان کی پیروی کی۔ دین میں کوئی زیادتی
یا کمی نہیں کی اور کوئی من بھاتی بدعتیں اور اختراعات نہیں گڑھیں"

(ج) "مسلمانوں پر واجب ہے کہ اپنے اعتقاد اور عمل میں وہاں فوراً رک
جائیں۔ جہاں قرآن رک جائے اور جہاں رسول کی سنت ٹھہر جائے کسی

شام میں برکت دے۔ اے اللہ! ہمارے یمن میں برکت دے۔" صحابہؓ نے عرض کیا "یا رسول اللہ! اور ہمارے نجد میں؟" میرا خیال ہے کہ حضور نے تیسری بار فرمایا "یہاں زلزلے اور فتنے ہیں اور یہاں شیطان کا سینگ طلوع ہوگا" ——— اس حدیث کو بخاری نے روایت کیا ہے اور مسلم کی روایت میں ہے کہ سالم بن عبداللہ بن عمرؓ نے کہا "اے اہل عراق! نہ میں تم سے کسی چھوٹے کام کے لیئے سوال کرتا ہوں اور نہ تمہیں کسی بڑی مہم کے لیئے آمادہ کرتا ہوں۔ میں نے اپنے والد محترم عبداللہ بن عمرؓ سے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "فتنہ یہاں سے آئے گا۔ (اور آپ نے مشرق کی طرف ہاتھ کا اشارہ کیا) اور فرمایا "جہاں سے کہ شیطان کا سینگ طلوع ہوتا ہے" ——— اور آج تمہاری حالت کیا ہے؟ تمہارا بعض بعض کی گردن مار رہا ہے حضرت موسےٰ نے غلطی سے قبطی کو قتل کر دیا تھا۔ پھر بھی اللہ رب العالمین نے ان سے کہا۔

وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُونًا (طٰہٰ ۲)

اے موسیٰؑ! یاد کرو کہ تم نے ایک جان کو (بے گناہ) قتل کر دیا تھا۔ لیکن ہم نے تمہیں غم سے نجات دی اور تمہیں اچھی طرح آزمایا

بہت سے غرض مند اور ہوا پرست جن کا معرفت اور انصاف میں بہت کم حصہ ہے ان احادیث پر اعتماد کر کے اس دعوت سلفیہ کو بدنام کرنے میں

ہم صرف اسی بیان پر اکتفا کرتے ہیں جسے مشہور ترین شارح حدیث نے صحیح ترین حدیث کی کتاب کی شرح میں ذکر کیا ہے یعنی حافظ ابن حجر العسقلانی جو اپنے عہد میں مصر کے قاضی قضاۃ تھے اور جو اپنے زمانہ میں حدیث کے فن اور روایت کے لحاظ سے بے نظیر عالم تھے۔ ہمارے علم کے مطابق کسی نے بخاری کی شرح ان سے بڑھکر نہیں لکھی۔ اور جہاں تک ہمارے علم و واقفیت کا تعلق ہے ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان کے بعد بھی آج تک کوئی ایسی شخصیت پیدا نہیں ہوئی جو روایت کے علم میں ان کے ساتھ ساتھ یا کم از کم قریب قریب چلا ہو۔ چنانچہ وہ اپنی کتاب "فتح الباری شرح صحیح البخاری" کے جزء ۶ صفحہ ۲۲۰ پر مشرق کی طرف سے کفر کا اٹھنا" کا تذکرہ کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"اور اس میں مجوسیوں کے سخت کفر کی طرف اشارہ ہے اس لئے کہ اہل فارس اور ان کے ماتحت عربوں کی سلطنت مدینہ سے مشرق میں واقع تھی۔ اور ان میں نہایت ہی قوت، غلبہ، تکبر، گھمنڈ اور تعدی پائی جاتی تھی۔ یہاں تک کہ ان کے بادشاہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خط کو پھاڑ ڈالا۔ اور مشرق کی جانب سے فتنے ہمیشہ سر اٹھاتے رہے ہیں۔ جیسا کہ ان کا بیان واضح طور پر "کتاب الفتن" میں آئے گا۔"

اس کے کتاب الفتن، جزء ۱۳ میں حدیث "اِنِّیْ لَاَرٰی الْفِتَنَ تَقَعُ خِلَالَ بُیُوْتِکُمْ کَوَقْعِ الْقَطْرِ" (میں فتنوں کو تمہارے گھروں میں بارش کی طرح گرتا

قسم کا تساہل اور تغافل نہ کریں۔ ورنہ غفلت و بے اعتنائی برتیں۔ ناگزیر ہے کہ مسلمان اسلام کی حدود کو اس کے احکام کو، اور اس کی سزاؤں کو دنیا میں قائم و نافذ کریں۔ خواہ ایسا کرنے میں سارا شرق ان کے خون کا پیاسا ہو جائے مغرب کی دشمنی انہیں مول لینا پڑے، تمام لوگ ان سے الگ ہو جائیں۔ اور چاہے لوگوں میں سے کوئی انسان بھی قرآنی اصولوں کو نہ اپنائے۔"

(د) اسلام کے لئے ناممکن ہے کہ اپنی پہلی شان و شوکت، غلبہ اور باہم عروج پر آجائے۔ اور اسی طرح دنیا میں ایک تحریک کی شکل میں رونما ہو تاوقتیکہ خود مسلمان کتاب الٰہی اور سنت رسول پر پوری طرح کاربند نہ ہوں۔"

ہاں ان لوگوں نے گمان کیا اور بعض فریب خوردہ انسانوں کو وہم دلایا کہ ان احادیث میں اس جماعت کی اور اس کی اس اصلاح کی مذمت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جسے لے کر وہ ظاہر ہوئی اور جس کا تمام اہل فکر شکریہ بجالائے۔ اور مشرق و مغرب میں اس کی تعریف کی گئی۔

اب ہم اس جگہ بیان کریں گے کہ احادیث کی شرح کرنے والے علماء نے ان احادیث کی کیا تفسیر کی ہے تاکہ جویانِ حق کو حق مل جائے۔ اس کے بعد بھی ایک ہٹ دھرمی کرنے والا اپنی ہٹ دھرمی پر قائم رہے، اکڑنے والا اکڑ جائے اور غضبناک ہونے والا ..... غضبناک ہو جائے تو اس کا وبال ہم پر نہ ہوگا۔

ہوئے۔ جسے شیطان بہت پسند کرتا ہے۔ اسی طرح بدعات کی ابتداء بھی اسی سمت سے ہوئی ہے۔ خطابی کہتے ہیں "نجد مشرق کی سمت میں ہے۔ اور جو شخص مدینہ میں ہوگا اس کا نجد عراق کا یا اس کے قرب وجوار کا حصہ ہوگا اور عراق اہل مدینہ کے مشرق میں ہے۔" دراصل نجد ہر اس زمین کو کہتے ہیں جو زمین کی عام سطح سے بلند ہو۔ اور "غور" اس کا الٹ ہے کیونکہ "غور" ہر اس زمین کو کہتے ہیں جو زمین کی عام سطح سے پست ہو۔ اور سارا تہامہ "غور" ہے اور مکہ "تہامہ کا ایک حصہ ہے"۔ ——— اس سے داؤدی کی غلطی بھی ظاہر ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ "نجد عراق کا حصہ ہے" دراصل انہوں نے خیال کیا ہے کہ نجد ایک مخصوص جگہ کا نام ہے۔ حالانکہ یسا نہیں ہے بلکہ ہر وہ چیز جو اپنے پاس والی چیز کی نسبت سے بلند ہو وہ نجد ہے۔ ہر بلند چیز کا نام "نجد" اور ہر پست چیز کا نام "غور" ہے۔

اس کے بعد حمد کہتے ہیں"

جب ہم فتنہ کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہم عراق کو مدینہ کے شمال مشرق میں پاتے ہیں۔ اور اسی طرح ایران کو بھی۔ اب جب ہم ان فتنوں کی تاریخ پڑھتے ہیں۔ جو صدر اسلام میں یعنی دو خلفاء عثمانؓ و علیؓ اور ان دونوں کے بعد کے امراء و خلفاء کے زمانہ میں رونما ہوئے تو ہم پر بالکل واضح ہو جاتا ہے کہ یہ تمام فتنے نجد کے علاوہ دوسرے ملکوں میں تھے اور

ہوا دیکھ رہا ہوں) نقل کرنے کے بعد رقم طراز ہیں۔

"یہ حدیث خاص مدینہ ہی کے لئے تھی اس لئے کہ حضرت عثمانؓ کا قتل اسی شہر میں ہوا تھا۔ پھر اس کے بعد فتنے تمام باقی شہروں میں پھیل گئے۔ چنانچہ جنگ جمل اور صفین کا سبب حضرت عثمانؓ ہی کی شہادت تھی۔ اور اس کے بعد جنگ نہروان کی وجہ صفین میں حکم معین کرنا تھی۔ الغرض اس زمانہ میں جو جنگ بھی واقع ہوئی اس کی وجہ یا تو حضرت عثمانؓ کی شہادت تھی۔ یا کوئی ایسی چیز جو اسی قتل کا نتیجہ ہو۔ پھر حضرت عثمان رضؓ کی شہادت کا سب سے بڑا سبب ان کے گورنروں پر اور خود ان پر نکتہ چینی تھی۔ کیونکہ انہوں نے ہی ان کو مقرر کیا تھا۔ سب سے پہلا ملک جہاں یہ فتنہ رونما ہوا عراق تھا اور سب جانتے ہیں کہ عراق مدینہ کے مشرق میں ہے لہذا اس باب کی حدیث اور حدیث اِنَّ الْفِتَنَ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ (فتنے مشرق سے ہونگے) میں کوئی ٹکراؤ یا تضاد نہیں ہے۔"

اس کے بعد جز ۱۳ ہی کے صفحہ ۳۶ پر فرماتے ہیں۔

"اس زمانہ میں اہل مشرق پوری طرح کفر میں پڑے ہوئے تھے۔ لہذا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتنے اسی جانب سے رونما ہوں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا جیسا کہ آپ نے فرمایا۔ سب سے پہلے رونما ہونے والا فتنہ مشرق ہی کی جانب سے تھا۔ اسی فتنہ سے مسلمانوں میں فرقے بننا شروع

سکتا ہے جسے عدل و انصاف کا کوئی پاس نہ ہو۔ یہ یاد رہے کہ عام طور
فتنہ کا لفظ جنگوں اور لڑائیوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ نہ کہ
طائفہ اور فاسد عقیدوں کے لئے۔ اگر ہم یہ تسلیم بھی کریں کہ یہ حدیث
اشارہ نجد ہی کی طرف ہے۔ اور ان کا مطلب یہ ہے کہ یہ ملک فتنوں
جنگوں کا گھر ہے۔ تو اس سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ عقیدہ جسے دعوت
سلفیہ پھیلا رہی ہے باطل اور ضلالت ہے اس سے صرف اتنا معلوم ہوتا
ہے کہ اس ملک میں بعض خاص واقعات اور خانہ جنگیاں نمودار ہوں گی۔ اور
اس میں کسی کو شک نہیں۔ اس سے ہمیں اختلاف نہیں ہے۔ ہم مانتے
ہیں کہ نجد میں مسلمانوں کے درمیان بعض ایسی جنگیں برپا ہوئی ہیں جنہیں
خدا اور اس کا دین بلکہ خود نجدی باشندے پسند نہیں کرتے مثلاً دولت
اور اس کے بھائیوں کے درمیان خانہ جنگی ہوئی۔ یہاں تک کہ سلطان
عبدالعزیزؒ نے اسے ختم کر دیا اور انہیں ہنس ہنس کر کے ان کی اینٹ
سے اینٹ بجادی۔ لیکن ہم پوچھتے ہیں کہ دنیا میں وہ کون ملک ہے جو
اس قسم کی خانہ جنگیوں سے بالکل محفوظ رہا ہے؟ بخاری و مسلم میں اسامہ
بن زیدؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے قلعوں پر
ہے ایک قلعہ میں جھانکا۔ اور پوچھا کیا جو میں دیکھتا ہوں تمہیں نظر آتا ہے
صحابہ نے عرض کی "نہیں" فرمایا "میں فتنہ کو تمہارے گھروں میں بارش کی

نجد کا ان سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ ان سب کی نشو و نما عراق، شام، مصر اور فارس میں ہوئی۔ اس سے بڑھکر کونسا فتنہ ہو سکتا ہے کہ خلفاء اسلام عمر، عثمان اور علی رضی اللہ عنہم کو شہید کیا گیا اور حضرت علیؓ اور معاویہؓ، علیؓ اور خوارج اور علیؓ اور حضرت عائشہؓ کے درمیان جنگ کا بازار گرم ہوا۔ لیکن یاد رہے کہ نجد کا ان فتنوں میں قطعاً کوئی حصہ نہیں تھا۔ اور اس نے اپنا ہاتھ ان میں کسی فتنے کے خون سے نہیں رنگا۔ اسی طرح جب ہم اس زمانہ سے لے کر آج تک کی تاریخ پر غور کرتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ نجد میں ہرگز اتنے فتنے اور زلزلے رونما نہیں ہوئے جتنے مصر، عراق، شام اور دوسرے ملکوں میں رونما ہوئے لہٰذا کسی ہٹ دھرمی کو نیوا کے لئے ممکن نہیں ہے کہ اپنی ہٹ دھرمی پہ بدستور قرار رہے۔

اب ہم فرض کرتے ہیں کہ نجد کی موجودہ "دعوت سلیفیہ" ضلالت اور باطل ہے لیکن سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس کا نام "فتنے اور زلزلے" رکھنا زیادہ مناسب تھا۔ یا الحاد، مادہ پرستی، فسق و فجور، بے حیائی اور بے پردگی جو آج تمام مسلمان ملکوں میں پھیلی ہوئی ہے۔

کیا یہ ممکن ہے کہ مذکورہ احادیث کو خاص نجد ہی کے لئے فرض کر لیا جائے۔ اور ان تمام ممالک کا اس سے کوئی سروکار نہ ہو جو سر سے پاؤں تک ان گندگیوں اور بیماریوں میں ڈوبے ہوئے ہیں؟ ایسا صرف وہی

مشرک تھے۔ بلکہ آپ کی وفات کے بعد بھی لوگوں کے ایک گروہ نے کفر کیا اور مسیلمہ کذاب کا اتباع کیا۔ لیکن یہ مخالفین جس عقیدہ سے انتقام لینا چاہتے ہیں۔ وہ شیخ محمد بن عبدالوہابؒ کی دعوت ہے۔ حالانکہ یہ دعوت نجد میں آج سے صرف تقریباً دو سو سال پہلے پائی گئی۔ اور اس سے پہلے نجد کے لوگ بھی دوسرے ملکوں کی مانند شرک و جہالت میں مبتلا تھے اس وقت اور اس حال میں وہ ان مخالفین کے نزدیک ہدایت و رشد پر تھے۔ ان میں کسی قسم کا کوئی فتنہ اور زلزلہ نہ تھا بلکہ وہ حقیقی معنوں میں موحد اور ہدایت یافتہ تھے۔ زیادہ سے زیادہ یہ احادیث اتنا بتاتی ہیں کہ ان میں سے ایک گروہ گمراہ ہوگا۔ ہمیں اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے اب یہ ان مخالفین کا کام ہے کہ اس چیز کی دلیل پیش کریں کہ نجد کی موجودہ تحریک ضلالت اور فتنہ ہے۔ لیکن دلیل آخر۔ یہ گے کہاں سے ان کے لیئے یہ بھی ضروری ہے کہ دلیل سے ثابت کریں کہ جو بدعات اور خرافات اس تحریک کے خلاف ہیں۔ وہ ضلالت و گمراہی اور خرافات نہیں ہیں۔

بعض اہل سیرت بیان کرتے ہیں ——— بشرطیکہ روایت صحیح ہو ——— کہ جب مکہ کے مشرکین دارالندوہ میں جمع ہوئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معاملہ کو نبٹایا جائے۔ اور آپ کی دعوت سے خلاصی حاصل کرتے

طرح گزتا دیکھ رہا ہوں"۔۔۔۔۔۔ پس جب کسی شہر میں فتنوں کا ہونا اس شہر کے عقیدے کے باطل ہونے پر دلیل ہے تو اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل مدینہ کے عقاید اس وقت بھی فساد سے خالی نہ تھے۔ جبکہ اس میں ہر طرف اسلام ہی اسلام کا چرچا تھا (نعوذ باللہ من ذلک)

علاوہ ازیں ہم بلاشبہ کہہ سکتے ہیں کہ دنیا میں کوئی ایسا شہر نہیں ہے جس میں فتنے نہ نکلے اور شیاطین موجود نہ ہوں تو کیا اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دنیا کے تمام لوگ باطل عقائد رکھتے ہیں۔ تمام شہروں اور ملکوں کے متعلق ایسے ایسے قبیح امور اور ناپسندیدہ عقاید بیان کئے جاتے ہیں۔ جو ہرگز نجد میں نہیں پائے گئے۔ کیا نجد میں وہ چیزیں پائی گئی ہیں جو اس کے علاوہ دوسرے ملکوں میں پائی گئیں؟ وہ کہاں تھا جس نے "اَنَا دَبُّکُمُ الْاَعْلٰی" کا نعرہ لگایا تھا اور لوگوں نے "سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا" کہہ کر اس کی تعظیم و تکریم کی تھی؟

علاوہ ازیں اگر یہ احادیث کسی ملک کے غلط عقاید کی دلیل ہیں تو ان سے یہ ہرگز معلوم نہیں ہوتا کہ یہ غلط عقیدہ کبھی زائل نہ ہوگا۔ اور لوگ کبھی اس سے نجات نہ پائیں گے۔ احادیث سے محض اس کے موجود ہونے کا پتہ چلتا ہے سو اس میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔ چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے دوسرے لوگوں کی طرح نجد کے رہنے والے بھی

ساتھ اجلاس برخاست ہوا۔

اس واقعہ کو بہت سے جاہل دلیل بیان کرتے ہیں۔ وہ اس سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ شیطان کا نجدی بزرگ کی شکل میں آنا اس بات کی دلیل ہے کہ اہل نجد کے عقائد انتہائی خراب و غلط ہوتے ہیں۔ حالانکہ ایسا استدلال کرنا سراسر جہالت اور دوسروں کو اپنے اوپر ہنسنے کا موقعہ دینا ہے۔ واقعہ سے اس کے خلاف یہ معلوم ہوتا ہے کہ قریش ——— اور وہ وہ لوگ تھے جنہیں ہم اہل حل و عقد، اہل تدبیر اور صحیح الرائے سمجھتے ہیں۔ اور جو اس زمانہ میں فہم و فراست، تیز فہمی، صحت فکر اور سلامتی رائے میں بے نظیر تھے۔ نجدی لوگوں کو اپنا راہ نما اور لیڈر، ریاست دان اور دینی امور میں پیشوا تسلیم کرتے تھے۔ اور ان کی سیاست دانی کا لوہا مانتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنے اجلاس میں اس وقت شیطان کو بھی داخل کر لیا جبکہ اس نے اپنے آپ کو نجد کی طرف منسوب کیا۔ اور اپنے نجدی ہونے کا دعوے کیا حالانکہ یہ اجلاس وہ تھا جس میں قریش کے لیڈروں اور چوٹی کے سیاست دانوں کے سوا کوئی داخل نہیں ہو سکتا تھا۔ یہی نہیں بلکہ انہوں نے اسی کے قول کو قول اور اسی کی رائے کو رائے تسلیم کیا۔ اس واقعہ سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ شیطان نجدیوں کے ناخن تدبیر کو پہچانتا اور جانتا تھا کہ قریش بھی اسے پہچانتے ہیں۔ یہ نجدیوں کی انتہائی تعظیم اور تعریف و ستائش ہے حالانکہ ان لوگوں نے اس کے خلاف گمان

کے لیے ایسی تدابیر سوچی جائیں جن سے آخرکار آپ کو شہید کر دیا جائے تو ان کے پاس شیطان ایک نہایت ہی بزرگ باعزت اور پرہیزگار آدمی کی شکل میں آیا اور کہنے لگا کہ وہ اہل نجد سے ہے اور ان کے پاس اس لیے آیا ہے کہ اس مشکل معاملہ میں جس میں قریش کے عقلمند سرداروں کی عقلوں کو بھی چکرا دیا ہے اپنی رائے کا اظہار کر سکے اور یہ مشکل معاملہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور آپ کی دعوت کا تھا مشرکین نے اسے مرحبا کہا اور اسے دار الندوہ میں بیٹھنے کی اجازت دے دی، اور وہ اس اجلاس میں صرف اسی شخص کو بیٹھنے کی اجازت دیتے تھے۔ جسے وہ نہایت ہی سمجھدار، اہل تدبیر، دور بین اور معقول رائے والا خیال کرتے تھے۔ اب وہ مختلف تدبیریں سوچنے لگے اور نجدی شیخ ——— جیسا کہ وہ اپنے آپ کو ظاہر کرتا تھا ——— ان کی تمام تدابیر کو کمزور ظاہر کر کے ایک ایک کو رد کر دیتا تھا۔ لیکن آخری تدبیر کو اس نے کارگر قرار دیا اور وہ یہ تھی کہ قریش کے تمام قبیلوں میں ایک ایک بہادر، جنگجو اور تندرست جوان چن لیا جائے اور اسے ایک تیز دھاری تلوار دی جائے۔ اب تمام نوجوان اکٹھے ہو کر اپنی تلواروں کے ایک ہی وار سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کر دیں۔ اور پھر ان کے خون سے جو تمام قبیلوں میں بانٹ دیا جائے اس تدبیر کی سب نے متفقہ طور پر تائید کی۔ اور اسی کے پختہ ارادہ کے

اے عبد القادر! تم اپنی دینی سمجھ کی ہدایت میرے پیچھے سے لیتے نکلے ورنہ اس سے پہلے میں بہت سے عبادت گزاروں اور زاہدوں کو اسی طرح گمراہ کر چکا ہوں۔

واللہ اعلم بالصواب

کیا ہے۔ اگر شیطان یہ جانتا کہ اگر وہ اپنے آپ کو نجد کے علاوہ کسی اور ملک کی طرف منسوب کرے گا تو وہ اسے اجلاس میں داخل کر لیں گے۔ تو اسے اپنے آپ کو اس کی طرف منسوب کرنے میں رکاوٹ نہ تھی۔ لیکن شائد کہ اگر وہ ایسا کرتا تو اسے دھتکار دیتے۔

شیطان کسی صورت میں آتا اور کہتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں وہ لوگوں کو گمراہ کرنے اور دین کی راہ سے برگشتہ کرنے کے لئے ان علماء اور عبادت گذاروں کی شکل اختیار کرتا ہے۔ جو راہ نمائی اور دین میں مشہور ہوتے ہیں۔ کسی آدمی کے پاس آکر کہتا ہے میں اللہ ہوں اور میں تم پر فلاں فلاں چیزیں جو دوسرے لوگوں پر حرام ہیں حلال کرتا ہوں ——— تاکہ اس طرح اس کے دین اور عقل میں خرابی پیدا کی جائے۔ شیطان کے اپنے آپ کو بعض لوگوں یا بعض ملکوں کی طرف منسوب کرنے سے ان لوگوں اور ملکوں میں کوئی نقص نہیں آتا۔ بسا اوقات وہ صالحین یا ان لوگوں کی شکل میں آتا ہے۔ جنہیں وہ صالح خیال کرتا ہے۔ تاکہ اس طرح خدا کے بندوں کو دھوکہ دے کر گمراہ کر سکے۔ چنانچہ روایت ہے کہ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جو ایک مشہور صالح عالم تھے۔ شیطان آیا اور کہا "اے عبدالقادر میں رب العزت ہوں اور میں تمہارے لئے فلاں فلاں چیزیں جو دوسروں پر حرام ہیں حلال کرتا ہوں"۔ شیخ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا "بھاگ جا تو مردود شیطان ہے"۔ شیطان نے کہا

# تقویۃ الایمان

حضرت مولانا اسمٰعیل شہید کی شہرہ آفاق کتاب تقویۃ الایمان نئی تہذیب و تبویب کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت ادارہ اشاعۃ السنہ حاصل کر رہا ہے۔ ادارے نے بڑی محنت اور جانفشانی کے ساتھ مختلف نسخوں کی فراہمی ان کا تقابل، صحیح انتخاب، پھر ابواب و فصول اور ذیلی عنوانات قائم کر کے نامکمل احادیث کی تکمیل قرآن پاک کی آیات اور احادیث کے حوالے درج کر کے اس کتاب کی افادیت کو دہ چند زیادہ کر دیا ہے۔

مولانا غلام رسول مہر نے ایک مختصر مگر جامع مقدمہ کا اضافہ کر کے حضرت شہید علیہ الرحمۃ کی مقدس اور قابل رشک زندگی پر روشنی ڈال کر اور کتاب کے بعض خصائص آشکارا کر کے اس کی موجود اشاعت کو اس سے پہلے کی تمام اشاعتوں سے برتر و ممتاز کر دیا ہے۔

ادارہ اشاعۃ السنہ شیش محل روڈ۔ لاہور